



فهرست بلوغ المرام

فهرست بلوغ المرام



* بسم اللہ الرحمن الرحیم *

حامدا و مصلیا و مسلما

حدیث * نام وہ کہتے ہیں اُس کام کا جو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا یا کہا یا آنحضرت کے سامھنے کسی نے کیا اور آپ نے منع نفرمایا * آثار صحابہ یا تابعی * نام رکھے ہیں اُس کام کا جو اُنھوں نے کیا یا کہا یا اُنکے سامھنے کسی نے کیا اور اُنھوں نے منع نکیا * مرفوع * نام اُس حدیث کا ہی جسکی سند سلسلے کے ساتھہ آنحضرت تک لگی ہو * موقوف * نام اُس حدیث کا ہی جسکی سند صحابی تک پہنچی ہو اگرچہ وہ قول پیغمبری کا ہو * مقطوع * نام اُسکا ہی جسکی سند تابعی تک پہنچی ہو * مخرج * نام اُسکا جسنے حدیث یا آثار کو ایک طریق یعنے سلسلے کے ساتھہ اپنی کتاب میں مذکور کیا راوی * حدیث کے ناقل کو کہتے ہیں * متصل * اُس حدیث کو کہتے ہیں کہ جسکا راوی کوئی کم نہو * معلق * اُسے کہتے ہیں

جسکے ایک راوی یا زیادہ مخرج کیطرف سے مذکور نہوں * مرسل *
وہ حدیث جسکے اول راوی یعنے اصحاب کا نام کم ہو * معضل وہ کہ
بیچ سے دو تین راوی کم ہوں * منقطع وہ کہ بیچ سے ایک مثلاً ہوئی کم
ہو یا دو تین لیکن اِسطرح کہ ایک مذکور دوسرا کم دوسرا مذکور تیسرا
کم اور ایک قسم اُسی منقطع کی مدلّس ہی جسے راوی نے اپنے
استاد کا نام چھوڑکر اُسکے استاد کا نام لیا مگر ایسے ڈھب سے
کہ سُننے والے کو یہہ گمان ہو کہ جسکا نام لیتا ہی اُسی سے سُنا ہی *
مضطرب اُسے کہتے ہیں کہ اُس حدیث کے راوی کا نام اُلٹ پلٹ
بیان ہو یا راوی دوسرا ہی اور بھول کر دوسرے کا نام کہدیا یا حدیث کے
لفظ میں کچھ کم و زیادہ کر دیا بھول کر * مدرّج اُسے کہتے ہیں کہ
راوی اپنے کلام کو کسی مصلحت کے واسطے حدیث میں لے آیا *
معنعن * وہ حدیث ہی کہ جسکی روایت میں لکھتے ہیں عن فلاں عن فلاں *
مسند * اُس حدیث کو کہتے ہیں جو مرفوع بھی ہو اور متصل بھی اور
ضعیف کا نام مردود ہی جب دو حدیثیں قوی اور ضعیف مضمون میں مخالفت
رکھتی ہوں اگر دونو قوی ہوں اور مضمون میں مخالف اُسمیں جو ترجیح
رکھتی ہی اُسے محفوظ کہتے ہیں اور دوسری کو شاذ اگر دونوں
ضعیف ہوں اُسمیں جو ترجیح رکھتی ہی اُسے * معروف * کہتے
ہیں اور دوسری کو منکر * اور اگر دو حدیثیں مضمون میں موافق

ہون پھر اگر دونون دو صحابی سے مروی ہون تو ایک دوسرے کا
شاہد ہی اور اگر ایک صحابی سے مروی ہون تو ایک کو دوسری کے
تابع کہتے ہین اور اگر لفظ اور معنی دونون مین موافق ہون تو ایک
کو دوسری کا * مثلہ کہتے ہین اور اگر صرف معنی مین موافقت ہو
تو * نحوہ * کہتے ہین * معلل اُس حدیث کو کہتے ہین کہ اُسکی صحت
دلیل سے باطل ہو جاوے اگرچہ شرطین جو صحت کی ہین وے پائی
جاوین * صحیح لذاتہ * اُس حدیث کو کہتے ہین جسکے راوی
عادل ہون اور ضبط خوب رکھتے ہون اور سند بھی برابر لگی ہو *
صحیح لغیرہ * اُسے کہتے ہین جسمین یہ سب شرطین ہون لیکن ذرہ
نقصان ہو اور وہ نقصان مٹ گیا ہو کئی طرق سے ثابت ہونے کے
سبب اور حسن لذاتہ * کہتے ہین اگر وہ نقصان نہ مٹا * اور حسن لغیرہ
ہی اگر راوی عادل نہون یا پورا یاد نہ رکھتے ہون یا راوی بیچ کے مذکور
اور بعضے نہین لیکن کئی طرق سے ہونے سے نقصان مٹا یا اور ضعیف ہی
نقصان نہ مٹا * مطعون * اُس حدیث ضعیف کو کہتے ہین کہ جسکی
عدالت اور ضبط پر طعن ہو طعن عدالت پر پانچ طرح کے ہین اول کذب
یعنے راوی نے جھوٹھ کہا حدیث مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہو حدیث
اُسکی موضوع ہی دوسرا اتہام بکذب یعنے جو لوگون مین جھوٹ
مشہور ہو حدیث اُسکی متروک ہی اور جو حدیث شرع کے قواعد

ضروری کے خلاف ہی اُسکو بھی متروک کہتے ہیں * تیسرا فسق یعنے راوی سے گناہ کا کام ہوا مگر عقاید مین داخل نہین چوتھی جہالت یعنے حدیث مذکور کرتا ہی لیکن بعضے راوی کے نام سے بے خبر ہی اُسس حدیث کو مبہم کہتے ہین * پانچوان بدعت یعنے خلاف سنت کام کرنا بات بنا کر صرف زور سے تو حدیث جو اُس سے روایت ہی وہ مردود ہی اور طعن ضبط پر پانچ طرح کے ہین ایک فرط غفلت یعنے سُننے مین غفلت بہت کی دوسری کثرت غلط یعنے روایت کرنے مین بہت سی غلطی کی تیسری مخالفت ثقات یعنے اسناد حدیث کی یا متن مخالف ثقات کے بیان کیا تو حدیث شاذ ہو جاوے گی چوتھی وہم مراد اُس سے بھولنا ہی راوی نے روایت توہم کی راہ سے کی اور معلل کہینگے اگر کسی محدث نے کوئی دلیل پیدا کر کے توہم کو باطل کر دیا پانچوین سوء حفظ یعنے کچھ یاد ہی اور کچھ بھول گیا ہی لیکن سہو غالب ہی یقین پر یا برابر اور شاذ کہینگے اگر ابتداء عمر سے اُسکا یہہ حال ہی اور مختلط کہینگے اگر بڑھاپے کے سبب یہہ حالت پیدا ہوئی حدیث متفق علیہ اُسے کہتے ہین کہ جسکو بخاری اور مسلم نے روایت کیا اور جن شرطون کی بخاری یا مسلم نے اپنی کتاب مین رعایت رکھی ہی اُن شرطون کے ساتھ دوسرے کی حدیث پائی جاوے تو اُسکی حدیث کو لکھتے ہین علی شرط بخاری یا علی شرط مسلم

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله على نعمه الظاهرة والباطنة قديما وحديثا

سب تعریف اللہ کو ہی اُسکی کھلی اور چھپی نعمتوں پر جو پُرانی ہیں اور نئی ہ

والصلوٰة والسلام على نبيه ورسوله محمد واله و

اور رحمت اور سلام اُسکے نبی اور رسول پر جو محمد ہیں اور اُسکے آل اور

صحبه الذين ساروا في نصرة دينه سيرا حثيثا وعلى

اصحاب پر جو سیر کر گئے اُسکے دین کی مدد میں جلدی کی سیر اور اُنکے

اتباعهم الذين ورثوا علمهم والعلماء ورثة

پیچھے چلنے والوں پر جو وارث ہوئے اُنکے علم کے اور عالم لوگ وارث ہیں

الانبياء اكرم بهم وارثا وموروثا اما بعد

نبیوں کے کیا بزرگ ہیں وے میراث پانیوالے اور میراث دینے [illegible] اور [illegible] بعد

فَهٰذَا مُخْتَصَرٌ يَشْتَمِلُ عَلٰى أُصُوْلِ الْأَدِلَّةِ الْحَدِيْثِيَّةِ

یہہ ایک مختصر ہی جو مشتمل ہی قاعدوں پر حدیث والی دلیلوں کے شرع

لِلْأَحْكَامِ الشَّرْعِيَّةِ حَرَّرْتُهُ تَحْرِيْرًا بَالِغًا لِيَصِيْرَ مَنْ

کے حکموں کے واسطے لکھا میں نے اِس مختصر کو کمال مبالغت سے تاکہ ہو جاوے جو

يَحْفَظُهُ مِنْ بَيْنِ أَقْرَانِهِ نَابِغًا وَيَسْتَعِيْنُ بِهِ الطَّالِبُ

یاد کرے اُسکو اپنے ساتھہ والوں میں ماہر اور مدد لے اُس سے طالب علم مبتدی

الْمُبْتَدِيْ وَلَا يَسْتَغْنِيْ عَنْهُ الرَّاغِبُ الْمُنْتَهِيْ

اور بے پروا نہ ہے اُس سے خواہش والا منتہی

وَقَدْ بَيَّنْتُ عَقِبَ كُلِّ حَدِيْثٍ مَنْ أَخْرَجَهُ مِنَ

اور بیان کر دیا میں نے ہر حدیث کے پیچھے جسنے نکالا ہی اُسکو اماموں

الْأَئِمَّةِ لِإِرَادَةِ نُصْحِ الْأُمَّةِ فَالْمُرَادُ بِالسَّبْعَةِ أَحْمَدُ

میں سے دین داروں کی خیرخواہی کے واسطے سو مراد ساتھ سے احمد

وَالْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ

اور بخاری اور مسلم اور ابوداؤد اور نسائی اور ترمذی

وَابْنُ مَاجَةَ وَبِالسِّتَّةِ مَنْ عَدَا أَحْمَدَ وَبِالْخَمْسَةِ مَنْ

اور ابن ماجہ ہیں اور چھہ سے جو سوا احمد کے ہیں اور پانچ سے

عَدَا الْبُخَارِيَّ وَمُسْلِمًا وَقَدْ أَقُوْلُ الْأَرْبَعَةُ وَأَحْمَدُ

سوا بخاری اور مسلم کے ہیں اور کبھی میں کہتا ہوں چار اور احمد

وَبِالْأَرْبَعَةِ مَنْ عَدَا الثَّلَاثَةَ الْأُوَلَ وَبِالثَّلَاثَةِ مَنْ

اور مراد چار سے جو سوا ہیں پہلے تین کے اور تین سے جو سوا ہیں

عَدَاهُمْ وَالْأَخِيرَ وَبِالْمُتَّفَقِ الْبُخَارِيَّ وَمُسْلِمَ

انکے اور پچھلے کے اور متفق سے بخاری اور مسلم مراد ہیں

وَقَدْ لَا أَذْكُرُ مَعَهُمَا غَيْرَهُمَا وَمَا عَدَا ذَلِكَ فَهُوَ

اور کبھی نہ ذکر کرونگا میں اُن دونوں کے ساتھ اُنکے غیر کو اور جو سوا اُسکے

مُبَيَّنٌ وَسَمَّيْتُهُ بُلُوغَ الْمَرَامِ مِنْ أَدِلَّةِ الْأَحْكَامِ وَاللّٰهَ

ہی سو وہ کھولا گیا ہے اور اُسکا نام رکھا بلوغ المرام من ادلۃ الاحکام اور اللہ ہی سے

أَسْأَلُ أَنْ لَا يَجْعَلَ مَا عَلِمْنَاهُ عَلَيْنَا وَبَالًا وَأَنْ يَرْزُقَنَا

سوال کرتا ہوں کہ نہ کرے اُسکو جو سیکھا ہمنے ہم پر وبال اور روزی کرے ہمکو

الْعَمَلَ بِمَا يَرْضَاهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى * كِتَابُ الطَّهَارَةِ

وہ عمل جس سے راضی ہو وہ جو پاک ذات ہی اور سب سے اوپر * کتاب طہارت کی

بَابُ الْمِيَاهِ * عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى

باب پانیوں کا * روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْبَحْرِ

عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حق میں دریا کے

هُوَ الطَّهُورُ مَاؤُهُ وَالْحِلُّ مَيْتَتُهُ أَخْرَجَهُ الْأَرْبَعَةُ

ل کرنے والا ہی پانی اُسکا اور حلال ہی مردہ اُسکا * نکالا اس حدیث کو چار نے

(٣) وابن أبي شيبة واللفظ له وصححه ابن خزيمة

اور ابی شیبہ کے بیٹے نے اور لفظ اسیکا ہی اور صحیح کہا اسکو ابن خزیمہ

والترمذي رواه مالك والشافعي وأحمد ٭ وعن

اور ترمذی نے روایت کیا اسکو مالک اور شافعی اور احمد نے ٭ اور

أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال قال

ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الماء طهور لا ينجسه

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی پاک کرنے والا ہی نہیں ناپاک کرتی اسکو

شيء أخرجه الثلاثة وصححه أحمد ٭ وعن أبي أمامة

کوئی چیز نکالا اسکو تین نے ٭ اور صحیح کہا اسکو احمد نے ٭ اور ابی امامہ

الباهلي رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى

باہلی رضی اللہ عنہ سے کہا اسنے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی

الله عليه وسلم إن الماء لا ينجسه شيء إلا ما غلب

اللہ علیہ وسلم نے کہ پانی نہیں نجس کرتا اسکو کچھ مگر جو غالب ہو

على ريحه وطعمه ولونه أخرجه ابن ماجة وضعفه

اسکی بو اور مزے اور رنگ پر نکالا اسکو ابن ماجہ نے اور ضعیف

أبو حاتم وللبيهقي الماء طهور إلا أن تغير

کہا اسکو ابو حاتم نے اور بیہقی کی روایت پانی پاک کرنے والا ہی مگر جو بدل جاوے

رِيحِهِ أَوْ طَعْمِهِ أَوْ لَوْنِهِ بِنَجَاسَةٍ تَحْدُثُ فِيهِ

اُسکی بو یا مزہ یا رنگ نجاست سے جو پیدا ہو اُس میں *

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ

اور عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا اُسنے کہ فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہو پانی دو قلہ

لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ وَفِي لَفْظٍ لَمْ يَنْجُسْ أَخْرَجَهُ

تو نہیں اٹھاتا پلیدی اور ایک لفظ میں نہیں نجس ہوتا نکالا اسکو

الْأَرْبَعَةُ وَصَحَّحَهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَابْنُ حِبَّانَ

چار نے اور صحیح کہا اُسکو ابن خزیمہ نے اور ابن حبان

وَالْحَاكِمُ • وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ

اور حاکم نے * اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَغْتَسِلُ أَحَدُكُمْ

فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ غسل کرے کوئی تم میں کا

فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ وَهُوَ جُنُبٌ أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ

بند پانی میں جب کہ وہ جنابت والا ہو نکالا اُسکو مسلم نے

وَلِلْبُخَارِيِّ لَا يَبُولَنَّ أَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ

اور بخاری کی روایت ہرگز نہ پیشاب کرے کوئی ایک تمہارا بند پانی میں

(٦) الَّذِي لَا يَجْرِي ثُمَّ يَغْتَسِلُ فِيهِ وَلِمُسْلِمٍ مِنْهُ

جو نہیں بہتا پھر غسل کرتا ہے اور مسلم کی ایک روایت میں ہے

وَلِأَبِي دَاوُدَ وَلَا يَغْتَسِلُ فِيهِ مِنَ الْجَنَابَةِ * وَعَنْ

اور روایت ابی داود کی اور نہ غسل کرے اسمیں جنابت سے * اور

رَجُلٍ صَحِبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَهَى رَسُولُ

ایک مرد سے جو ساتھ رہا تھا پیغمبر خدا صلعم کے کہا اسنے کہ منع کیا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تَغْتَسِلَ الْمَرْأَةُ بِفَضْلِ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ غسل کرے عورت بچے پانی سے

الرَّجُلِ أَوِ الرَّجُلُ بِفَضْلِ الْمَرْأَةِ وَلْيَغْتَرِفَا جَمِيعًا

مرد کے یا مرد بچے پانی سے عورت کے اور چاہیے کہ چلو سے لیویں دونوں

أَخْرَجَهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَإِسْنَادُهُ صَحِيحٌ

نکالا اسکو ابو داود اور نسائی نے اور اسناد اسکی صحیح ہے

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ

اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ تھے نبی

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْتَسِلُ بِفَضْلِ مَيْمُونَةَ رَضِيَ

صلی اللہ علیہ وسلم غسل کرتے بچے پانی سے میمونہ رضی

اللهُ عَنْهَا أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ وَلِأَصْحَابِ السُّنَنِ اغْتَسَلَ

اللہ عنہا کے نکالا اسکو مسلم نے اور سنن والوں کی روایت غسل کیا

(۴) مترجم کہتا ہے اکثر محدثین نے خصوصیت کی ہیں اور بیشتر اولی کی بعضے اصحاب رضی سمجھتے ہیں اسواسطے دو چار کا ضعیف بہتر ہے

(٧) بعض ازواج النبي صلى الله عليه وسلم في جفنة فجاء

کسی بی بی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بڑے کاسے میں پھر آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

ليغتسل منها فقالت له اني كنت جنبا فقال ان

کہ غسل کریں اُس سے سو وہ بولیں کہ میں جنب تھی تب فرمایا کہ

الماء لا يجنب صححه الترمذي وابن خزيمة

پانی نہیں جنب ہوتا صحیح کہا اسکو ترمذی اور ابن خزیمہ نے

وعن ابي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول

اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا

الله صلى الله عليه وسلم طهور اناء احدكم اذا ولغ

صلی اللہ علیہ وسلم نے پاک ہونا تمھارے کسی ایک کے برتن کا جب کہ پانی پی جاوے

فيه الكلب ان يغسله سبع مرات اولهن بالتراب

اسمیں کتا یہ ہی کہ دھووے اسکو سات مرتبہ پہلی بار مٹی سے

اخرجه مسلم وفي لفظ له فليرقه وللترمذي

نکالا اسکو مسلم نے اور ایک لفظ مسلم کا سو مٹی سے دھووے اور ترمذی کی

اخريهن او اولهن بالتراب ۔ وعن ابي قتادة

روایت پچھلی یا پہلی بار مٹی سے ۔ اور ابی قتادہ

رضي الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

رضی اللہ عنہ سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

(٨) فِي الْهِرَّةِ اِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجِسٍ اِنَّمَا هِيَ مِنَ الطَّوَّافِيْنَ

بلّی کے حق میں وہ نجس نہیں ہی ۳ سوا ے وہ پھیرا کرنیوالوں سے ہی

عَلَيْكُمْ اَخْرَجَهُ الْاَرْبَعَةُ وَصَحَّحَهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ

تم پر نکالا اِسکو چاروں نے اور صحیح کہا اُسے ترمذی اور ابن خزیمہ

خُزَيْمَةَ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ

نے * اور انس ابن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا آیا ایک گنوار

فَبَالَ فِي طَائِفَةِ الْمَسْجِدِ فَزَجَرَهُ النَّاسُ فَنَهَاهُمْ

سو پیشاب کیا کونے میں مسجد کے پھر جھڑکا اُسکو لوگوں نے سو منع کیا اُنکو

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَضَى بَوْلَهُ اَمَرَ النَّبِيُّ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سو جب اُسنے فراغت کی پیشاب سے تو حکم کیا نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَنُوبٍ مِنْ مَاءٍ فَاُهْرِيقَ عَلَيْهِ مُتَّفَقٌ

صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ڈول بھرے ہوئے پانی کا سو بہایا گیا اُس پر متفق

عَلَيْهِ * وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

علیہ ہی * اور ابن عمر رض سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ اُحِلَّتْ لَنَا مَيْتَتَانِ وَدَمَانِ فَاَمَّا الْمَيْتَتَانِ فَالْجَرَادُ

وسلم نے حلال ہوئے واسطے ہمارے دو مردے اور دو خون سو دو مردے تو ٹڈی ہی

وَالْحُوتُ وَاَمَّا الدَّمَانِ فَالْكَبِدُ وَالطِّحَالُ اَخْرَجَهُ

اور مچھلی اور دو خون سو تلّی ہی اور کلیجی نکالا اُسکو

أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيهِ ضَعْفٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

احمد اور ابن ماجہ نے اور اُسمیں ضعف ہی اور ابی ہریرہ سے

رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رضی اللہ عنہ کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب

إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي شَرَابِ أَحَدِكُمْ فَلْيَغْمِسْهُ

پڑے کھی پانی میں تمہارے کسی کے تو غوطہ دے اُسکو

ثُمَّ لِيَنْزِعْهُ فَإِنَّ فِي أَحَدِ جَنَاحَيْهِ دَاءً وَفِي الْآخَرِ

پھر نکال پھینکے اسلیے کہ اُسکے ایک بازو میں بیماری اور دوسرے میں

شِفَاءً أَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَزَادَ وَأَنَّهُ

شفا ہی نکالا اسے بخاری اور ابو داؤد نے اور زیادہ کیا اُسنے اور وہ

يَتَّقِي بِجَنَاحِهِ الَّذِي فِيهِ الدَّاءُ وَعَنْ أَبِي

دوکتی ہی اپنے اُس بازو سے جسمیں آزار ہی۔ اور ابی

وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ

واقد لیثی رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُطِعَ مِنَ الْبَهِيمَةِ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مگر جو کاٹا جاوے جانور سے

وَهِيَ حَيَّةٌ فَهُوَ مَيِّتٌ أَخْرَجَهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ

اور وہ زندہ ہو سو وہ مُردہ ہی نکالا اسکو ابو داؤد اور ترمذی نے

وَحَسَّنَهُ وَاللَّفْظُ لَهُ بَابُ الْاٰنِيَةِ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ
اور حسن کہا اسکو ترمذی نے اور لفظ اسی کا ہی ٭ باب باسنوں کا ٭ روایت ہی حذیفہ
الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
بن الیمان رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَشْرَبُوْا فِي اٰنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ
اللہ علیہ وسلم نے نہ پیو باسنوں میں سونے اور روپے کے
وَلَا تَاْكُلُوْا فِي صِحَافِهَا فَاِنَّهَا لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَكُمْ
اور نہ کھاؤ پیالوں میں انکے کہ وہ کافروں کے لیے ہی دنیا میں اور تمہارے لیے
فِي الْاٰخِرَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ
ہی آخرت میں ٭ متفق علیہ ہی ٭ اور ام سلمہ رضی اللہ
عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
عنہا سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے
الَّذِي يَشْرَبُ فِي اِنَاءِ الْفِضَّةِ اِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ
جو پیتا ہی باسنوں میں روپے کے سوا وہ کھینچتا ہی اپنے پیٹ میں
نَارَ جَهَنَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ
آگ دوزخ کی ٭ متفق علیہ ہی ٭ اور روایت ہی ابن عباس رضی اللہ
عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دُبِغَ
عنہما سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دباغت دیا گیا

الْإِهَابُ فَقَدْ طَهُرَ أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ وَعِنْدَ

چمڑا تو تحقیق وہ پاک ہوا ٭ نکالا اسکو مسلم نے اور

الْأَرْبَعَةِ أَيُّمَا إِهَابٍ دُبِغَ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ

چار کے نزدیک جو چمڑا دباغت دیا گیا اور سلمہ بن محبق

رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِبَاغُ جُلُودِ الْمَيْتَةِ طُهُورُهَا

علیہ وسلم نے رنگا کرنا مردہ جانوروں کے چمڑوں کو انکا پاک کرنا ہی

صَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ وَعَنْ مَيْمُونَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا

صحیح کہا اسکو ابن حبان نے ٭ اور میمونہ رضی اللہ عنہا سے

قَالَتْ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

انھوں نے کہا کہ گذرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک مردہ بکری کے

بِشَاةٍ يَجُرُّونَهَا فَقَالَ لَوْ أَخَذْتُمْ إِهَابَهَا فَقَالُوا إِنَّهَا

نزدیک جو کھینچے لیے جاتے تھے اسکو فرمایا اگر لیتے تم اسکی کھال ٭ ٧

مَيْتَةٌ فَقَالَ يُطَهِّرُهَا الْمَاءُ وَالْقَرَظُ

تو وہ بولے کہ یہ مردہ ہی تب فرمایا کہ پاک کرتا ہی اسکو پانی اور ببول

أَخْرَجَهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ

نکالا اسکو ابو داود نے اور نسائی نے ٭ اور ابی ثعلبہ خشنی

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا بِاَرْضِ

رضی اللہ عنہ سے کہ کہا میں نے یا رسول اللہ ہم رہتے ہیں زمین میں

قَوْمِ اَهْلِ كِتَابٍ اَفَنَأْكُلُ فِيْ اٰنِيَتِهِمْ قَالَ لَا تَأْكُلُوْا

اہل کتاب کی سو کیا کھا دیں ہم باسنونمیں اُنکے فرمایا کہا و

فِيْهَا اِلَّا اَنْ لَا تَجِدُوْا غَيْرَهَا فَاغْسِلُوْهَا وَكُلُوْا

اُن میں مگر جو نہ پاؤ سوا اُن باسنونکے تو دھولو انکو اور کہا و

فِيْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۔ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ

اُن میں ۳ متفق علیہ ہی اور عمران بن حصین رضی

اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابَهُ

اللہ عنہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اُنکے اصحابون نے

تَوَضَّؤُا مِنْ مَزَادَةِ امْرَاَةٍ مُشْرِكَةٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ فِيْ

وضو کیا باسن سے مشرک عورت کے ۴ متفق علیہ ہی بیچ ایک بڑی

حَدِيْثٍ طَوِيْلٍ ۔ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ قَدَحَ

حدیث میں ۱۰ اور انس ابن مالک رضی اللہ عنہ سے کہ پیالا

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْكَسَرَ فَاتَّخَذَ مَكَانَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم پھٹ گیا تو لگا دیا اُسکی پھٹی جگہ زنجیر

الشَّعْبِ سِلْسِلَةً مِنْ فِضَّةٍ اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ

پتر روپے کی نکالا اُسکو بخاری نے

بَابُ اِزَالَةِ النَّجَاسَةِ وَبَيَانِهَا عن

باب نجاست دور کرنے کے مذکور میں اور اُسکے بیان میں ٭ روایت ہی

اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ

انس ابن مالک رضی اللہ عنہ سے کہا کہ پوچھا گیا پیغمبر خدا

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَمْرِ تُتَّخَذُ خَلًّا

صلی اللہ علیہ وسلم سے شراب کو کہ بناویں ہم سرکا

قَالَ لَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ حَسَنٌ

فرمایا نہیں ٢ نکالا اُسکو مسلم اور ترمذی نے اور کہا حسن

صَحِيحٌ وَعَنْهُ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ اَمَرَ رَسُولُ

صحیح ہی ٭ اور اُسی سے ہی کہ کہا جب ہوا دن خیبر کا تو حکم کیا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا طَلْحَةَ فَنَادَى

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو طلحہ کو سو پکار دیا ٣ اُسنے

اَنَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ يَنْهَيَانِكُمْ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ

کہ اللہ اور رسول اُسکا دونوں روکتے ہیں تمکو خانگی گدہونکے گوشت سے

الْاَهْلِيَّةِ فَاِنَّهَا رِجْسٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ

بلکہ وہ نجاست ہی متفق علیہ ہی ٭ اور عمرو بیٹے

خَارِجَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ

خارجہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ خطبہ سنایا ہمکو رسول اللہ

١ یعنی سرکہ بنانا ... ٢ ... ٣ یعنی حضرت کا منع کرنا ...

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى وَهُوَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ وَلُعَابُهَا

صلی اللہ علیہ وسلم نے منی میں اور وہ تھے اپنی اونٹنی پر اور لعاب اُسکا

يَسِيلُ عَلٰى كَتِفِي أَخْرَجَهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ

بہتا تھا میرے مونڈھوں پر نکالا اُسکو احمد نے اور ترمذی نے

وَصَحَّحَهُ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ

اور صحیح کہا اُسکو اور عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْسِلُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دھویا کرتے تھے

الْمَنِيَّ ثُمَّ يَخْرُجُ إِلَى الصَّلٰوةِ فِي ذٰلِكَ الثَّوْبِ

منی کو پھر نکلتے تھے نماز کو اُسی کپڑے میں

وَأَنَا أَنْظُرُ إِلٰى أَثَرِ الْغَسْلِ فِيْهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلِمُسْلِمٍ

اور میں دیکھتی تھی نشان دھونے کا اُس میں ۲ متفق علیہ ہی اور مسلم کی

لَقَدْ كُنْتُ أَفْرُكُهُ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

روایت البتہ میں ملا کرتی تھی اُسکو کپڑے پر سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فَرْكًا فَيُصَلِّي فِيْهِ وَفِي لَفْظٍ لَهُ لَقَدْ كُنْتُ

وسلم کے رگڑ کر پھر نماز پڑھتے تھے وہ اُس میں اور ایک لفظ میں اُسکے ہیں

أَحُكُّهُ يَابِسًا بِظُفُرِي مِنْ ثَوْبِهِ وَعَنْ أَبِي

کھرچ ڈالتی تھی اُسے جو خشک ہو اپنے ناخن سے اُسکے کپڑے پر سے ۹ اور ابو

۱ ف: اس سے منی کی نجاست معلوم ہوتی ہی

۹ ف: اگر تر ہو تو دھونا اور خشک ہو تو کھرچ ڈالنا کافی ہے

السَّمْحِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

سمح رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ يُغْسَلُ مِنْ بَوْلِ الْجَارِيَةِ وَيُرَشُّ مِنْ بَوْلِ

وسلم نے دھویا جاوے پیشاب لڑکی کا اور پانی چھڑکا جاوے لڑکے کے

الْغُلَامِ أَخْرَجَهُ أَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَصَحَّحَهُ

پیشاب پر نکالا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور صحیح کہا

الْحَاكِمُ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ

اسکو حاکم نے اور اسماء ابی بکر کی بیٹی رضی اللہ

عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ دَمِ

عنہا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خون

الْحَيْضِ يُصِيْبُ الثَّوْبَ تَحُتُّهُ ثُمَّ تَقْرُصُهُ

حیض کے باب میں جو پہنچے کپڑے کو رگڑ ڈالے اسکو پھر ملے اسکو

بِالْمَاءِ ثُمَّ تَنْضَحُهُ ثُمَّ تُصَلِّيْ فِيْهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

پانی ڈال کے پھر پانی بہا دے اسپر پھر نماز پڑھے اسمیں متفق علیہ ہی اور

أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَتْ خَوْلَةُ

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا اسنے کہ کہا خولہ نے

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنْ لَمْ يَذْهَبِ

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر اگر نہ جاوے

الدَّمُ قَالَ يَكْفِيكَ الْمَاءُ وَلَا يَضُرُّكَ اَثَرُهُ اَخْرَجَهُ

خون فرمایا بس ہی تجکو پانی اور نہیں نقصان کرتا تیرا اثر اسکا نکالا اسے

التِّرْمِذِيُّ وَسَنَدُهُ ضَعِيفٌ بَابُ الْوُضُوءِ

ترمذی نے اور سند اسکی ضعیف ہی * باب وضو کا *

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ

روایت کی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے پیغمبر خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى اُمَّتِي

صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا اگر ہوتا مشقت ڈالنا میرا اپنی امت پر

لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ مَعَ كُلِّ وُضُوءٍ اَخْرَجَهُ مَالِكٌ

تو حکم کرتا ان کو مسواک کا ساتھ ہر وضو کے نکالا اسکو مالک نے

وَاَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَصَحَّحَهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَعَنْ

اور احمد اور نسائی نے اور صحیح کہا اسکو ابن خزیمہ نے * اور

حُمْرَانَ بْنِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ دَعَا بِوَضُوءٍ

حمران بن عثمان رضی اللہ عنہ سے کہ انہوں نے مانگا پانی وضو کا

فَغَسَلَ كَفَّيْهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ

پھر دھوئے ہاتھ پہنچوں تک تین بار پھر کلی کی اور ناک میں پانی دیا اور ناک

وَاسْتَنْثَرَ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ

جھاڑی پھر دھویا منہ اپنا تین بار پھر دھویا دہنا ہاتھ اپنا

غَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنىٰ اِلَى الْمِرْفَقِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ
پھر دھویا داہنا ہاتھ اپنا کہنی تک تین مرتبہ
ثُمَّ الْيُسْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ مَسَحَ رَاسَهُ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ
پھر بایاں اسی طرح پھر مسح کیا اپنے سر کا پھر دھویا اپنا
الْيُمْنٰى اِلَى الْكَعْبَيْنِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ الْيُسْرٰى
داہنا پاؤں ٹخنوں تک تین مرتبہ پھر بایاں
مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اسی طرح پھر کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو
تَوَضَّاَ نَحْوَ وُضُوْئِىْ هٰذَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَلِيٍّ
کہ وضو کیا میرے اس وضو کی طرح متفق علیہ ہی روایت ہی علی
رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِيْ صِفَةِ وُضُوْءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے بیان میں
قَالَ وَمَسَحَ بِرَاسِهِ وَاحِدَةً اَخْرَجَهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَعَنْ
کہا اور مسح کیا اپنے سر کو ایک بار نکالا اسکو ابوداؤد نے اور
عَبْدِ اللهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَاصِمٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِيْ
سے عبد اللہ بن زید ابن عاصم رضی اللہ عنہ سے
صِفَةِ الْوُضُوْءِ قَالَ وَمَسَحَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
چہ صفت میں وضو کے کہ کہا اور مسح کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

بِرَاسِهٖ فَاَقْبَلَ بِيَدَيْهِ وَاَدْبَرَ
اپنے سر کو پھر آگے سے لیگئے دونوں ہاتھوں کو اپنے اور پیچھے سے آئے
مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي لَفْظٍ بَدَاَ بِمُقَدَّمِ رَاْسِهٖ حَتّٰى
متفق علیہ ہی اور ایک لفظ میں شروع کیا سر کی اگلی جانب سے یہانتک کہ
ذَهَبَ بِهِمَا اِلٰى قَفَاهُ ثُمَّ رَدَّهُمَا اِلَى الْمَكَانِ الَّذِيْ
لیگئے اُن کو پچھلی طرف سر کے پھر پھیر لائے اُن کو اُس جگہہ جہانسے
بَدَاَ مِنْهُ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا
شروع کیا تھا اور عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے
فِي صِفَةِ الْوُضُوْءِ قَالَ ثُمَّ مَسَحَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَاْسِهٖ
صفت میں وضو کے کہ کہا پھر مسح کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سر کو
وَاَدْخَلَ اِصْبَعَيْهِ السَّبَّاحَتَيْنِ فِي اُذُنَيْهِ وَمَسَحَ
اور ڈالیں دونوں انگلیاں کلمہ کی اپنے دونوں کانوں میں اور مسح کیا
بِاِبْهَامَيْهِ فِي ظَاهِرِ اُذُنَيْهِ اَخْرَجَهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ
دونوں انگوٹھوں سے اپنے دونوں کانوں کی پیٹھہ کو نکالا اسکو ابو داود و نسائی نے
وَصَحَّحَهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
اور صحیح کہا اسکو ابن خزیمہ نے اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے
قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ
کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جاگے کوئی تم میں

مِنْ مَنَامِهٖ فَلْيَسْتَنْثِرْ ثَلَاثًا فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَبِيتُ
نیند سے تو چاہیئے کر ناک جھاڑے تین بار کیونکہ شیطان رہتا ہے ناک
عَلٰى خَيْشُوْمِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَهٗ اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ
کے نتھنے میں آگے متفق علیہ ہی اور اسی کی روایت جب جاگے کوئی تم میں
نَوْمِهٖ فَلَا يَغْمِسْ يَدَهٗ فِي الْاِنَاءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا ثَلَاثًا
سے نیند تو نہ ڈبا وے اپنا ہاتھ باسن میں جب تک کہ دھو وے اسکو تین بار
فَاِنَّهٗ لَا يَدْرِيْ اَيْنَ بَاتَتْ يَدُهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهٰذَا
کہ وہ نہیں جانتا کہاں رات کو ہاتھ اسکا متفق علیہ ہی اور یہ
لَفْظُ مُسْلِمٍ وَعَنْ لَقِيْطِ بْنِ صَبِرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
لفظ مسلم کا ہی اور لقیط بن صبرہ رضی اللہ عنہ سے
قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْبِغِ الْوُضُوْءَ
اسنے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کو پورا کر
وَخَلِّلْ بَيْنَ الْاَصَابِعِ وَبَالِغْ فِي الْاِسْتِنْشَاقِ اِلَّا
اور خلال کر انگلیوں میں اور مبالغہ کر ناک کے پانی ڈالنے میں مگر
اَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا اَخْرَجَهُ الْاَرْبَعَةُ وَصَحَّحَهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ
جو تو روزہ دار ہو نکالا اسکو چار نے اور صحیح کہا اسکو ابن خزیمہ نے
وَلِاَبِيْ دَاوٗدَ فِيْ رِوَايَةٍ اِذَا تَوَضَّأْتَ فَمَضْمِضْ
اور ابی داود کی روایت میں جب تو وضو کرے تو کلی کر

ہیں اکٹھی ہوتیں آپ کے دہن پڑیں گی ... اور روزہ دار ... (margin note, partly illegible)

وعن عثمان رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه

اور عثمان رضی الله عنہ سے کہ مقرر نبی صلی الله علیہ

وسلم كان يخلل لحيته في الوضوء أخرجه الترمذي

وسلم خلال کرتے تھے اپنی داڑھی کا وضو میں نکالا اسکو ترمذی نے

وصححه ابن خزيمة وعن عبد الله بن زيد رضي

اور صحیح کہا اسکو ابن خزیمہ نے اور عبد الله بن زید رضی

الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم أتي بثلثي مد

الله عنہ سے کہ تحقیق نبی صلی الله علیہ وسلم کے پاس لایا گیا پانی دو تہائی مد کا

فجعل يدلك ذراعيه أخرجه أحمد وصححه ابن

پھر ملنے لگے دونوں ہاتھوں کو نکالا اسکو احمد نے اور صحیح کہا اسکو ابن

خزيمة وعنه أنه رأى النبي صلى الله عليه وسلم يأخذ

خزیمہ نے اور اسی سے ہی کہ اسنے دیکھا نبی صلی علیہ وسلم کو کہ لیتے تھے

لأذنيه ماء خلاف الماء الذي أخذه لرأسه

اپنے دونوں کانوں کے واسطے جدا پانی سوا اس پانی کے جو لیا تھا اسے اپنے سر کے لیے

أخرجه البيهقي وهو عند مسلم من هذا الوجه

نکالا اسکو بیہقی نے اور وہ مسلم کے نزدیک اسی طریق سے ہے

بلفظ ومسح برأسه بماء غير فضل يديه

یہہ لفظ رکھتا ہے اور مسح کیا اپنے سر کو دوسرے پانی سے جو اسکے ہاتھوں کا بچا ہوا نہ تھا

وَهُوَ الْمَحْفُوظُ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ

اور یہی ہی یاد رکھا گیا اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ

سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ أُمَّتِي

سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کہتے تھے میری اُمت کے لوگ

يَأْتُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ غُرًّا مُحَجَّلِينَ مِنْ أَثَرِ الْوُضُوءِ

آوینگے قیامت کے دن کہ روشن ہوگی اُنکی پیشانی اور ہاتھ پاؤں وضو کے اثر سے

فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يُطِيلَ غُرَّتَهُ فَلْيَفْعَلْ مُتَّفَقٌ

سو جو کوئی چاہے تم میں کہ بڑھاوے اپنے نور کو تو کہہ کہ کرے ۲ ش متفق

عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِمُسْلِمٍ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ

علیہ ہی اور لفظ مسلم کا ہی اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُسنے

كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ التَّيَمُّنُ

کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند آتا تھا دہنے سے شروع کرنا

فِي تَنَعُّلِهِ وَتَرَجُّلِهِ وَطُهُورِهِ وَفِي شَأْنِهِ كُلِّهِ مُتَّفَقٌ

جوتا پہننے میں اور کنگھی اور وضو کرنے میں اور اپنے ہر ایک کام میں متفق

عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ

علیہ ہی اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأْتُمْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تم وضو کرو

غرہ پیشانی کی سفیدی تحجیل ہاتھ پاؤں کی سفیدی

فَابْدَءُوا بِمَا مِنْكُمْ أَخْرَجَهُ الْأَرْبَعَةُ

تو شروع کرو اپنے دہنے سے نکالا اسکو چار نے

وَصَحَّحَهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَعَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رَضِيَ

اور صحیح کہا اسکو ابن خزیمہ نے اور مغیرہ بن شعبہ رضی

اللهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ فَمَسَحَ

اللہ عنہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا پھر مسح کیا اپنی

بِنَاصِيَتِهِ وَعَلَى الْعِمَامَةِ وَالْخُفَّيْنِ أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ

پیشانی کے بالوں پر ۱۲ اور پگڑی پر اور موزوں پر نکالا اسکو مسلم نے

وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِي صِفَةِ حَجِّ

اور جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْدَءُوا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کے بیان میں فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم نے شروع

بِمَا بَدَأَ اللهُ بِهِ أَخْرَجَهُ النَّسَائِيُّ هٰكَذَا بِلَفْظِ

کرو اس سے جس سے شروع کیا اللہ نے ۳ش نکالا اسکو نسائی نے اسی طرح

الْأَمْرِ وَهُوَ عِنْدَ مُسْلِمٍ بِلَفْظِ الْخَبَرِ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ

امر کے صیغے سے اور وہ مسلم کے نزدیک خبر کے لفظ سے ہی اور روایت ہے اسی

النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأَ أَدَارَ الْمَاءَ

اسی سے کہ کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تھے تو بہاتے تھے پانی

۳ش اشارہ ہی اس آیت کی طرف ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ

عَلَى مِرْفَقَيهِ اَخْرَجَهُ الدَّارَقُطْنِيُّ بِاِسْنَادٍ ضَعِيفٍ وَعَن

اپنی کہنیوں پر نکالا اِسکو دار قطنی نے ضعیف سند سے اور

اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وُضُوءَ لِمَنْ لَا يَذْكُرِ اسْمَ اللهِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے وضو اُسکا جو نہ یاد کرے نام اللہ کا

عَلَيْهِ اَخْرَجَهُ اَحْمَدُ وَاَبُو دَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ بِاِسْنَادٍ

اُسپر نکالا اِسکو احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے سند

ضَعِيفٍ وَالتِّرْمِذِيُّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ وَاَبِي

ضعیف سے اور ترمذی کی روایت سعید بن زید سے اور ابی

سَعِيدٍ نَحْوَهُ وَقَالَ اَحْمَدُ لَا يَثْبُتُ فِيهِ شَيْءٌ وَعَن

سعید سے اُسی کی طرح ہی اور کہا امام احمد نے نہیں ثابت ہونا اِسبات میں کچھ اور

طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ

طلحہ بن مصرف نے اپنے باپ سے اُسنے روایت کی اِسکے دادا سے کہ کہا

رَاَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْصِلُ بَيْنَ

دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فاصلہ کرتے تھے

الْمَضْمَضَةِ وَالْاِسْتِنْشَاقِ اَخْرَجَهُ اَبُو دَاؤُدَ بِاِسْنَادٍ

کلی میں اور استنشاق میں نکالا اِسکو ابو داؤد نے سند

ضَعِيفٌ وعن عليٍّ رَضِيَ اللهُ عَنهُ فِي صِفَةِ الْوُضُوْءِ

ضعیف ہے اور علی رضی اللہ عنہ سے وضو کے بیان میں

ثُمَّ تَمَضْمَضَ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَنْثَرَ ثَلاثًا يُمَضْمِضُ

پھر کلی کی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور ناک جھاڑی تین بار کلی کرتے تھے

وَيَنْثُرُ مِنَ الْكَفِّ الَّذِي يَأْخُذُ مِنْهُ الْمَاءَ أَخْرَجَهُ

اور ناک صاف کرتے تھے اسی ہاتھ سے جس سے پانی لیتے تھے نکالا اسکو

أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وعن عبدِ اللهِ بنِ زيدٍ رَضِيَ

ابو داؤد اور نسائی نے اور عبد اللہ ابن زید رضی

اللهُ عَنهُ فِي صِفَةِ الْوُضُوْءِ ثُمَّ أَدْخَلَ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ

اللہ عنہ سے وضو کے وصف میں پھر ڈالا صلی اللہ علیہ وسلم نے

يَدَهُ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ مِنْ كَفٍّ وَاحِدَةٍ يَفْعَلُ

اپنا ہاتھ یعنے برتن میں پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا ایک چلو سے کرتے تھے

ذٰلِكَ ثَلاثًا مُتَّفَقٌ عَلَيهِ وعن أنسٍ رَضِيَ اللهُ عَنهُ

ایسا تین بار متفق علیہ ہے اور انس رضی اللہ عنہ سے

قَالَ رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا وَفِي قَدَمِهِ

کہا دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو اور اسکے پاؤں میں

مِثْلُ الظُّفْرِ لَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ فَقَالَ ارْجِعْ فَأَحْسِنْ

ناخن کے برابر نہ پہنچا تھا پانی سو کہا پھر جا اور اچھی طرح کر

وُضُوءَكَ أَخْرَجَهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْهُ قَالَ

کر وضو اپنا نکالا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے اور اوسی سے ہی کہ کہا

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ بِالْمُدِّ وَيَغْتَسِلُ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے تھے مد سے اور غسل کرتے تھے

بِالصَّاعِ إِلَى خَمْسَةِ أَمْدَادٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عُمَرَ

صاع سے لیکے پانچ مد تک * متفق علیہ ہی اور عمر

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ يَتَوَضَّأُ فَيُسْبِغُ الْوُضُوءَ ثُمَّ

نہیں تم میں کوئی کہ وضو کرے پھر پورا کرے وضو پھر کہے

يَقُولُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ

گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ جو اکیلا کوئی نہیں شریک اسکا

وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد اسکا بندا ہی اور اسکا رسول

إِلَّا فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ

مگر کھولے جاتے ہیں اسکے لیے دروازے جنت کے نکالا اسکو مسلم

وَالتِّرْمِذِيُّ وَزَادَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِينَ

اور ترمذی نے اور زیادہ کیا الٰہی اللہ کر مجکو پھرنے والوں میں

وَاجْعَلْنِي مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ بَابُ الْمَسْحِ عَلَى
اور کر مجھے پاک ہونے والوں میں موزوں پر مسح کرنے کا باب

الْخُفَّيْنِ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ
اور مغیرہ ابن شعبہ رضی اللہ عنہ سے کہ

قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَوَضَّأَ
کہا تھا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سو وضو کیا

فَأَهْوَيْتُ لِأَنْزِعَ خُفَّيْهِ فَقَالَ دَعْهُمَا فَإِنِّي أَدْخَلْتُهُمَا
پھر چاہا میں نے کہ کھینچ لوں اُنکے موزوں کو سو کہا چھوڑ دے اُن کو کہ میں نے ڈالا

طَاهِرَتَيْنِ فَمَسَحَ عَلَيْهِمَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلِلْأَرْبَعَةِ
ہی اُنکو پاؤں دھو کر پھر مسح کیا اُن پر متفق علیہ ہی اور چار کی روایت

عَنْهُ إِلَّا النَّسَائِيَّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ
اُسی مغیرہ سے سوا نسائی کے یہ ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسح کیا اوپر

أَعْلَى الْخُفِّ وَأَسْفَلَهُ وَفِي إِسْنَادِهِ ضَعْفٌ وَعَنْ
کی طرف موزے کے اور نیچے کی طرف اُسکے اور اسنادمیں اُسکے ضعف ہی اور

عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ لَوْ كَانَ الدِّينُ بِالرَّأْيِ
علی رضی اللہ عنہ سے کہ کہا اگر ہوتا دین عقل پر تو ہوتا

لَكَانَ أَسْفَلُ الْخُفِّ أَوْلَى بِالْمَسْحِ مِنْ أَعْلَاهُ وَقَدْ
تلا موزے کا بہتر مسح کرنے میں اُسکے اوپر کی طرف سے تحقیق

ف یعنی وضو ظاہر کرکے پاؤں کی اور وضو داخل ہو پاؤں کی ہی

ف موزے کی نیچے کی طرف مسح کرنا افضل تھی

رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى ظَاهِرِ

دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ مسح کرتے تھے پشت پر موزوں کے

خُفَّيْهِ أَخْرَجَهُ أَبُوْدَاوُدَ بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ وَعَنْ صَفْوَانَ بْنِ

نکالا اُسکو ابوداؤد نے اسناد حسن سے اور صفوان بن

عَسَّالٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عسال رضی اللہ عنہ سے کہ کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

يَأْمُرُنَا إِذَا كُنَّا سَفَرًا أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ

حکم کرتے تھے ہمکو جب ہم ہوتے تھے مسافر کہ نہ نکالیں ہم موزے اپنے تین دن

وَلَيَالِيَهُنَّ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ وَلٰكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ

اور راتیں اونکی سوا حاجت غسل کے نہ جائے ضرور سے اور نہ پیشاب

وَنَوْمٍ أَخْرَجَهُ النَّسَائِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ وَابْنُ

اور نیند سے نکالا اُسکو نسائی اور ترمذی نے اور لفظ اسی کا ہی اور ابن

خُزَيْمَةَ وَصَحَّحَاهُ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ

خزیمہ کا اور صحیح کہا دونوں نے اُسکو اور علی بن ابی طالب رضی

اللهُ عَنْهُ قَالَ جَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةَ

اللہ عنہ سے کہ کہا ٹھہرا دے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن تین رات

أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ لِلْمُسَافِرِ وَيَوْمًا وَلَيْلَةً لِلْمُقِيمِ يَعْنِي

مسافر کے واسطے اور ایک دن اور ایک رات مقیم کے لئے یعنے

فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ وَعَن

مسح کرنے میں موزوں پر نکالا اسکو مسلم نے اور

ثَوْبَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

ثوبان رضی اللہ عنہ سے کہ کہا بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَمْسَحُوا عَلَى الْعَصَائِبِ يَعْنِي

نے چھوٹا شکر پھر حکم کیا انکو کہ مسح کریں دستار سر پر یعنے

الْعَمَائِمَ وَالتَّسَاخِينِ يَعْنِي الْخِفَافَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَ

پگڑیوں پر اور تساخین پر یعنے موزوں پر روایت کیا اسکو احمد اور

أَبُودَاوُدَ وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ وَعَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ

ابو داؤد نے اور صحیح کہا اسکو حاکم نے اور روایت ہے عمر رضی اللہ

عَنْهُ مَوْقُوفًا وَأَنَسٍ مَرْفُوعًا إِذَا تَوَضَّأَ أَحَدُكُمْ وَ

عنہ سے موقوف اور انس سے مرفوع کہ جب وضو کرے کوئی تم میں اور

لَبِسَ خُفَّيْهِ فَلْيَمْسَحْ عَلَيْهِمَا وَلْيُصَلِّ فِيهِمَا وَلَا يَخْلَعْهُمَا

پہنے موزے اپنے تو مسح کرے ان پر اور نماز پڑھے ان سے اور نہ نکالے انکو

إِنْ شَاءَ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ أَخْرَجَهُ الدَّارَقُطْنِيُّ وَالْحَاكِمُ

اگر چاہے مگر حاجت غسل سے نکالا اسکو دارقطنی نے اور حاکم نے

وَصَحَّحَهُ وَعَنْ أَبِي بَكْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ

اور صحیح کہا اسکو اور ابی بکرہ رضی اللہ عنہ سے

النبي صلى الله عليه وسلم أنه رخص للمسافر ثلاثة

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ اونہنے رخصت دی مسافر کو تین دن

أيام ولياليهن وللمقيم يوما وليلة إذا تطهر فلبس

اور تین رات اور مقیم کو ایک دن ایک رات جب پاک ہوکے پہنے

خفيه أن يمسح عليهما أخرجه الدارقطني

موزے اپنے اسکی کہ مسح کرے اون پر نکالا اسکو دارقطنی نے

وصححه ابن خزيمة وعن أبي ابن عمارة

اور صحیح کہا اسکو ابن خزیمہ نے * اور ابی ابن عمارہ

رضي الله عنه أنه قال يا رسول الله صلى الله عليه وسلم

رضی اللہ عنہ سے کہ اونہنے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں

أمسح على الخفين قال نعم قال يوما قال نعم قال

مسح کروں موزوں پر فرمایا ہاں کہا ایک دن فرمایا ہاں کہا

ويومين قال نعم قال وثلاثة أيام قال نعم وما

دو دن فرمایا ہاں کہا تین دن فرمایا ہاں اور جو تو

شئت أخرجه أبو داود وقال ليس بالقوي

چاہے نکالا اسکو ابو داود نے اور کہا نہیں ہی قوی

باب نواقض الوضوء عن أنس رضي الله عنه

باب وضو کی توڑنے والیوں کا انس رضی اللہ عنہ سے

قَالَ كَانَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہ کہا تھے یار نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے

عَلٰى عَهْدِهٖ يَنْتَظِرُوْنَ الْعِشَاءَ حَتّٰى تَخْفِقَ رُؤُسُهُمْ

اُنکے زمانے میں انتظار کرتے تھے عشا کی نماز کا یہاں تک کہ جھک جاتے اُنکے سر

ثُمَّ يُصَلُّوْنَ وَلَا يَتَوَضَّأُوْنَ اَخْرَجَهٗ اَبُوْدَاوٗدُ و

پھر نماز پڑھتے تھے اور وضو نکرتے تھے نکالا اُسکو ابو داؤد نے اور

وَصَحَّحَهُ الدَّارَقُطْنِيُّ وَاَصْلُهٗ فِيْ مُسْلِمٍ وَعَنْ عَائِشَةَ

اور صحیح کہا اُسکو دار قطنی نے اور اصل اُسکی صحیح مسلم میں ہی اور عایشہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ جَاءَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِيْ حُبَيْشٍ

رضی اللہ عنہ سے کہ کہا آئی فاطمہ ابی حبیش کی بیٹی

اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر بولی یا رسول اللہ

اِنِّيْ امْرَاَةٌ اُسْتَحَاضُ فَلَا اَطْهُرُ اَفَاَدَعُ الصَّلٰوةَ

میں ایک عورت ہوں کہ مجھکو خون آتا ہی سو پاک نہیں ہوتی پھر کیا چھوڑ دوں نماز

قَالَ لَا اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَلَيْسَ بِحَيْضٍ فَاِذَا اَقْبَلَتْ

فرمایا نہیں مگر وہ رگ کا خون ہی وہ حیض نہیں سو جب آوے

حَيْضَتُكِ فَدَعِي الصَّلٰوةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِيْ

حیض تیرا تو چھوڑ دے نماز اور جب جاوے تو دھو

عَنكِ الدَّمَ ثُمَّ صَلِّي مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلِلْبُخَارِيِّ ثُمَّ
اپنے لہو کو پھر نماز پڑھ متفق علیہ ہی اور بخاری کا لفظ پھر
تَوَضَّئِي لِكُلِّ صَلٰوةٍ وَاَشَارَ مُسْلِمٌ اِلَى اَنَّهٗ حَذَفَهَا
وضو کر ہر نماز کے لیے اور اشارہ کیا مسلم نے اِس بات کا کہ اوسنے یہہ چھوڑ دیا
عَمْدًا وعن عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ
قصدا * اور علی بن ابی طالب رضی اللہ
عَنْهُ قَالَ كُنْتُ رَجُلًا مَذَّاءً فَاَمَرْتُ الْمِقْدَادَ اَنْ
عنہ سے کہ کہا تھا میں بہت مذی والا آدمی سو حکم کیا میں نے مقداد کو
يَسْاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهٗ فَقَالَ فِيْهِ
کہ پوچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر اُنے پوچھا اُنسے سو فرمایا کہ اُسمیں
الْوُضُوْءُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِلْبُخَارِيِّ
وضو ہی متفق علیہ ہی اور لفظ بخاری کا ہی *
وعن عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
اور روایت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ قَبَّلَ بَعْضَ نِسَائِهٖ ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الصَّلٰوةِ وَ
وسلم نے بوسہ لیا اپنی کسی بی بی کا پھر نکلے نماز کو اور
لَمْ يَتَوَضَّاْ اَخْرَجَهُ اَحْمَدُ وَضَعَّفَهُ الْبُخَارِيُّ وعن
وضو کیا نکالا اِسکو احمد نے اور ضعیف کہا اُسکو بخاری نے * اور

اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمْ فِي بَطْنِهِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پاوے تم میں کوئی ایک اپنے پیٹ میں

شَيْئًا فَاَشْكَلَ عَلَيْهِ اَخَرَجَ مِنْهُ شَيْءٌ اَمْ لَا فَلَا يَخْرُجَنَّ

کچھ پھر شبہہ میں وا لے اُسے کہ نکلی اُس سے کوئی چیز یا نہیں تو ہرگز نہ نکلے

مِنَ الْمَسْجِدِ حَتّٰى يَسْمَعَ صَوْتًا اَوْ يَجِدَ

مسجد سے جب تک کہ سنے آواز یا پاوے بو

رِيْحًا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ

نکالا اِسکو مسلم نے * اور طلق بن علی رضی

اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَجُلٌ مَسِسْتُ ذَكَرِي اَوْ قَالَ

اللہ عنہ سے کہ کہا کہا ایک مرد نے چھوا میں نے اپنا ذکر یا کہا

الرَّجُلُ يَمَسُّ ذَكَرَهُ فِي الصَّلٰوةِ اَعَلَيْهِ وُضُوءٌ

جو مرد کہ چھووے ذکر اپنا نماز میں تو کیا اُوپر وضو ہے

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اِنَّمَا هُوَ بَضْعَةٌ مِنْكَ

فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں وہ ایک ٹکڑا ہی تیرا

اَخْرَجَهُ الْخَمْسَةُ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ وَقَالَ ابْنُ

نکالا اِسکو پانچ نے اور صحیح کہا اِسکو ابن حبان نے اور کہا ابن

ثمّ ذہب هو احسن من حديث بسرة وعن بسرة

مدینی مذہب بہتر ہی بسرہ کی حدیث ہے اور بسرہ

بنت صفوان رضي الله عنها ان رسول الله صلى الله عليه

بنت صفوان رضی اللہ عنہا سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم قال من مس ذكره فليتوضأ اخرجه

وسلم نے فرمایا جو کوئی چھوے اپنے ذکر کو تو وضو کرے نکالا اسکو

الخمسة وصححه الترمذي وابن حبان وقال

پانچ نے اور صحیح کہا اسکو ترمذی اور ابن حبان نے اور کہا

البخاري هو اصح شيء في هذا الباب وعن

بخاری نے یہہ سب حدیثوں سے صحیح ہی اس مقدمے میں اور

عايشة رضي الله عنها ان رسول الله صلى الله عليه وسلم

عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

قال من اصابه قيء او رعاف او قلس او مذي

فرمایا جسکو آوے قی یا نکسیر پھوٹے یا تھوڑی قی یا مذی ہو

فلينصرف فليتوضأ ثم ليبن على صلوته وهو في

تو پھر جاوے اور وضو کرے پھر بنا کرے اپنی نماز پر جب کہ اسنے

ذلك لا يتكلم اخرجه ابن ماجة وضعفه

اس حالت میں بات نہ کی ہو نکالا اسکو ابن ماجہ نے اور ضعیف کہا

أَحْمَدُ وَغَيْرُهُ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اسکو احمد نے اور اسکے غیر نے اور جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے کہ

أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَوَضَّأُ مِنْ

ایک مرد نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کیا میں وضو کروں

لُحُومِ الْغَنَمِ قَالَ إِنْ شِئْتَ قَالَ أَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ

گوشت سے بکری کے فرمایا اگر تو چاہئے تو کہا کیا وضو کروں گوشت سے

الْإِبِلِ قَالَ نَعَمْ أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

اونٹ کے کہا ہاں میں نکالا اسکو مسلم نے اور ابی ہریرہ سے

قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا

کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی نہلاوے مردے کو

فَلْيَغْتَسِلْ وَمَنْ حَمَلَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ أَخْرَجَهُ أَحْمَدُ

تو غسل کرے اور جو اٹھاوے اسے سو وضو کرے نکالا اسکو احمد

وَالنَّسَائِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ وَقَالَ أَحْمَدُ لَا يَصِحُّ

اور نسائی نے اور ترمذی نے نکالا اور حسن کہا اسکو اور کہا احمد نے صحیح نہیں ہوتی

شَيْءٌ فِي هٰذَا الْبَابِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ

کوئی حدیث اس مقدمے میں اور عبد اللہ بن ابی بکر

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ فِي الْكِتَابِ الَّذِي كَتَبَهُ

رضی اللہ عنہما سے کہ اس کتاب میں جو لکھی تھی

ف وضو کے معنے ہاتھ دھونے کے اور کلی کرنے کے بہت آئے ہیں اور یہاں بھی مراد ہے

رسول الله صلى الله عليه وسلم لعمرو بن حزم ان لا يمس
رسول الله صلی الله علیہ وسلم نے عمرو بن حزم کو یہہ لکھا کہ نہ چھوئے قرآن کو
القرآن الا طاهر رواه مالك مرسلا ووصله النسائي
پاک شخص روایت کیا اسکو مالک نے مرسل اور متصل کیا اسکو نسائی
وابن حبان وهو معلول وعن عائشة رضي الله
اور ابن حبان نے اور وہ معلول ہی * اور عائشہ رضی الله
عنها قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يذكر
عنہا سے کہا انہوں نے کہ رسول الله صلی الله علیہ وسلم ذکر کرتے تھے
الله على كل احيانه رواه مسلم وعلقه البخاري
الله کا ہر وقت میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور تعلیق کیا اسے بخاری
وعن انس رضي الله عنه ان النبي صلى الله عليه وسلم
اور انس رضی الله عنہ سے کہ بیشک نبی صلی الله علیہ وسلم نے
احتجم وصلى ولم يتوضأ اخرجه الدارقطني
پچھنے لگوائے اور نماز پڑھی اور وضو نکیا نکالا اسکو دارقطنی نے
ولينه وعن معوية رضي الله عنه قال قال
اور لین کہا اسکو * اور معاویہ رضی الله عنہ سے کہ کہا فرمایا
رسول الله صلى الله عليه وسلم العين وكاء السه فاذا
رسول الله صلی الله علیہ وسلم نے آنکھہ بند ہی دبر کا سو

نمبر ۱۶ ہجری
اور نمبر ۱۲ اور نمبر ۱۲ ہجری

نَامَتِ الْعَيْنَانِ اسْتَطْلَقَ الْوِكَاءُ رَوَاهُ أَحْمَدُ
سو گئیں آنکھیں تو کھل گیا بندن روایت کیا اسکو احمد
وَالطَّبَرَانِيُّ وَزَادُوا مَنْ نَامَ فَلْيَتَوَضَّأْ
اور طبرانی نے اور زیادہ کیا انھوں نے جو سو گیا سو وضو کرے
وَهٰذِهِ الزِّيَادَةُ فِي الْحَدِيْثِ عِنْدَ اَبِيْ دَاؤُدَ
اور یہہ زیادتی اِس حدیث میں ابی داؤد کے نزدیک
مِنْ حَدِيْثِ عَلِيٍّ دُوْنَ قَوْلِهِ اسْتَطْلَقَ الْوِكَاءُ
حدیث سے علی کی ہی اِس قول کے سوا کہ کھل گیا بندن
وَفِيْ كِلَا الْاِسْنَادَيْنِ ضُعْفٌ وَلِاَبِيْ دَاؤُدَ اَيْضًا
اور دونوں اسنادوں میں ضعف ہی اور ابی داؤد کی بھی
عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مَرْفُوْعًا اِنَّمَا
روایت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوعا کہ نہیں ہی
الْوُضُوْءُ عَلٰى مَنْ نَامَ مُضْطَجِعًا وَفِيْ اِسْنَادِهِ ضُعْفٌ
وضو مگر اُسپر جو سویا چت اور اسکی اسناد میں بھی ضعف
اَيْضًا وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ
ہی ۔ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ رسول
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَاْتِيْ اَحَدَكُمُ الشَّيْطَانُ
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آتا ہی تم میں کسی پاس شیطان

فِي الصَّلٰوةِ فَيَنفُخُ فِي مَقْعَدَتِهِ فَيُخَيَّلُ اَنَّهُ
نماز میں پھر پھونکتا ہی اسکے بیٹھنے کی جگہ میں تو آسکو خیال آتا ہی کہ اُسنے
اَحْدَثَ وَلَمْ يُحْدِثْ فَاِذَا وَجَدَ ذٰلِكَ
حدث کیا اور حال آنکہ حدث نہیں کیا سو جب پاوے ایسا
فَلَا يَنصَرِفْ حَتّٰى يَسْمَعَ صَوْتًا اَوْ يَجِدَ رِيْحًا
تو نہ پھرے جب تک کہ نہ سنے آواز یا نہ پاوے بو
اَخْرَجَهُ الْبَزَّارُ وَاَصْلُهُ فِي الصَّحِيْحَيْنِ مِنْ
نکالا اُسکو بزار نے اور اصل اُسکی صحیحین میں ہی
حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ وَلِمُسْلِمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ
عبد اللہ ابن زید کی حدیث سے اور مسلم کی روایت ابی ہریرہ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ نَحْوُهُ وَلِلْحَاكِمِ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ
رضی اللہ عنہ سے ایسی ہی ہی اور حاکم کی مرفوع روایت ابی سعید
مَرْفُوْعًا اِذَا جَاءَ اَحَدَكُمُ الشَّيْطَانُ فَقَالَ اِنَّكَ
سے جب آوے تم میں کسی پاس شیطان پھر کہے کہ تو نے
قَدْ اَحْدَثْتَ فَلْيَقُلْ كَذَبْتَ وَاَخْرَجَهُ ابْنُ حِبَّانَ
حدث کیا تو کہے تو جھوٹا ہی اور نکالا اِسکو ابن حبان نے
بِلَفْظِ فَلْيَقُلْ فِي نَفْسِهِ بَابُ قَضَاءِ الْحَاجَةِ
اس لفظ سے پھر کہے اپنے جی میں * باب حاجت رفع کرنے

عن انس بن مالك رضي الله عنه قال كان

انس ابن مالک رضی اللہ عنہ سے کہ کہا

رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دخل الخلاء وضع

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جاتے تھے جا ضرور کو تو رکھہ دیتے تھے

خاتمه اخرجه الاربعة وهو معلول • وعنه رضي الله عنه

اپنی انگوٹھی نکالا اسکو چارنے اور وہ معلول ہی ٭ اور اُسی سے رضی اللہ عنہ

قال كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا دخل الخلاء

کہ کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ جب پاخانے جاتے

قال اللهم اني اعوذ بك من الخبث والخبائث اخرجه

تو کہتے ای اللہ میں پناہ میں آتا تیری سب برائیوں سے اور سب موذیوں سے ش

السبعة • وعنه رضي الله عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه

نکالا اسکو سات نے ٭ اور اُسی سے رضی اللہ عنہ کہ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وسلم يدخل الخلاء فاحمل انا وغلام نحوي

پاخانے جاتے تھے اور اُٹھا لیتا تھا میں اور ایک لڑکا مجھہ جیسا

اداوة من ماء وعنزة فيستنجي بالماء متفق عليه •

چھاگل پانی کی اور عنزہ سو استنجا کرتے تھے پانی سے متفق علیہ ہی ٭

وعن المغيرة بن شعبة رضي الله عنه قال قال

اور مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا

ش اور بعضون نے جن مراد لئے ہیں غرض یہہ ہی کہ سب پلید چیزون سے اللہ پناہ دے   ع لاٹھی جسمین برچھی کی طرح کا لوہا لگا ہو

لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذِ الْاِدَاوَةَ فَانْطَلَقَ

مجکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لے لوٹا چمڑے کا پھر چلے گئے

حَتّٰى تَوَارٰى عَنِّيْ فَقَضٰى حَاجَتَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ • وَعَنْ

یہاں تک کہ چھپ گئے مجھ سے پھر رفع کی حاجت اپنی ش متفق علیہ ہی

اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّقُوا اللَّاعِنَيْنِ الَّذِيْ يَتَخَلّٰى فِيْ

صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو دو سبب سے لعنت کے جو پاخانہ پھرے

طَرِيْقِ النَّاسِ اَوْ فِيْ ظِلِّهِمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَزَادَ

لوگوں کی راہ میں یا انکے سایے میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور زیادہ کیا

اَبُوْدَاؤُدَ عَنْ مُعَاذٍ وَالْمَوَارِدِ وَلِاَحْمَدَ عَنِ ابْنِ

ابوداؤد نے روایت سے معاذ کی اور گھاٹوں پر اور احمد کی روایت ابن

عَبَّاسٍ اَوْ نَقْعِ مَاءٍ وَفِيْهِمَا ضَعْفٌ وَ

عباس سے یا پانی جمع ہونے کی جگہ میں اور ان دونوں میں ضعف ہی اور

اَخْرَجَ الطَّبَرَانِيُّ النَّهْيَ عَنْ تَحْتِ الْاَشْجَارِ

نکالا طبرانی نے منع ہونا اور درختوں کے نیچے سے

الْمُثْمِرَةِ وَضَفَّةِ النَّهْرِ الْجَارِيْ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ

اور نہر جاری کے کنارے سے ابن عمر کی حدیث

عمر بسند ضعيف ٭ وعن جابر رضي الله عنه قال

ضعیف سند کے ساتھ اور جابر رضی اللہ عنہ سے کہ کہا

قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا تغوط الرجلان

فرمایا مجھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب پاخانہ پھریں دو مرد

فليتوار كل واحد منهما عن صاحبه ولا يتحدثا

تو پردہ کرے ہر ایک اپنے ساتھی سے اور باتیں نہ کریں

فان الله يمقت على ذلك رواه وصححه

اسلئے کہ اللہ ناخوش ہوتا ہی اس بات پر روایت کیا اسکو اور صحیح کہا

ابن السكن وابن القطان وهو معلول ٭ وعن ابي

ابن سکن اور ابن قطان نے اور وہ معلول ہی ٭ اور ابی

قتادة رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه

قتادہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم لا يمسن احدكم ذكره بيمينه وهو يبول

وسلم نے ہرگز نہ چھوے کوئی تم میں اپنا ذکر دہنے ہاتھ سے پیشاب کرتے ہوئے

ولا يتمسح من الخلاء بيمينه ولا يتنفس في الاناء

اور نہ پونچھے پاخانہ جاکے اپنے دہنے ہاتھ سے اور نہ سانس لے باسن میں

متفق عليه واللفظ لمسلم ٭ وعن سلمان رضي الله

متفق علیہ ہی اور لفظ مسلم کا ہی اور سلمان رضی اللہ

[margin note, illegible]

عَنْهُ قَالَ نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَسْتَقْبِلَ
عنہ سے کہ کہا منع کیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مُنہہ کریں
الْقِبْلَةَ لِغَائِطٍ اَوْ بَوْلٍ اَوْ اَنْ نَسْتَنْجِيَ بِالْيَمِيْنِ
قبلے کیطرف جا ضرورہ یا پیشاب کے لئے یا استنجا کریں دہنے ہاتھہ سے
اَوْ اَنْ نَسْتَنْجِيَ بِاَقَلَّ مِنْ ثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ اَوْ اَنْ
یا استنجا کریں تین پتھر کے کم سے یا
نَسْتَنْجِيَ بِرَجِيْعٍ اَوْ عَظْمٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالسَّبْعَةُ
استنجا کریں گوہ یا ہڈی سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت کیا
*۲ ش یعنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم *۳ ش یعنے سواری [illegible]

نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُصَلِّيَ فِي

منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز گذارنے سے سات

سَبْعِ مَوَاطِنَ الْمَزْبَلَةِ وَالْمَجْزَرَةِ وَالْمَقْبَرَةِ وَقَارِعَةِ

مکان میں پاخانے میں اور ذبح کرنے کی جگہہ اور قبرستان میں اور بیچ

الطَّرِيقِ وَالْحَمَّامِ وَمَعَاطِنِ الْإِبِلِ وَفَوْقَ ظَهْرِ بَيْتِ

راہ کے اور حمام میں اور حوض کے گرد اونٹ بیٹھنے کی جگہہ اور کعبے کی

اللّٰهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَضَعَّفَهُ * وَعَنْ اَبِي مَرْثَدٍ

چھت پر روایت کیا اسے ترمذی نے اور ضعیف کہا * اور ابی مرثد

الْغَنَوِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

غنوی رضی اللہ عنہ سے کہ کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تُصَلُّوا اِلَى الْقُبُورِ وَلَا تَجْلِسُوا

علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہ نماز پڑھو قبروں کی طرف اور نہ بیٹھو

عَلَيْهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وَعَنْ اَبِي سَعِيدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اُن پر روایت کیا اُسے مسلم نے * اور ابی سعید رضی اللہ عنہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَاءَ

کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آوے کوئی

اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَنْظُرْ فَاِنْ رَاٰى فِي نَعْلَيْهِ اَذًى

تم میں کا مسجد کو تو نظر کرے پس اگر دیکھے اپنے جوتوں میں کچھ گندگی

اَوْقَذَرًا فَلْيَمْسَحْهُ وَلْيُصَلِّ فِيْهِمَا اَخْرَجَهُ اَبُوْدَاوُدَ

یا گھنونی چیز تو ملدے اُسکو* اور نماز پڑھے اُنمیں نکالا اُسے ابو داؤد نے

وَصَحَّحَهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ * وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ

اور صحیح کہا اُسے ابن خزیمہ نے * اور وا ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَطِئَ اَحَدُكُمُ الْاَذٰى

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب گندے کوئی تم میں گندگی کو

بِخُفَّيْهِ فَطَهُوْرُهَا التُّرَابُ اَخْرَجَهُ اَبُوْدَاوُدَ وَصَحَّحَهُ

اپنے موزوں سے تو پاک کرنیوالی اُنکی مٹی ہی نکالا اُسے ابو داؤد نے اور صحیح کہا اُسے

ابْنُ حِبَّانَ * وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ قَالَ

ابن حبان نے * اور معاویہ بن حکم سے کہ کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ یہہ نماز

لَا يَصْلُحُ فِيْهَا شَيْءٌ مِنْ كَلَامِ النَّاسِ اِنَّمَا هِيَ

لایق نہیں اُسمیں کوئی چیز آدمیوں کے کلام سے وہ نماز

التَّسْبِيْحُ وَالتَّكْبِيْرُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

تو تسبیح اور تکبیر اور پڑھنا قرآن کا روایت کیا اُسے مسلم نے

* وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ اِنَّا كُنَّا نَتَكَلَّمُ

اور زید بن ارقم سے کہ کہا ہم باتیں کرتے تھے

* یعنی رسول صلعم کے مطابق پاک موزے اور پاپوش میں نماز پڑھنی درست ہے ... [illegible]

الصلوة علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکلم احدنا
ہم ہنس رہا سے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بات کرتا کوئی ایک ہم میں کا
صاحبہ بحاجتہ حتی نزلت حافظوا علی الصلوات
اپنے ساتھی سے اپنی حاجت کی یہاں تک کہ یہہ آیت اتری خبردار رہو نماز ونسے
والصلوۃ الوسطی وقوموا للہ قانتین فامرنا بالسکوت
اور بیچ والی نماز اور کھڑے رہو واسطے اللہ کے آگے ادب سے سو حکم ہوا ہمکو چپ رہنے کا
ونہانا عن الکلام متفق علیہ واللفظ لمسلم
اور منع ہوا ہمکو باتوں سے متفق علیہ ہی اور لفظ مسلم کا ہی

وعن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ
* اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم التسبیح للرجال والتصفیق للنساء
صلی اللہ علیہ وسلم نے تسبیح مردونکے لئے ہی اور تالی دینا عورتونکے لئے ہی
متفق علیہ زاد مسلم فی الصلوۃ * وعن مطرف
متفق علیہ ہی زیادہ کیا مسلم نے نماز میں * اور مطرف
بن عبد اللہ بن الشخیر عن ابیہ قال رأیت
بن عبد اللہ بن شخیر سے انکے باپ سے کہ کہا دیکھا میں نے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی وفی صدرہ ازیز
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے اور انکے سینے سے

كَأَزِيزِ الْمِرْجَلِ مِنَ الْبُكَاءِ أَخْرَجَهُ الْخَمْسَةُ اِلَّا
آواز آتی تھی جیسے دیگ کے جوش کی آواز رونے کے سبب نکالا اُسکو
ابْنَ مَاجَةَ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانٍ * وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ
پانچ نے سوا ابن ماجہ کے اور صحیح کہا اُسے ابن حبان نے * اور علی رضی اللہ
اللهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ لِي مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
عنہ سے کہ کہا تھا میرے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک دو وقت
مَدْخَلَانِ فَكُنْتُ اِذَا اَتَيْتُهُ وَهُوَ يُصَلِّي تَنَحْنَحَ لِي
داخل ہونا سو جب آتا تھا میں اُن پاس اور وے تھا پڑھتے ہوتے تو کھنکارتے
رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ * وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ
میرے لئے * روایت کیا اسکو نسائی اور ابن ماجہ نے * اور ابن عمر رضی اللہ
اللهُ عَنْهُ قَالَ قُلْتُ لِبِلَالٍ كَيْفَ رَأَيْتَ النَّبِيَّ
عنہ سے کہ کہا کہا میں نے بلال کو کس طرح دیکھا تو نے نبی
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرُدُّ عَلَيْهِمْ حِينَ يُسَلِّمُونَ عَلَيْهِ وَهُوَ
صلی اللہ علیہ وسلم کو جواب دیتے لوگوں کا جبکہ وے کرتے سلام علیک اُنسے اور وہ
يُصَلِّي قَالَ يَقُولُ هٰكَذَا وَبَسَطَ كَفَّيْهِ اَخْرَجَهُ اَبُو دَاوُدَ
نماز پڑھتے ہوتے کہا اشارہ کرتے یوں اور پھیلایا اپنی ہتھیلیوں کو نکالا اسکو ابو داود
وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ * وَعَنْ اَبِي قَتَادَةَ قَالَ كَانَ
اور ترمذی نے اور صحیح کہا اُسے * اور ابی قتادہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا

رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي وهو حامل امامة

رسول الله صلى الله عليه وسلم نماز پڑھتے تھے اور وہ لئے ہوتے تھے امامہ زینب کی

بنت زينب فاذا سجد وضعها واذا قام حملها

بیٹی کو سو جب سجدہ کرتے تو رکھدیتے اسکو اور جب کھڑے ہوتے تو اُٹھا لیتے

متفق عليه ولمسلم وهو يؤم الناس في المسجد

اسکو متفق علیہ ہی اور مسلم کے لئے جبکہ وہ امامت کرتے تھے لوگوں کی مسجد میں

وعن ابي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله

اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم اقتلوا الاسودين في الصلوة

صلی اللہ علیہ وسلم نے مار ودونوں کالونکو نماز میں

الحية والعقرب اخرجه الاربعة وصححه ابن

سانپ کو اور بچھو کو نکالا اُسکو چار نے اور صحیح کہا اُسکو ابن

حبان • باب سترة المصلى * عن ابي جهيم

حبان نے * باب نمازی کے سترے کا * ابی جہیم

بن الحرث رضي الله عنه قال قال رسول الله

الحارث رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم لو يعلم المار بين يدي المصلي

صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر معلوم کرے گذرنے والا نمازی کے آگے

مَاذَا عَلَيْهِ مِنَ الْاِثْمِ لَكَانَ اَنْ يَقِفَ اَرْبَعِيْنَ خَيْرًا

کہ کیا گناہ ہی اُس پر تو ٹھہرا رہنا چالیس بہتر ہوا

لَهٗ مِنْ اَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ

اُسکے لئے گذرنے سے آگے اُسکے متفق علیہ ہی اور لفظ

لِلْبُخَارِيِّ وَوَقَعَ فِي الْبَزَّارِ مِنْ وَجْهٍ اٰخَرَ اَرْبَعِيْنَ

بخاری کا ہی اور واقع ہوا بزار میں ایک دوسری وجہ سے چالیس

خَرِيْفًا ٭ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ سُئِلَ

برس ٭ اور عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا پوچھا گیا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكٍ عَنْ سُتْرَةِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے غزوۂ تبوک میں نمازی کے سُترے

الْمُصَلِّيْ فَقَالَ مِثْلُ مُؤْخِرَةِ الرَّحْلِ اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ

سے سو فرمایا جیسے پچھلی لکڑی کجاوے کی نکالا اُسکو مسلم نے

٭ وَعَنْ سَبْرَةَ بْنِ مَعْبَدِ نِ الْجُهَنِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اور سبرہ بن معبد الجہنی رضی اللہ عنہ سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَسْتَتِرْ اَحَدُكُمْ

کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہیے کہ سترا لیوے کوئی ایک

فِي الصَّلٰوةِ وَلَوْ بِسَهْمٍ اَخْرَجَهُ الْحَاكِمُ ٭ وَعَنْ

تمہارا نماز میں اور اگرچہ تیر ہی ہو وے نکالا اُسکو حاکم نے ٭ اور ابی

عن ابي ذر رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه

ابی ذر رضی الله عنه سے کہ کہا فرمایا رسول الله صلی الله علیه

وسلم يقطع صلوة المرء المسلم اذا لم يكن بين

وسلم نے توڑتی ہی نماز مرد مسلمان کی جب کہ نہ ہو روبرو اسکے

يديه مثل مؤخرة الرحل المراة والحمار والكلب

مانند موخرے رحل کے عورت اور گدھا اور کالا

الاسود الحديث و فيه الكلب الاسود شيطان

کتا آخر حدیث تک اور اسی میں ہی کہ کالا کتا شیطان ہی

اخرجه مسلم وله عن ابي هريرة رضي الله عنه

نکالا اسکو مسلم نے اور اس کے لئے ابی ہریرہ رضی الله عنه سے

نحوه دون الكلب ولابي داؤد والنسائي عن

اسیطرح ہی سوا لفظ کتے کے اور ابی داؤد اور نسائی کے لئے ابن

ابن عباس رضي الله عنهما نحوه دون اخره وقيد

عباس رضی الله عنہما سے اسیطرح ہی سوا اسکے آخر کے اور قید لگائی

المرأة بالحائض * وعن ابي سعيد ن الخدري رضي

عورت کے ساتھ حیض والی * اور ابی سعید خدری رضی

الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا صلى

الله عنه سے کہ کہا فرمایا رسول الله صلی الله علیه وسلم نے جب نماز پڑھے

أَحَدُكُمْ إِلَى شَيْءٍ يَسْتُرُهُ مِنَ النَّاسِ وَأَرَادَ أَحَدٌ

کوئی تم میں ایک چیز کیطرف کہ چھپالیوے سے اُسکو لوگوں سے اور چاہے کوئی

أَنْ يَجْتَازَ بَيْنَ يَدَيْهِ فَلْيَدْفَعْهُ فَإِنْ أَبَى فَلْيُقَاتِلْهُ

کہ گذرے اُسکے آگے تو منع کرے اُسکو پھر اگر نمانے وہ تو لڑائی کرے اُسے

فَإِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ فَإِنَّ مَعَهُ

کہ وہ شیطان ہی متفق علیہ ہی اور ایک روایت میں کہ اُسکے ہمراہ

الْقَرِينَ • وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ

ہی دوست تھی • اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے

رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب نماز پڑھے کوئی تم میں

فَلْيَجْعَلْ تِلْقَاءَ وَجْهِهِ شَيْئًا فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيَنْصِبْ

تو رکھ لے اپنے منہ کے سامنے کوئی چیز پھر جو نہ پاوے تو کھڑی کر لے

عَصًا فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فَلْيَخُطَّ خَطًّا ثُمَّ لَا يَضُرُّهُ مَنْ

لاٹھی پھر اگر لاٹھی بھی نہ ہو تو کھینچے ایک لکیر پھر نہ ضرر کریگا اُسکا جو

مَرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ أَخْرَجَهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَصَحَّحَهُ

گذرا اُسکے آگے نکالا اسکو احمد اور ابن ماجہ نے اور صحیح کہا اُسکو

ابْنُ حِبَّانَ وَلَمْ يُصِبْ مَنْ زَعَمَ أَنَّهُ مُضْطَرِبٌ بَلْ

بن حبان نے اور نہیں کو پہنچی جسنے کہا کہ یہہ حدیث مضطرب ہی بلکہ

هو حسن * وعن ابي سعيد الخدري رضي
حسن ہی * اور ابی سعید خدری رضی
الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يقطع
اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں توڑتی
الصلوة شيء وادرؤا ما استطعتم اخرجه ابوداؤد
نماز کو کوئی چیز اور دفع کرو جس قدر ہوسکے تم سے نکالا اسکو ابوداؤد نے
وفي سنده ضعف * باب الحث على الخشوع في
اور اسکی سند میں ضعف ہی * باب رغبت دلانیکا عاجزی کرنے پر
الصلوة * عن ابي هريرة رضي الله عنه قال نهى
نماز میں * ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا منع فرمایا
رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يصلي الرجل مختصرا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نماز پڑھے مرد مختصر ہوکے
متفق عليه واللفظ لمسلم ومعناه ان يجعل يده على
متفق علیہ ہی اور لفظ مسلم کا ہی اور معنے اسکے یہہ ہیں کہ رکھے اپنا ہاتھ
خاصرته وفي البخاري عن عائشة رضي الله
کوکھ پر اور بخاری میں عائشہ رضی اللہ
عنها ان ذلك فعل اليهود * وعن انس رضي الله
سے کہ یہہ وضع یہود کا فعل ہی * اور انس رضی اللہ

عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا

عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آگے لایا جاوے

قُدِّمَ الْعَشَاءُ فَابْدَؤُا بِهِ قَبْلَ أَنْ تُصَلُّوا الْمَغْرِبَ

شام کا کھانا تو شروع کرو اُسے مغرب کی نماز

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ

پڑھنے سے پہلے متفق علیہ ہے * اور ابی ذر رضی اللہ عنہ سے کہ کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کھڑا ہو تم میں کوئی ایک

فِي الصَّلٰوةِ فَلَا يَمْسَحِ الْحَصٰى فَإِنَّ الرَّحْمَةَ تُوَاجِهُهُ

نماز میں تو نہ چھوئے کنکریوں کو کہ رحمت روبرو ہوتی ہے اُسکے

رَوَاهُ الْخَمْسَةُ بِإِسْنَادٍ صَحِيْحٍ وَزَادَ أَحْمَدُ وَاحِدَةً أَوْ

روایت کیا اسکو پانچ نے سند صحیح سے اور زیادہ کیا احمد نے ایک بار یا اُسے

دَعْ وَفِي الصَّحِيْحِ عَنْ مُعَيْقِيْبٍ نَحْوُهُ بِغَيْرِ تَعْلِيْلٍ

بھی چھوڑ دے * ۲ ش * اور صحیح میں معیقیب سے اسیطرح ہی بغیر تعلیل کے

وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ سَأَلْتُ

اور عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا پوچھا میں نے

رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْاِلْتِفَاتِ فِي

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دیکھنے سے * ۳ ش *

الصلوة فقال هو اختلاس يختلسه الشيطان من

نماز مین سو فرمایا کہ وہ ایک اُچک لینا ہی کہ اُچک لیتا ہی اُسے شیطان نماز

صلوة العبد رواه البخاري وللترمذي وصححه

سے بندے کی روایت کیا اسکو بخاری نے اور ترمذی کے لئے اور صحیح

اياك والالتفات في الصلوة فانه هلكة فان كان

کہا اُسے بچاتو اپنے تئین ادھر اودھر دیکھنے سے نماز مین کہ وہ ہلاک کرنے والی

لابد ففي التطوع * وعن انس رضي الله عنه

ہی پھر اگر ضرور ہو تو نفل مین * اور انس رضی اللہ عنہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كان

کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ ہو مومن مین

احدكم في الصلوة فانه يناجي ربه فلا يبصقن

کوئی ایک نماز مین تو وہ راز کہتا ہی اپنے رب سے سو نہ تھوکے

بين يديه ولا عن يمينه ولكن عن شماله

اپنے آگے اور نہ اپنے دہنے لیکن اپنے بائین

تحت قدميه متفق عليه وفي رواية او تحت

انکے نیچے متفق علیہ ہی اور ایک روایت مین یا نیچے اپنے

قدميه * وعنه قال كان قرام لعائشة سترت به

پانوٴ * اور انہی سے کہ کہا ایک نقش دار پردہ تھا عایشہ رضی اللہ عنہا کا کہ پردہ

جَانِبَ بَيْتِهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمِيطِي

کیا تھا اُسسے ایک کونے کو اپنے گھر کے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دور کر

عَنَّا قِرَامَكِ هٰذَا فَاِنَّهُ لَا تَزَالُ تَصَاوِيرُهُ تَعْرِضُ لِي

ہم سے اپنے اس پردے کو کہ بیشک ہمیشہ اسکے نقش ظاہر ہوتے ہیں مجھپر

فِي صَلٰوتِي رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَاتَّفَقَا عَلٰى حَدِيثِهَا

میری نماز میں روایت کیا اُسکو بخاری نے اور اتفاق کیا اُنھوں نے عایشہ کی

فِي قِصَّةِ اَنْبِجَانِيَّةِ اَبِي جَهْمٍ وَفِيهِ فَاِنَّهَا اَلْهَتْنِي

حدیث پر قصے میں ابی جہم کی پشمین چادر کے اور اُسمین ہی کہ مقرر

عَنْ صَلٰوتِي ۔ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

غافل کیا مجھکو میری نماز سے ۞ اور جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَنْتَهِيَنَّ قَوْمٌ

کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ

يَرْفَعُونَ اَبْصَارَهُمْ اِلَى السَّمَاءِ فِي الصَّلٰوةِ اَوْ

باز رہیں وے لوگ جو اُٹھاتے ہیں اپنی آنکھیں آسمان کی طرف نماز میں یا

لَا تَرْجِعُ اِلَيْهِمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَلَهُ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ

نہ پھر آئی جاوینگی اُنکی طرف ۞ ش ۞ روایت کیا اُسے مسلم نے اور اُسیکے لئے

اللهُ عَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عایشہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا سُنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اُنھوں سے کہ آگے آنے کو اس اعلام کا علم الصواب

ش ۞ یعنی اس بد ادبی سے اللہ کا غضب پڑے گا

يَقُولُ لَاصَلٰوةَ بِحَضْرَةِ طَعَامٍ وَلَاهُوَ يُدَافِعُهُ

کے تھیں کہ فرماتے تھے نماز کامل نہیں کھانا حاضر ہونیکے وقت اور اسکے کہ زور کرے

الْاَخْبَثَانِ * وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ

اسپر بول ضرور پیشاب * اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ نبی صلی اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ التَّثَاؤُبُ مِنَ الشَّيْطَانِ

علیہ وسلم نے فرمایا جمھائی شیطان سے ہی

فَاِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَكْظِمْ مَا اسْتَطَاعَ

ہو جب جمھائی لے کوئی ایک تم میں تو بند کرے جتنا ہو سکے روایت

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَزَادَ فِي الصَّلٰوةِ * بَابُ

کیا اسکو مسلم نے اور ترمذی نے اور زیادہ کیا نماز میں * یہ * باب

الْمَسَاجِدِ * عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ اَمَرَ

مسجدونکا * عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا حکم کیا

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبِنَاءِ الْمَسَاجِدِ فِي الدُّوْرِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجدون کے بنانے کا محلے میں

وَاَنْ يُنَظَّفَ وَيُطَيَّبَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ

اور یہ کہ پاک صاف رکھی جاوین اور خوشبودار روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے

وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَ اِرْسَالَهُ * وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

اور ترمذی نے اور صحیح رکھا مرسل ہونا اسکا * اور ابی ہریرہ

رَضِيَ اللهُ عَنهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ

رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

قَاتَلَ اللهُ اليَهُودَ اتَّخَذُوا قُبُورَ اَنبِيَائِهِم مَسَاجِدَ

لعنت کرے اللہ یہود کو کہ ٹھہرایا انھوں نے قبروں کو اپنے نبیوں کی مسجدیں

مُتَّفَقٌ عَلَيهِ وَزَادَ مُسلِمٌ وَالنَّصَارىٰ وَلَهُمَا مِن

متفق علیہ ہی اور زیادہ کیا مسلم نے اور نصاریٰ کو اور اُن دونوں کے لئے

حَدِيثِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنهَا كَانُوا اِذَا مَاتَ

عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سے تھے وے کہ جب مرجاتا

فِيهِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ بَنَوا عَلَىٰ قَبرِهِ مَسجِدًا

اُنمیں کوئی مرد صالح تو بناتے اُسکی قبر پر مسجد

وَفِيهِ اُولٰئِكَ شِرَارُ الخَلقِ * وَعَن اَبِي هُرَيرَةَ رَضِيَ

اور اُسی میں ہی کہ وے بدترین خلق ہیں * اور ابی ہریرہ رضی

اللهُ عَنهُ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ

اللہ عنہ سے کہ کہا بھیجی نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے

خَيلًا فَجَاءَت بِرَجُلٍ فَرَبَطُوهُ بِسَارِيَةٍ مِن

گھوڑ اسوار لایا ایک شخص کو پھر باندھا لوگوں نے اُسے ایک ستون سے ستونوں میں

سَوَارِي المَسجِدِ الحَدِيثَ مُتَّفَقٌ عَلَيهِ * وَعَنهُ

سے مسجد کے آخر حدیث تک متفق علیہ ہی * اور اُسی

یعنی خدا و دعا اُس سے ہو وے نہ ہوگا پس یہ حضرت کی ... سے شرک ہوگا وہاں

رَضِيَ اللهُ أَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ مَرَّ بِحَسَّانٍ يُنْشِدُ

رضی اللہ عنہ سے کہ عمر رضی اللہ عنہ گذرے حسان پر کہ شعر پڑھتا تھا

فِي الْمَسْجِدِ فَلَحَظَ إِلَيْهِ فَقَالَ كُنْتُ أُنْشِدُ

مسجد میں سو کن انکھیوں سے دیکھا اُسکی طرف تب اُسنے کہا میں شعر پڑھتا تھا جبکہ

وَفِيهِ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۞ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ

اُسمیں تھا وہ شخص جو بہتر ہی تجھ سے متفق علیہ ہی ۞ اور اُسی سے کہ کہا فرمایا

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمِعَ رَجُلًا يَنْشُدُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی سُنے کسی مرد کو کہ ڈھونڈھے

ضَالَّةً فِي الْمَسْجِدِ فَلْيَقُلْ لَا رَدَّهَا اللهُ عَلَيْكَ

گم ہوئی کو مسجد میں تو کہے نہ پھیر دے اُسے اللہ تجھ پاس

فَإِنَّ الْمَسَاجِدَ لَمْ تُبْنَ لِهٰذَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ ۞ وَعَنْهُ

کہ بنائی مسجدیں نہیں بنائی گئی اِسواسطے روایت کیا اسے مسلم نے ۞ اور اُسی

أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا رَأَيْتُمْ مَنْ

سے ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب دیکھو تم اُسکو جو

يَبِيعُ أَوْ يَبْتَاعُ فِي الْمَسْجِدِ فَقُولُوا لَا أَرْبَحَ اللهُ

بیچے یا خرید کرے مسجد میں تو کہو نہ سود مند کرے اللہ

تِجَارَتَكَ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَحَسَّنَهُ ۞ وَعَنْ حَكِيمِ بْنِ

تجارت کو روایت کیا اُسے نسائی نے اور حسن کہا ۞ اور حکیم

بْنِ حِزَامٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بن حزام رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لَا تُقَامُ الْحُدُوْدُ فِي الْمَسَاجِدِ وَلَا يُسْتَقَادُ فِيهَا

قایم نکی جاویں حدین مسجدوں میں اور نہ قصاص کیا جاوے اُن میں *

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوُدَ بِسَنَدٍ ضَعِيْفٍ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ

روایت کیا اُسے احمد و ابو داؤد نے ضعیف سند سے * اور عایشہ رضی اللہ

اللهُ عَنْهَا قَالَتْ أُصِيْبَ سَعْدٌ يَوْمَ الْخَنْدَقِ فَضَرَبَ

عنہا سے کہ کہا زخم پہنچی سعد کو خندق کے دن سو خیمہ کھڑا کیا

عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْمَةً فِي الْمَسْجِدِ

اُسپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں

لِيَعُوْدَهُ مِنْ قَرِيْبٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْهَا قَالَتْ رَأَيْتُ

تاکہ عیادت کریں اُسکی نزدیک سے متفق علیہ ہی * اور اُسی سے کہ کہا دیکھا میں نے

رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتُرُنِيْ وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَى

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھپائے ہوئے تھے مجھے اور میں دیکھتی

الْحَبَشَةِ يَلْعَبُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَدِيْثَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

تھی حبشیوں کو کہ کھیلتے تھے مسجد میں پڑھو حدیث کو متفق علیہ ہی *

وَعَنْهَا رَضِيَ اللهُ عَنْهَا أَنَّ وَلِيْدَةً سَوْدَاءَ كَانَ لَهَا

اور اُسی رضی اللہ عنہا سے کہ ایک لڑکی کالی کہ تھا اُسکا

[illegible]

خِبَاءٌ فِي الْمَسْجِدِ فَكَانَتْ تَأْتِينِي فَتَحَدَّثُ
یک خیمہ مسجد میں سو وہ آتی تھی میرے پاس اور باتیں کرتی تھی
عِنْدِي الْحَدِيثَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ أَنَسٍ رَضِيَ
میرے نزدیک پڑھو حدیث کو متفق علیہ ہے * اور انس رضی
اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْبُصَاقُ
اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھوکنا
فِي الْمَسْجِدِ خَطِيئَةٌ وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
مسجد میں گناہ ہے اور کفارا اُسکا اُسکا دفن کردینا ہے متفق علیہ ہے *
وَعَنْهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
اور اُسی رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَتَبَاهَى النَّاسُ فِي
وسلم نے قائم ہوگی قیامت اس حد تک کہ آپس میں فخر کریں لوگ
الْمَسَاجِدِ أَخْرَجَهُ الْخَمْسَةُ إِلَّا التِّرْمِذِيَّ وَصَحَّحَهُ
مسجد ونمیں نکالا اُسے پانچ نے سوا ترمذی کے اور صحیح کہا اُسکو
ابْنُ خُزَيْمَةَ • وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ
ابن خزیمہ نے • اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا
قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أُمِرْتُ بِتَشْيِيدِ
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجکو حکم نہیں ہے پختہ کرنے

الْمَسَاجِدِ اَخْرَجَهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ

مسجدونکی * ش * نکالا اسکو ابو داؤد نے اور صحیح کہا ہے ابن حبان نے

وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور انس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

وَسَلَّمَ عُرِضَتْ عَلَيَّ اُجُوْرُ اُمَّتِيْ حَتَّى الْقَذَاةُ

ظاہر کیے گئے مجھ پر میری اُمت کے نیک ایک تنکے تک بھی

يُخْرِجُهَا الرَّجُلُ مِنَ الْمَسْجِدِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ

جو نکالی پھینکے آدمی مسجد سے روایت کیا اسکو ابو داؤد

وَالتِّرْمِذِيُّ وَاسْتَغْرَبَهُ وَصَحَّحَهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ * وَعَنْ

اور ترمذی نے اور غریب جانا اسکو اور صحیح کہا ابن خزیمہ نے * اور

اَبِيْ قَتَادَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ابی قتادہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلَا يَجْلِسْ

وسلم نے جب آوے کوئی ایک تم میں مسجد کو تو نہ بیٹھے جب تک

حَتّٰى يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * بَابُ صِفَةِ الصَّلٰوةِ *

کہ دو رکعت نماز پڑھے متفق علیہ ہی * باب نماز کی صفت کا *

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ

* ش * تنبیہ * [illegible]

وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قُمْتَ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاَسْبِغِ الْوُضُوْءَ

وسلم نے فرمایا جب اُٹھے تو نماز کو تو پورا کر وضو

ثُمَّ اسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ فَكَبِّرْ ثُمَّ اقْرَأْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ

پھر منہہ کر قبلہ کو اور تکبیر کہہ پھر پڑھ جو میسر ہو تجھہ پاس

الْقُرْاٰنِ ثُمَّ ارْكَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى

قرآن سے پھر رکوع کر یہانتک کہ آرام پکڑے تو رکوع میں پھر اُٹھا سر یہانتک

تَعْتَدِلَ قَائِمًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا ثُمَّ ارْفَعْ

کہ سیدھا کھڑا ہووے تو پھر سجدہ کر یہانتک کہ چین پکڑے تو سجدے میں پھر اُٹھا تو سر کو

حَتّٰى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ

یہانتک کہ اطمینان حاصل کرے تو بیٹھے میں پھر سجدہ کر یہانتک کہ چین پکڑے تو

سَاجِدًا ثُمَّ افْعَلْ ذٰلِكَ فِيْ صَلٰوتِكَ كُلِّهَا اَخْرَجَهُ السَّبْعَةُ

سجدے میں پھر کر تو اسیطرح اپنی تمام نماز میں نکالا اُسے ساتوں نے

وَاللَّفْظُ لِلْبُخَارِيِّ وَلِابْنِ مَاجَةَ بِاِسْنَادِ مُسْلِمٍ

اور لفظ بخاری کا ہی اور ابن ماجہ کے لیئے مسلم کی اسناد کے ساتھ

حَتّٰى تَطْمَئِنَّ قَائِمًا وَمِثْلُهٗ فِيْ حَدِيْثِ رِفَاعَةَ

یہانتک کہ چین پکڑے تو قومے میں اور اسی طرح ہی حدیث میں رفاعہ

بْنِ رَافِعِ بْنِ مَالِكٍ عِنْدَ اَحْمَدَ وَابْنِ حِبَّانَ وَفِيْ

ابن رافع ابن مالک کی احمد کے اور ابن حبان کے نزدیک اور ایک

لَفظ لِاَحمَدَ فَاَقِمْ صُلْبَكَ حَتّٰى تَرْجِعَ الْعِظَامُ

لفظ سے ہیں احمد کے اور سیدھی کر پیٹھ اپنی یہاں تک کہ رجوع کریں ہڈیاں

وَلِلنَّسَائِيِّ وَاَبِي دَاؤُدَ مِنْ حَدِيثِ رِفَاعَةَ ابْنِ

اور نسائی اور ابی داؤد کے لیئے حدیث سے رفاعہ ابن

رَافِعٍ اِنَّهَا لَنْ تَتِمَّ صَلٰوةُ اَحَدِكُمْ حَتّٰى

رافع کی بیشک کبھو نہیں کامل ہو گی نماز کسی ایک کی تم میں سے جبتک

يُسْبِغَ الْوُضُوْءَ كَمَا اَمَرَهُ اللّٰهُ ثُمَّ يُكَبِّرَهُ وَيَحْمَدُهُ

کہ پورا کرے وضو جب کہ حکم کیا اسے اللہ نے پھر بڑائی بولے اس کی اور حمد

وَيُثْنِيْ عَلَيْهِ وَفِيْهَا فَاِنْ كَانَ مَعَكَ قُرْاٰنٌ فَاقْرَاْ وَاِلَّا.

اور ثنا کرے اس کی اور اسی میں ہے پھر اگر ہو تیرے ساتھ قرآن تو پڑھ تو اور نہیں

فَاحْمَدِ اللّٰهَ وَكَبِّرْهُ وَهَلِّلْهُ وَلِاَبِي دَاؤُدَ ثُمَّ اقْرَأْ

تو حمد کر اللہ کی اور بڑائی کر اس کی اور تہلیل کر اور ابی داؤد کے لیئے پھر پڑھ

بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ وَبِمَا شَاءَ اللّٰهُ وَلِابْنِ حِبَّانَ ثُمَّ بِمَا شِئْتَ

ام القرآن کو اور وہ جو چاہا اللہ نے اور ابن حبان کے لیئے پھر جو چاہے

وَعَنْ اَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ

اور ابی حمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے کہ کہا

رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَبَّرَ جَعَلَ يَدَيْهِ

دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جب تکبیر کہتے تو کرتے اپنے ہاتھوں کو

حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ وَإِذَا رَكَعَ أَمْكَنَ يَدَيْهِ

اپنے مونڈھوں کے مقابل اور جب رکوع کرتے تو پکڑ لیتے اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنے

مِنْ رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ هَصَرَ ظَهْرَهُ فَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ

دونوں گھٹنوں کو پھر سیدھی برابر رکھتے اپنی پیٹھ اور جب اُٹھاتے اپنے سر کو

اِسْتَوَى حَتَّى يَعُودَ كُلُّ فَقَارٍ مَكَانَهُ فَإِذَا سَجَدَ

تو سیدھے ہوتے یہاں تک کہ پھر آتیں سب ہڈیاں ٹھکانے پر اپنے پھر جب سجدہ کرتے

وَضَعَ يَدَيْهِ غَيْرَ مُفْتَرِشٍ وَلَا قَابِضُهُمَا وَاسْتَقْبَلَ

تو رکھتے اپنے ہاتھ لیکن نہ بچھاکے اور نہ بند کرکے اُنکو اور منہ کرتے اپنے

بِأَطْرَافِ أَصَابِعِ رِجْلَيْهِ الْقِبْلَةَ وَإِذَا جَلَسَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ

پانوؤں کی اُنگلیوں کے سرونکا قبلے کو اور جب بیٹھتے دو رکعتوں میں

جَلَسَ عَلَى رِجْلِهِ الْيُسْرَى وَنَصَبَ الْيُمْنَى وَإِذَا

تو بیٹھتے اپنے بائیں پانوں پر اور کھڑا کرتے دہنے پانوں کو اور جب

جَلَسَ فِي الرَّكْعَةِ الْآخِرَةِ قَدَّمَ رِجْلَهُ الْيُسْرَى وَنَصَبَ

بیٹھتے پچھلی رکعت میں یعنے تشہد اخیر ہو آگے بڑھاتے اپنے بائیں پانوکو اور کھڑا

الْأُخْرَى وَقَعَدَ عَلَى مَقْعَدَتِهِ أَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ

کرتے دوسرے پانوں کو اور بیٹھتے اپنے سرین پر نکالا اِسے بخاری نے *

وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ

اور علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے اُنھوں نے نقل کی

رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ کَانَ اِذَا قَامَ اِلَی الصَّلٰوۃِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ وے جب کھڑے ہوتے تھے نماز کو

قَالَ وَجَّہْتُ وَجْہِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

تو کہتے میں نے اپنا منھ کیا اُسکی طرف جسنے بنائے آسمان و زمین

حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ

ایک طرف کا ہو کے اور میں نہیں شریک کرنیوالا میری نماز اور قربانی

وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَہٗ

اور میرا جینا اور مرنا اللہ کیطرف ہی جو صاحب سارے جہانکا کوئی نہیں اُسکا شریک

وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۔ اَللّٰہُمَّ اَنْتَ

یہی مجھکو حکم ہوا اور میں حکم برداروں سے ہوں ای اللہ تو ہی

الْمَلِکُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُکَ

بادشاہ نہیں ہی کوئی ایوج پوجنے کے مگر تو تو رب ہی میرا اور میں بندہ ہوں تیرا

ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ

ظلم کیا میں نے اپنی جان پر اور اقرار کیا میں نے اپنے گناہ کا سو بخش دے تو مجھے

ذُنُوْبِیْ جَمِیْعًا اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

میرے سارے گناہ تحقیق یہ ہی کوئی نہیں بخشتا گناہوں کو سوا تیرے

وَاہْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا یَہْدِیْ لِاَحْسَنِہَا

اور چلا تو مجھے نیک خصلتوں پر نہیں راہ بتاتا نیک خصلتوں کو

اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّي سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّي سَيِّئَهَا

مگر تو اور دور کر مجھ سے بُرے خلق نہیں دور کرتا مجھ سے بُرے خلق

اِلَّا اَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهٗ فِي يَدَيْكَ

کوئی سوا تیرے میں حاضر ہوں تیری خدمت میں اور نیکی ساری تیرے ہاتھ میں

وَالشَّرُّ لَيْسَ اِلَيْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَيْكَ تَبَارَكْتَ

اور بدی نہیں تیری طرف میرا اعتماد تجھ پر اور تیری ہی پناہ، تجھ پاس تیرا راج برا

وَتَعَالَيْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ

اور تیرا رتبہ اونچا میں تجھ سے مغفرت مانگتا ہوں اور تیری طرف پھرتا ہوں

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهٗ اَنَّ ذٰلِكَ فِي صَلٰوةِ

روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں اسکی کہ یہ رات کی

اللَّيْلِ ۝ وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ

نماز میں ہی ۝ اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَبَّرَ لِلصَّلٰوةِ سَكَتَ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تکبیر کہتے تھے نماز کی تو چپ رہتے

هُنَيَّةً قَبْلَ اَنْ يَقْرَاَ فَسَاَلْتُهٗ فَقَالَ اَقُوْلُ اللّٰهُمَّ

تھوڑا قرات سے پہلے سو پوچھا میں نے انسے فرمایا کہ میں کہتا ہوں اے اللہ

بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ

فرق کر دے مجھ میں اور میرے گناہوں میں جیسا کہ فرق کیا ہے

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ نَقِّنِيْ مِنْ خَطَايَايَ

مشرق اور مغرب منے ای اللہ پاک کر تو مجھے میرے گناہوں سے

كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰهُمَّ

جیسا کہ پاک کیا جاتا ہی سفید کپڑا میل سے ای اللہ

اَغْسِلْنِيْ مِنْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ

دھو دے مجھے میرے گناہوں سے پانی اور برف سے اور اولے سے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ

متفق علیہ ہی * اور عمر رضی اللہ عنہ سے کہ وہ کہتے تھے میں پاکی بولتا ہوں تیری

سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ تَبَارَكَ اسْمُكَ

ای اللہ اور تعریف کے ساتھ یاد کرتا ہوں تجکو اور بڑی برکت والا ہی نام تیرا

وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ رَوَاهُ

اور بہت بلند ہی مرتبہ تیرا اور نہیں کوئی لائق بندگی کے سوا تیرے روایت کیا

مُسْلِمٌ بِسَنَدٍ مُنْقَطِعٍ وَالدَّارَقُطْنِيُّ مَوْصُولًا وَهُوَ

اسے مسلم نے سند منقطع سے اور دارقطنی نے موصول حالانکہ وہ

مَوْقُوْفٌ وَنَحْوُهُ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ مَرْفُوْعًا

موقوف ہی اور اسیطرح ہی ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مرفوع

عِنْدَ الْخَمْسَةِ وَفِيْهِ وَكَانَ يَقُوْلُ بَعْدَ التَّكْبِيْرِ

پانچ کے نزدیک اور اس میں ہی اور کہتے تھے تکبیر کے بعد

أَعُوذُ بِاللّٰهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ
پناہ میں آیا میں اللہ کی جو سنتا ہی جانتا شیطان دھتکارے سے
مِنْ هَمْزِهِ وَنَفْخِهِ وَنَفْثِهِ * وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ
خطرے سے اُسکے اور وسوسے سے اُسکے اور پھونکنے سے اُسکے * و رعایشہ
عَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْتَتِحُ
رضی اللہ عنہا سے کہ تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شروع کرتے بیچ
الصَّلٰوةَ بِالتَّكْبِيرِ وَالْقِرَاءَةَ بِالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ
نماز کو تکبیر سے اور قراۃ کو الحمد للہ رب العالمین سے
وَكَانَ إِذَا رَكَعَ لَمْ يُشْخِصْ رَأْسَهُ وَلَمْ يُصَوِّبْهُ
اور جب رکوع کرتے تھے ہو نہ اونچا رکھتے اپنے سر کو اور نہ نیچا اُسے
وَلٰكِنْ بَيْنَ ذٰلِكَ وَكَانَ إِذَا رَفَعَ مِنَ الرُّكُوعِ
ولیکن رکھتے درمیان اُسکے اور جب اُٹھاتے تھے سر کو رکوع سے
لَمْ يَسْجُدْ حَتّٰى يَسْتَوِيَ قَائِمًا وَإِذَا رَفَعَ مِنَ
تو سجدہ نکرتے جب تک کہ سیدھے نہ کھڑے ہوتے اور جب اُٹھاتے
السُّجُودِ لَمْ يَسْجُدْ حَتّٰى يَسْتَوِيَ جَالِسًا وَكَانَ
سجدے سے تو سجدہ نہ کرتے جب تک کہ سیدھے بیٹھتے اور
يَقُولُ فِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ التَّحِيَّةَ وَكَانَ يَفْرِشُ رِجْلَهُ
پڑھتے تھے ہر دو رکعتوں میں التحیات اور بچھاتے اپنا بایاں

الْيُسْرَى وَيَنْصِبُ الْيُمْنَى وَكَانَ يَنْهَى عَنْ عُقْبَةِ
پانوں اور کھڑا کرنے دہنا اور منع کرتے تھے کہ کہیان رکھے گھٹنے

الشَّيْطَانِ وَيَنْهَى أَنْ يَفْتَرِشَ الرَّجُلُ ذِرَاعَيْهِ
اُٹھاوے زمین سے اور منع کرتے تھے کہ بچھاوے مرد دونوں ہاتھوں کو

افْتِرَاشَ السَّبُعِ وَكَانَ يَخْتِمُ الصَّلٰوةَ بِالتَّسْلِيمِ
درندے کے بچھانیکی طرح اور ختم کرتے تھے نماز کو ساتھ سلام کے

أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ وَلَهُ عِلَّةٌ * وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ
نکالا اُسے مسلم نے اور اُسکی علت ہی * اور ابن عمر رضی اللہ

اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَرْفَعُ
عنہما سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُٹھاتے تھے اپنے

يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ وَإِذَا كَبَّرَ
ہاتھونکو اپنے مونڈھونکے برابر جب شروع کرتے نماز اور جب تکبیر کہتے

لِلرُّكُوعِ وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
رکوع کی اور جب اُٹھاتے اپنے سر کو رکوع سے متفق علیہ ہی

وَفِي حَدِيثِ أَبِي حُمَيْدٍ عِنْدَ أَبِي دَاوُدَ يَرْفَعُ
اور حدیث میں ابی حمید کی ابوداؤد کے نزدیک اُٹھاتے تھے

يَدَيْهِ حَتَّى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ يُكَبِّرُ وَلِمُسْلِمٍ
اپنے ہاتھونکو یہاں تک کہ برابر کرتے اُنکے اپنے مونڈھونکو پھر تکبیر کہتے اور مسلم

وَعَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ نَحْوَ

کے لئے مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ سے ابن عمر کی

حَدِيثِ ابْنِ عُمَرَ لٰكِنْ قَالَ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا

حدیث کی طرح ہی لیکن اُسنے کہا یہانتک کہ برابر کرتے اُنکے اپنی

فُرُوعَ اُذُنَيْهِ ۔ وَعَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

کانوں کی لو کو * اور وایل بن حجر رضی اللہ عنہ سے

قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَ يَدَهُ

کہ کہا نماز پڑھی میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سو رکھا حضرت نے اپنا

الْيُمْنٰى عَلٰى يَدِهِ الْيُسْرٰى عَلٰى صَدْرِهٖ اَخْرَجَهُ ابْنُ

دہنا ہاتھ اپنے بائیں ہاتھ پر اپنے سینے پر نکالا اسکو ابن

خُزَيْمَةَ * وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

خزیمہ نے * اور عبادہ ابن صامت رضی اللہ عنہ سے کہ کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز نہیں اُسکی جسنے نہ پڑھی

بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِابْنِ حِبَّانَ

سورۂ فاتحہ متفق علیہ ہی اور ایک روایت میں ابن حبان

وَالدَّارَقُطْنِيِّ لَا تُجْزِءُ صَلٰوةٌ لَا يُقْرَأُ فِيهَا بِفَاتِحَةِ

کی اور دارقطنی کی نہیں ثواب ملتا نماز کا جس میں نہ پڑھی جاوے سورا

الْكِتَابِ وَفِي رِوَايَةٍ أُخْرىٰ لِأَحْمَدَ وَأَبِي دَاوُدَ
قران کا اور دوسری روایت میں احمد کی اور ابی داؤد کی
وَالتِّرْمِذِيِّ وَابْنِ حِبَّانٍ لَعَلَّكُمْ تَقْرَؤُنَ خَلْفَ
اور ترمذی اور ابن حبان کی شاید تم پڑھتے ہو اپنے
إِمَامِكُمْ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ لَا تَفْعَلُوا إِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ
امام کے پیچھے ہم نے کہا ہاں کہا نہ پڑھا کرو مگر سورۂ فاتحہ
فَإِنَّهُ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْهَا * وَعَنْ أَنَسٍ
کہ نہیں نماز اُسکی جس نے نہ پڑھا اُسکو * اور روایت ہی انس
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ
رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر
وَعُمَرَ كَانُوا يَفْتَتِحُونَ الصَّلٰوةَ بِالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ
اور عمر شروع کرتے تھے نماز الحمد للہ رب العالمین سے
الْعَالَمِينَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ زَادَ مُسْلِمٌ لَا يَذْكُرُونَ
اتفاق کیا ہے شیخین کا اِسپر زیادہ کیا مسلم نے نہ ذکر کرتے تھے وے
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ فِي أَوَّلِ قِرَاءَةٍ وَلَا فِي آخِرِهَا
بسم اللہ الرحمن الرحیم کو پہلی قراءۃ میں اور نہ آخر میں اُسکے
وَفِي رِوَايَةٍ لِأَحْمَدَ وَالنَّسَائِيِّ وَابْنِ خُزَيْمَةَ
اور ایک روایت میں احمد کی اور نسائی کی اور ابن خزیمہ کی

لَا يَجْهَرُوْنَ بِبِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَفِي اُخْرٰى

پکار کر نہ پڑھتے تھے بسم اللہ الرحمن الرحیم کو اور تھی دوسری روایت میں

لِابْنِ خُزَيْمَةَ كَانُوْا يُسِرُّوْنَ وَعَلٰى هٰذَا يُحْمَلُ النَّفْيُ

ابن خزیمہ کی تھے نبی اور ابو بکر اور عمر آہستہ پڑھتے اور اسی پر محمول ہوتی ہے نفی

فِي رِوَايَةِ مُسْلِمٍ خِلَافًا لِمَنْ اَعَلَّهَا • وَعَنْ نُعَيْمٍ

روایت میں مسلم کی* برخلاف اسکے جسنے معلول کہا اسکو • اور نعیم

الْمُجْمِرِ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ

مجمر سے کہا نماز پڑھی میں نے پیچھے ابی ہریرہ رضی اللہ

عَنْهُ فَقَرَأَ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ثُمَّ قَرَأَ بِاُمِّ

عنہ کے سو پڑھی بسم اللہ الرحمن الرحیم پھر پڑھا سورۂ

الْقُرْاٰنِ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ وَلَا الضَّآلِّيْنَ قَالَ اٰمِيْنَ وَيَقُوْلُ

فاتحہ یہاں تک کہ جب پہنچا ولا الضالین تک کہا آمین اور کہتا تھا

كُلَّمَا سَجَدَ وَاِذَا قَامَ مِنَ الْجُلُوْسِ اللهُ اَكْبَرُ ثُمَّ يَقُوْلُ

جب سجدہ کرتا اور جب کھڑا ہوتا بیٹھنے سے اللہ اکبر پھر جب

اِذَا سَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنِّيْ لَاَشْبَهُكُمْ

سلام پھیرتا قسم ہے اسکی جسکے ہاتھ میں ہے میری جان میں زیادہ مشابہ ہوں

صَلٰوةً بِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ

تم میں کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت کیا اسکو نسائی و

* یعنی آہستہ پڑھنے کی روایت کو جان کر نفی بسم اللہ پڑھنے کی روایت میں بسم

خُزَيْمَةَ * وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ

ابن خزیمہ نے * اور روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَرَأْتُمُ الْفَاتِحَةَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے جب پڑھو تم سورۂ فاتحہ

فَاقْرَأُوا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ فَإِنَّهَا إِحْدَى

تو پڑھو بسم اللہ الرحمن الرحیم کہ وہ ایک آیتوں سے اُسکی ہی

آيَاتِهَا رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ وَصَوَّبَ وَقْفَهُ * وَعَنْهُ قَالَ

روایت کیا اُسکو دارقطنی نے اور صواب جانا موقوف ہونا اُسکا * اور وا می سے کہا

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ أُمِّ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم جب فارغ ہوتے تھے سورۂ فاتحہ کے پڑھنے سے

الْقُرْآنِ رَفَعَ صَوْتَهُ وَقَالَ آمِينَ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ

اونچی کرتے آواز اپنی اور فرماتے آمین روایت کیا اُسے دارقطنی نے

وَحَسَّنَهُ وَالْحَاكِمُ وَصَحَّحَهُ وَلِأَبِي دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيِّ

اور حسن ٹھہرایا اُسکو اور حاکم نے اور صحیح ٹھہرایا اُسکو اور ابی داؤد اور ترمذی

مِنْ حَدِيثِ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ نَحْوُهُ * وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

کے لئے وائل بن حجر کی حدیث سے ہی مانند اُسکی * اور روایت ہی عبد اللہ

بْنِ أَبِي أَوْفَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى

ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے کہا آیا ایک مرد

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّي لَا اَسْتَطِيعُ اَنْ
نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے پاس سو بولا میں طاقت نہیں رکھتا
اٰخُذَ مِنَ الْقُرْاٰنِ شَيْئًا فَعَلِّمْنِي مَا يُجْزِيْنِي قَالَ قُلْ
سیکھ لینے کی قرآن سے کچھ جو کام آوے میرے فرمایا کہہ
سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ
پاک ہی اللہ اور سب خوبیاں اللہ ہی میں ہیں کوئی نہیں معبود سوا اللہ کے
اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ
اور اللہ سب سے بڑا ہی اور نہیں پھرنے کی طاقت اور نہ زور مگر اللہ سے جو اونچا ہی بڑا
اَلْحَدِيْث رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَصَحَّحَهُ
آخر حدیث تک روایت کیا اُسے احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے اور صحیح
ابْنُ حِبَّانَ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَالْحَاكِمُ ۔ وَعَنْ اَبِي
ٹھہرایا اُسے ابن حبان اور دارقطنی اور حاکم نے ۔ اور ابی
قَتَادَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
قتادہ رضی اللہ عنہ سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ بِنَا فَيَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فِي
وسلم نماز پڑھاتے تھے ہم کو سو پڑھتے ظہر اور عصر کی اگلی
الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَسُوْرَتَيْنِ وَ
دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ اور دو سورتیں اور

يُسْمِعُنَا الْآيَةَ أَحْيَانًا وَيُطَوِّلُ الرَّكْعَةَ الْأُولَى وَيَقْرَأُ

سُنانے ہمکو آیت کبھی اور دراز کرتے پہلی رکعت کو اور پڑھتے

فِي الْأُخْرَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۔ وَعَنْ

پچھلی دو مین سورہ فاتحہ متفق علیہ ہی ۞ اور

أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا نَحْزِرُ قِيَامَ

ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہا تھے ہم اندازہ کرتے قیام کو

رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فَحَزَرْنَا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہر اور عصر مین سو اندازہ کیا ہم نے

قِيَامَهُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ قَدْرَ الم

قیام کو اُنکے اگلی دو رکعتون میں ظہر کی برابر الم

تَنْزِيلُ السَّجْدَةِ وَفِي الْأُخْرَيَيْنِ قَدْرَ النِّصْفِ مِنْ

تنزیل السجدہ کے اور دو پچھلی مین برابر نصف

ذٰلِكَ وَفِي الْأُولَيَيْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلَى قَدْرِ الْأُخْرَيَيْنِ

اُسکے اور دو اگلی مین عصر کی ظہر کی دو پچھلی

مِنَ الظُّهْرِ وَالْأُخْرَيَيْنِ عَلَى نِصْفٍ مِنْ ذٰلِكَ رَوَاهُ

کے برابر اور پچھلیون مین نصف پر اُسکے روایت کیا اُسکو

مُسْلِمٌ ۞ وَعَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ يَسَارٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

مسلم نے ۞ اور سلیمان بن یسار رضی اللہ عنہ سے

قَالَ كَانَ فُلَانٌ يُطِيلُ الْاُولَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ وَيُخَفِّفُ

کہا فلانا طول کرتا تھا دو اگلیون کو ظہر کی اور تخفیف کرتا

الْعَصْرَ وَيَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِقِصَارِ الْمُفَصَّلِ

عصر کو اور پڑھتا تھا مغرب مین قصار مفصل

وَفِي الْعِشَاءِ بِوَسَطِهِ وَفِي الصُّبْحِ بِطِوَالِهِ فَقَالَ

اور عشا مین وسط مفصل اور صبح مین طوال مفصل سو کہا

اَبُوهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ اَحَدٍ اَشْبَهَ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے نہ نماز پڑھی مین نے پیچھے کسی کے جو زیادہ مشابہ ہو

صَلَاةً بِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ هٰذَا اَخْرَجَهُ

نماز مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس شخص سے نکالا

النَّسَائِيُّ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ * وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ رَضِيَ

اسکو نسائی نے اسناد صحیح سے * اور جبیر بن مطعم رضی

اللهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اللہ عنہ سے کہا سنا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ اَبِي

پڑھتے مغرب مین سورۂ طور متفق علیہ ہی * اور ابو

هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي صَلٰوةِ الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ الٓمٓ تَنْزِيْلُ

وسلم کہ پڑھتے نماز میں فجر کی جمعہ کے دن سورہ الم تنزیل

السَّجْدَةِ وَهَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

السجدہ اور سورۂ ہل اتی علی الانسان متفق علیہ ہی

وَلِلطَّبَرَانِيِّ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ يُدِيْمُ ذٰلِكَ

اور طبرانی کے لئے حدیث سے ابن مسعود کی ہمیشہ کرتے یہہ

وَعَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ

اور حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا نماز پڑھی میں نے نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا مَرَّتْ بِهٖ اٰيَةُ رَحْمَةٍ اِلَّا وَقَفَ

صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جب گذرتی اُنسے کوئی آیۂ رحمت کی توقف کرتے

عِنْدَهَا يَسْاَلُ وَلَا اٰيَةُ عَذَابٍ اِلَّا تَعَوَّذَ مِنْهَا اَخْرَجَهُ

اُس پاس دعا کرتے اور جب گذرتی آیت عذاب کی پناہ مانگتے اُس سے نکالا

الْخَمْسَةُ وَحَسَّنَهُ التِّرْمِذِيُّ • وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

اُسکو پانچوں نے اور حسن ٹھہرایا اُسکو ترمذی نے • اور ابن عباس

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

اَلَا وَاِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَقْرَاَ الْقُرْاٰنَ رَاكِعًا اَوْ سَاجِدًا

خبردار میں منع کیا گیا ہوں کہ پڑھوں قرآن حالت رکوع یا سجدے میں

فَاَمَّا الرُّكُوعُ فَعَظِّمُوا فِيهِ الرَّبَّ وَاَمَّا السُّجُودُ

پھر رکوع سو بڑائی کرو اُسمیں رب کی اور سجدہ

فَاجْتَهِدُوا فِي الدُّعَاءِ فَقَمِنٌ اَنْ يُسْتَجَابَ لَكُمْ

سو کوشش کرو دعا میں سزاوار ہی کہ قبول پڑے تم سے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ

روایت کی اُسے مسلم نے * اور عایشہ رضی اللہ عنہا سے بولی کہ

كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي رُكُوعِهِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم فرماتے تھے رکوع اور

وَسُجُودِهِ سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ

سجود میں اپنے پاک ہی تو ای اللہ رب ہمارے اور خوب ہی تو ای اللہ

اغْفِرْ لِي مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ

بخش مجھے متفق علیہ ہی * اور ابی ہریرہ رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ

عنہ سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم جب کھڑے ہوتے تھے

اِلَى الصَّلٰوةِ يُكَبِّرُ حِينَ يَقُومُ ثُمَّ يُكَبِّرُ حِينَ يَرْكَعُ

نماز کیطرف تکبیر کہتے کھڑے ہونے کے وقت پھر تکبیر کہتے رکوع کرنے کے وقت

ثُمَّ يَقُولُ سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ حِينَ يَرْفَعُ صُلْبَهُ

پھر کہتے سن لیا اللہ نے جسنے تعریف کی اُسکی جب بلند کرتے اپنی پیٹھ کو پانو

مِنَ الرُّكُوعِ ثُمَّ يَقُولُ وَهُوَ قَائِمٌ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

رکوع سے پھر کہتے کھڑے ہوکے ای رب ہمارے اور تجھی کو تعریف ہی

ثُمَّ يُكَبِّرُ حِينَ يَهْوِي سَاجِدًا ثُمَّ يُكَبِّرُ حِينَ يَرْفَعُ

پھر تکبیر کہتے جب جھکتے سجدے کو پھر تکبیر کہتے جب اٹھاتے

رَاسَهُ ثُمَّ يُكَبِّرُ حِينَ يَسْجُدُ ثُمَّ يُكَبِّرُ حِينَ يَرْفَعُ ثُمَّ

سر اپنا پھر تکبیر کہتے جب سجدہ کرتے پھر تکبیر کہتے جب اٹھاتے سر اپنا پھر

يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي الصَّلٰوةِ كُلِّهَا حَتّٰى يَقْضِيَهَا وَيُكَبِّرُ

کرتے اسی طرح کل نماز میں ادا کرنے تک اُسکے اور تکبیر کہتے

حِينَ يَقُومُ مِنَ الثِّنْتَيْنِ بَعْدَ الْجُلُوسِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

جسدم کھڑے ہوتے دو رکعتوں سے بیٹھنے کے بعد متفق علیہ ہی

*وَعَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ

اور ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہا تھے

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اُٹھاتے تھے سر اپنا

الرُّكُوعِ قَالَ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْاءَ السَّمٰوَاتِ

رکوع سے فرماتے ای رب ہمارے تجھی کو تعریف ہی آسمان

وَالْاَرْضِ وَمِلْاءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ اَهْلَ

اور زمین بھر اور اُس بھر جو کچھ چاہے تو بعد اُسکے تو سزاوار ہی

الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ

تعریف اور بزرگی کے تو زیادہ حق والا ہی اُس سے جو بولا بندہ اور ہم سب تیرے بندے

اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا

ہیں ای اللہ نہین کوئی باز رکھنے والا اُس چیز کو جو تونے دیا اور نہ دینے والا اُس چیز کا

مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ رَوَاهُ

جسے تو نے منع کیا اور نہین کام آتی غنی کے بے پروائی اُسکی تیرے پاس روایت کیا

مُسْلِمٌ * وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ

اِسکو مسلم نے * اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اَسْجُدَ عَلٰى سَبْعَةِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا گیا ہوں مین کہ سجدہ کروں سات

اَعْظُمٍ عَلَى الْجَبْهَةِ وَاَشَارَ بِيَدِهٖ اِلٰى اَنْفِهٖ وَالْيَدَيْنِ

ہڈیوں پر پیشانی پر اور اشارہ کیا ہاتھ سے اپنی ناک اور ہاتھوں

وَالرُّكْبَتَيْنِ وَاَطْرَافِ الْقَدَمَيْنِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور گھٹنوں اور دونو پاؤں کے کنارونکی طرف متفق علیہ ہی

* وَعَنْ اَبِي بُحَيْنَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ

اور ابی بحینہ رضی اللہ عنہ سے مقرر نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا صَلّٰى فَرَّجَ بَيْنَ يَدَيْهِ

صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھتے تھے جگہہ چھوڑتے اپنے دونو ہاتھونکے درمیان

حَتّٰى يَبْدُوَ بَيَاضُ اِبْطَيْهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ • وَعَنِ الْبَرَاءِ

اتنا کہ ظاہر ہوتی تھی سفیدی آنکے بغلونکی متفق علیہ ہی * اور براء

بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

ابن عازب رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا نے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَجَدْتَ فَضَعْ كَفَّيْكَ وَارْفَعْ

رحمت بھیجے اللہ اوپر اوسکے اور سلام جب تو سجدہ کرے تو رکھ ہاتھ اپنے اور اٹھا

مِرْفَقَيْكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ • وَعَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ رَضِيَ

کہنیاں اپنی روایت کیا اُسے مسلم نے * اور وائل بن حجر رضی

اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَكَعَ فَرَّجَ

اللہ عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب رکوع کرتے تھے تو پھیلا رکھتے

بَيْنَ اَصَابِعِهٖ وَاِذَا سَجَدَ ضَمَّ اَصَابِعَهٗ رَوَاهُ الْحَاكِمُ

انگلیاں اپنی اور جب سجدہ کرتے سمیٹ لیتے انگلیاں اپنی روایت کیا اُسکو حاکم نے

• وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ

اور عایشہ رضی اللہ عنہ سے کہا دیکھا میں نے پیغمبر خدا

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مُتَرَبِّعًا رَوَاهُ النَّسَائِيُّ

صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے چار زانو روایت کیا اُسے نسائی نے

وَصَحَّحَهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ • وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ

اور صحیح ٹھہرایا اُسے ابن خزیمہ نے * اور ابن عباس رضی

اللهُ عَنهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ بَينَ

اللہ عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہتے تھے درمیان

السَّجدَتَينِ اَللّٰهُمَّ اغفِر لِي وَارحَمنِي وَاهدِنِي

دونوں سجدوں کے ای اللہ بخش دے مجھے اور رحم کر مجھپر اور ہدایت کر مجھے

وَعَافِنِي وَارزُقنِي رَوَاهُ الاَربَعَةُ اِلَّا النَّسَائِيَّ وَاللَّفظُ

اور عافیت دے مجھے اور روزی دے مجھے روایت کیا اسکو چارون نے مگر نسائی

لِاَبِي دَاؤُدَ وَصَحَّحَهُ الحَاكِمُ * وَعَن مَالِكِ بنِ

اور لفظ ابوداؤد کا ہی اور صحیح کہا اسکو حاکم نے * اور مالک ابن

الحُوَيرِثِ رَضِيَ اللهُ عَنهُ اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ

حویرث رضی اللہ عنہ سے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو

وَسَلَّمَ يُصَلِّي فَاِذَا كَانَ فِي وِترٍ مِن صَلٰوتِهٖ لَم يَنهَض

نماز پڑھتے سو جب ہوتے رکعت اول میں اپنی نماز کی نہیں اٹھتے

حَتّٰى يَستَوِيَ قَاعِدًا رَوَاهُ البُخَارِيُّ * وَعَن اَنَسٍ

جب تک برابر بیٹھ نہ لیتے روایت کیا اسکو بخاری نے * اور انس

رَضِيَ اللهُ عَنهُ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ

رضی اللہ عنہ سے مقرر پیغمبر خدا نے رحمت بھیجے اللہ انپر اور سلام قنوت پڑھی

شَهرًا بَعدَ الرُّكُوعِ يَدعُو عَلٰى اَحيَاءٍ مِن اَحيَاءِ

ایک مہینا بعد رکوع کے بد دعا کرتے قبیلوں پر قبائل سے

الْعَرَبِ ثُمَّ تَرَكَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلِأَحْمَدَ وَالدَّارَقُطْنِيِّ

عرب کے پھر چھوڑ دیا اسکو متفق علیہ ہے اور احمد اور دار قطنی کی روایت

نَحْوُهُ مِنْ وَجْهٍ آخَرَ وَزَادَا وَأَمَّا فِي الصُّبْحِ فَلَمْ يَزَلْ

ایسی ہی ہے دوسری وجہ سے اور زیادہ کیا دونو نے اور لیکن صبح میں سو ہمیشہ

يَقْنُتُ حَتَّى فَارَقَ الدُّنْيَا * وَعَنْهُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

قنوت پڑھتے تھے یہانتک کہ چھوڑا دنیا کو * اور انہی رضی الله

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَقْنُتُ إِلَّا إِذَا

عنہ سے مروی ہے رحمت بھیجے الله انپر اور سلام قنوت نہ پڑھتے تھے مگر جب

دَعَا لِقَوْمٍ أَوْ دَعَا عَلَى قَوْمٍ صَحَّحَهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ * وَعَنْ

دعا دیتے کسی قوم کو یا بد دعا کرتے کسی قوم پر صحیح کہا اسکو ابن خزیمہ نے * اور

سَعِيدِ بْنِ طَارِقٍ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ قُلْتُ لِأَبِي يَا أَبَتِ

سعید بن طارق اشجعی سے کہا کہا میں نے اپنے باپ کو اے باپ میرے

أَنْتَ قَدْ صَلَّيْتَ خَلْفَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مقرر نماز پڑھی تو نے پیچھے پیغمبر خدا صلی الله علیہ وسلم کے

وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِيٍّ أَفَكَانُوا يَقْنُتُونَ فِي الْفَجْرِ

اور ابی بکر اور عمر اور عثمان اور علی کے کیا قنوت پڑھتے تھے وے فجر کی نماز

قَالَ أَيْ بُنَيَّ مُحْدَثٌ رَوَاهُ الْخَمْسَةُ إِلَّا أَبَا دَاوُدَ

میں کہا اے لڑکے یہہ نئی بات ہے روایت کیا اسکو پانچوں نے مگر ابو داؤد

وَعَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ عَلَّمَنِي

اور حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے کہا سکھایا مجھے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ اَقُوْلُهُنَّ فِي

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی بول کہ کہتا ہوں میں اُنکو

قُنُوْتِ الْوِتْرِ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيْمَنْ هَدَيْتَ

قنوت میں وتر کی ای اللہ ہدایت کر مجھے اپنے ہدایت کئے ہوؤں میں

وَعَافِنِي فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِي فِيْمَنْ

اور عافیت بخش مجھے اپنے عافیت بخشے ہوؤں میں اور کارساز ہو میرا

تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِي فِيْمَا اَعْطَيْتَ

اُن لوگوں میں کہ تو اُنکا کارساز ہوا اور برکت دے مجھے اپنے دیئے میں

وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِي

اور بچا مجھے بُرائی سے اُس چیز کی کہ مقدر کیا تو نے سو بیشک تو حکم کرتا ہی

وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ اِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ

اور حکم نہیں کیا جاتا تجھ پر بیشک خوار نہیں ہوتا جسکو تو نے دوست رکھا

تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ رَوَاهُ الْخَمْسَةُ

تو برکت والا ہی ای رب ہمارے اور بلند ہی تو روایت کیا اُسے پانچ نے

وَزَادَ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ زَادَ

زیادہ کیا طبرانی اور بیہقی نے اور نہ عزت پاویگا جس سے عداوت کی تو نے زیادہ

النسائي من وجه آخر في آخره وصلى الله على النبي

کی نسائی نے دوسری وجہ سے آخر مین اُسکے اور درود بھیجے اللہ نبی پر

وللبيهقي عن ابن عباس رضي الله عنه قال كان

اور بیہقی کی روایت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ

رسول الله صلى الله عليه وسلم يعلمنا دعاء ندعو به في

پیغمبر خدا رحمت خدا کی اُنپر اور سلام سکھاتے تھے مجھے دعا کہ پڑھتے ہین ہم اُسے

القنوت من صلوة الصبح وفي سنده ضعف ۔ وعن ابي

قنوت مین صبح کی نماز مین اور سند مین اُسکی ضعف ہی * اور ابی

هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه

ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا نے رحمت اللہ کی اُنپر

وسلم اذا سجد احدكم فلا يبرك كما يبرك

اور سلام جب سجدہ کرے کوئی تم مین تو نہ بیٹھے جیسے بیٹھتا ہی

البعير وليضع يديه قبل ركبتيه اخرجه الثلاثة

اونٹ اور رکھے ہاتھ اپنے پہلے گھٹنوں کے اپنے نکالا اُسے تینون نے

وهو اقوى من حديث وائل رأيت النبي

اور وہ بہت قوی ہی حدیث سے وائل کی دیکھا مین نے نبی

صلى الله عليه وسلم اذا سجد وضع ركبتيه قبل

صلی اللہ علیہ و سلم کو جب سجدہ کرتے رکھتے گھٹنے اپنے پہلے اپنے

يَدَيهِ أخرجه الأربعة فَإِنَّ لِلأوَّلِ شَاهِدًا مِن

ہاتھوں کے نکالا اُسے چاروں نے کہ بیشک اول کے واسطے شاہد ہی

حَدِيثِ ابْنِ عمر صححه ابْنُ خُزَيمَةَ وذكره

حدیث سے ابن عمر کی صحیح کہا اُسے ابن خزیمہ نے اور ذکر کیا اُسکو

الْبُخَارِيُّ مُعَلَّقًا موقوفًا * وعن ابنِ عمر رضي

بخاری نے معلق موقوف * اور ابن عمر رضی

الله عنه أن رسول الله صَلَّى الله عليه وسلم كان إذا

اللہ عنہ سے مقرر پیغمبر خدا رحمت خدا کی اُن پر اور سلام جب

قعد للتشهد وضع يده اليسرى على ركبته

دعا کریگا اس سے اور وعدہ فرمایا کہ قبول فرماویگا تم سے پھر فرمایا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ مَالِكِ

سب تعریف اللہ کو ہی جو صاحب سارے جہانکا بڑا مہربان نہایت رحم والا مالک

يَوْمِ الدِّيْنِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ اَللّٰهُمَّ

انصاف کے دن کا نہیں کوئی لایق پوجنے کے مگر اللہ کرتا ہی جو چاہے ای اللہ

اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ

تو ہی اللہ نہیں لایق پوجنے کے کوئی مگر تو بے پروا ہی اور ہم فقیر ہیں

اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ عَلَيْنَا قُوَّةً

[illegible] ہم پر باران اور کر جو اتارا تو نے ہم پر توانائی

وَبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ ثُمَّ رَفَعَ يَدَهُ فَلَمْ يَزَلْ حَتّٰى

اور پہنچنا ایک وقت تک پھر اٹھایا ہاتھ اپنا پھر اونچا کئے رہے یہانتک

رَاٰى بَيَاضَ اِبْطَيْهِ ثُمَّ حَوَّلَ اِلَى النَّاسِ ظَهْرَهُ

کہ نظر آتی تھی سفیدی دونوں بغلوں کی انکے پھر پھیرا لوگوں کی طرف پیٹھ اپنی

وَقَلَّبَ رِدَاءَهُ مَحْصُوراً فِعَيَدَيْهِ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ ثُمَّ
اور پلٹ کر اور تھی اپنی چادر اٹھائے ہوئے تھے اپنے ہاتھ پھر متوجہ ہوئے لوگوں پر
وَنَزَلَ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ فَاَنْشَاءَ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى
اور نیچے اترے اور پڑھیں دو رکعتیں پھر ظاہر کیا اللہ پاک اور برتر نے
فَرَعَدَتْ وَبَرَقَتْ ثُمَّ اَمْطَرَتْ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ
سو گرجا اور چمکا پھر برسا فرمایا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور
قَالَ غَرِيْبٌ وَاِسْنَادُهُ جَيِّدٌ وَقِصَّةُ التَّحْوِيْلِ فِي
کہا یہ غریب ہے اور اسناد اسکی مستحکم ہے اور قصہ تحویل کا
الصَّحِيْحِ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ وَفِيْهِ
صحیح میں حدیث سے عبد اللہ ابن زید کی ہے اور اسمیں ہے
فَتَوَجَّهَ اِلَى الْقِبْلَةِ يَدْعُوْ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ جَهَرَ
پھر متوجہ ہوئے قبلے کی طرف دعا کرتے پھر پڑھیں دو رکعتیں جہر کیا
فِيْهِمَا بِالْقِرَاءَةِ وَلِلدَّارَ قُطْنِيِّ مِنْ مُرْسَلِ اَبِيْ جَعْفَرٍ
انکی قرات میں اور دار قطنی کی روایت مرسل سے ابی جعفر
الْبَاقِرِ وَحَوَّلَ رِدَاءَهُ لِيَتَحَوَّلَ الْقَحْطُ * وَعَنْ اَنَسٍ
ابن باقر کے اور الٹا چادر کو اپنی کہ پھر جاوے قحط * اور انس
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلاً دَخَلَ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ
رضی اللہ عنہ سے کہ ایک آدمی داخل ہوا مسجد میں جمعہ کے دن

وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يَخْطُبُ فَقَالَ

جس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے خطبہ پڑھتے تھے سو فرمایا

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَكَتِ الْاَمْوَالُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہلاک ہو گئے مال (یعنے جانور)

وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُغِيْثُنَا فَرَفَعَ

اور کٹ گئیں راہیں سو دعا کرو اللہ عزوجل سے فریاد کو پہنچے ہماری سو اٹھائے حضرت نے

يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ اَغِثْنَا فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ وَفِيْهِ

ہاتھ اپنے پھر فرمایا اے اللہ فریاد کو پہنچ ہماری پھر ذکر کیا ساری حدیث اور اسی

الدُّعَاءُ بِاِمْسَاكِهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ● وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ

میں ہی دعا مانگی رو کنے کی متفق علیہ ہی ● اور انس رضی

اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ اِذَا قُحِطُوْا

اللہ عنہ سے کہ عمر رضی اللہ عنہ جب قحط میں مبتلا ہوتے تھے لوگ دعاء

يَسْتَسْقِيْ بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَقَالَ

استسقا کرتے تھے عباس ابن عبد المطلب کو لے کر اور فرماتے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَسْقِيْ اِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا فَتَسْقِيْنَا وَاِنَّا

اے اللہ ہم پانی مانگتے تھے تجھ سے اپنے نبی کے وسیلے سے سو تو سیراب فرماتا تھا ہمکو اب ہم

نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا فَاسْقِنَا فَيُسْقَوْنَ

وسیلہ لائے ہیں تیرے پاس اپنے نبی کے چچا کا سو کر ہمکو سیراب پھر سیراب ہوتے تھے

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ * وَعَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ

روایت کیا اُسکو بخاری نے * اور انس رضی اللہ عنہ نے کہا

أَصَابَنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَطَرٌ فَحَسَرَ

پہنچا ہمکو اُس حال میں کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے مینھہ پھر نکالے

ثَوْبَهُ حَتَّى أَصَابَهُ مِنَ الْمَطَرِ وَقَالَ إِنَّهُ حَدِيْثُ

حضرت نے کپڑے اپنے یہانتک کہ پہنچی اُنکو مینھہ اور فرمایا کہ وہ نیا پہنچا ہوا ہی

عَهْدٍ بِرَبِّهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ

اپنے رب کے پاس سے روایت کیا اُسکو مسلم نے * اور عایشہ رضی اللہ

عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَأَى الْمَطَرَ

عنہا سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب دیکھتے تھے مینھہ

قَالَ اللّٰهُمَّ صَيِّبًا نَافِعًا أَخْرَجَاهُ * وَعَنْ سَعْدٍ رَضِيَ

فرماتے ای اللہ بھیج ہم پر ابر باران نفع کرنیوالا نکالا اُسکو دونوں نے * اور سعد رضی

اللهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا فِي الْاِسْتِسْقَاءِ

اللہ عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی استسقا میں

اَللّٰهُمَّ جَلِّلْنَا سَحَابًا كَثِيْفًا قَصِيْفًا دَلُوْقًا ضَحُوْكًا

ای اللہ ڈھانک ہمارے اوپر ابر کو جو گاڑھا ہو کر گرتا پانی برستا چمکتی بجلی کے ساتھ

تُمْطِرُنَا مِنْهُ رَذَاذًا قِطْقِطًا سَجْلًا يَا ذَا الْجَلَالِ ۔

کہ مینھہ برساوے تو ہم پر اُس سے نرم بوندیں کا چھوٹی بوندی کا خوب برسنا ای مرتبے

وَالْاِكْرَامِ رَوَاهُ اَبُوعَوَانَةَ فِي صَحِيحِهِ * وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

اللہ بزرگی والے اور روایت کیا اُسکو ابوعوانہ نے اپنی صحیح میں * اور ابی ہریرہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَرَجَ

رضی اللہ عنہ سے منقول ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا نکلے

سُلَيْمَانُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَسْتَسْقِي فَرَاٰى نَمْلَةً مُسْتَلْقِيَةً

سلیمان علیہ السلام کہ پانی مانگیں پھر دیکھا ایک چیونٹی ہی لیٹی اپنی

عَلٰى ظَهْرِهَا رَافِعَةً قَوَائِمَهَا اِلَى السَّمَاءِ تَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ

پیٹھ پر اُٹھائے اپنے پاؤں کو آسمان کی طرف کہتی ہی ای اللہ

اِنَّا خَلْقٌ مِنْ خَلْقِكَ لَيْسَ بِنَا غِنًى عَنْ سُقْيَاكَ

ہم مخلوق ہیں تیری مخلوقات سے نہیں ہی ہم میں بے پروائی تیرے پلانے کی چیز سے

فَقَالَ ارْجِعُوْا فَقَدْ سُقِيْتُمْ بِدَعْوَةِ غَيْرِكُمْ رَوَاهُ اَحْمَدُ

سو فرمایا حضرت نے پھرو تحقیق پانی دئے گئے تم غیر کی دعا کے سبب روایت کیا اُسکو

وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ * وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ

احمد نے اور صحیح کہا اُسکو حاکم نے * اور انس رضی اللہ عنہ سے منقول

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَسْقٰى فَاَشَارَ بِظَهْرِ كَفَّيْهِ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی مانگا سو اشارہ فرمایا * ش * پیٹھ سے اپنی دونوں ہتھیلیوں کی

اِلَى السَّمَاءِ اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ * بَابُ اللِّبَاسِ * عَنْ

آسمان کی طرف نکالا اُسکو مسلم نے * باب لباس کے بیان کا * روایت ہی

اَبِي عَامِرِ الْاَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
ابی عامر اشعری رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا پیغمبر
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَكُوْنَنَّ مِنْ اُمَّتِي اَقْوَامٌ
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ میری امت میں قوم ہونگے
يَسْتَحِلُّوْنَ الْخَزَّ وَالْحَرِيْرَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَاَصْلُهُ
حلال کرینگے خز *۱ش* اور ریشمی کپڑے کو روایت کیا اسکو ابوداود نے اور اصل اسکی
فِي الْبُخَارِيِّ * وَعَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ
بخاری میں ہی * اور حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا
نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَشْرَبَ فِي اٰنِيَةِ
منع فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پینے کو سونے
الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَاَنْ نَاْكُلَ فِيْهَا وَعَنْ لُبْسِ
اور روپے کے باسن میں اور کھانے کو اسمیں اور پہنے سے ریشمی
الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ وَاَنْ نَجْلِسَ عَلَيْهِ رَوَاهُ
کپڑے کے اور دیباج کے *۲ش* اور بیٹھنے سے اسپر روایت کیا اسکو
الْبُخَارِيُّ * وَعَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ نَهَى
بخاری نے * اور عمر رضی اللہ عنہ سے کہا منع کیا
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ اِلَّا
پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پہننے سے حریر کے مگر

۱ش* خز * ریشم کے کپڑے کو کہتے ہیں اور بعضوں نے کہا ہی کہ دریا میں ایک جانور ہے اسکا ریشم ہے وہ * ۲ش* [illegible]

مَوْضِعَ اُصْبُعَيْنِ اَوْثَلَاثٍ اَوْاَرْبَعٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ

دو انگلی یا تین انگلی یا چار انگلی کے برابر متفق علیہ ہی اور عبارت

لِمُسْلِمٍ * وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ

مسلم کی ہی * اور انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ

صلی اللہ علیہ وسلم نے رخصت دی عبد الرحمن ابن عوف

وَالزُّبَيْرِ فِي قَمِيْصِ الْحَرِيْرِ فِي سَفَرٍ مِنْ حِكَّةٍ

اور زبیر کو ریشمی قمیص سے سفر مین کھجلی کی بیماری کے سبب

كَانَتْ بِهِمَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ

جو اُن دونون کے پاس تھا متفق علیہ ہی * اور علی ابن ابی طالب

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَسَانِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رضی اللہ عنہ سے کہا دیا مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

حُلَّةً سِيَرَاءَ فَخَرَجْتُ فِيْهَا فَرَاَيْتُ الْغَضَبَ فِي وَجْهِهٖ

کپڑا ازرو خطوط تھا * ش ع سو نکلا میں اُسکو پہر کر دیکھا مین نے غصہ حضرت

فَشَقَقْتُهَا بَيْنَ نِسَائِي مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهٰذَا

کے چہرے پر پھر پھاڑ کر تقسیم کیا مین نے اُسکو اپنی عورتوں مین متفق علیہ اور یہہ

لَفْظُ مُسْلِمٍ * وَعَنْ اَبِي مُوسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ

عبارت مسلم کی ہی * اور ابی موسی رضی اللہ عنہ سے مقرر پیغمبر

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُحِلَّ الذَّهَبُ وَالْحَرِيرُ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال کیا گیا سونا اور ریشم پہننا میری امت

لِإِنَاثِ أُمَّتِي وَحُرِّمَ عَلَى ذُكُورِهِمْ رَوَاهُ أَحْمَدُ

کی عورتوں کو اور حرام کیا گیا انکے مردوں پر روایت کیا اسکو احمد

وَالنَّسَائِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ * وَعَنْ عِمْرَانَ

اور نسائی اور ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو * اور عمران

بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

ابن حصین رضی اللہ عنہ سے ہیکہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللهَ يُحِبُّ إِذَا أَنْعَمَ عَلَى عَبْدٍ نِعْمَةً

وسلم نے فرمایا کہ اللہ دوست رکھتا ہے جب بخشتا ہے کسی بندے پر نعمت

أَنْ يُرَى أَثَرُ نِعْمَتِهِ عَلَيْهِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ * وَعَنْ عَلِيٍّ

کہ پایا جاوے اسکی نعمت کا اثر اسپر روایت کیا اسکو بیہقی نے * اور علی

رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى

رضی اللہ عنہ سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا پہننے سے

عَنْ لُبْسِ الْقَسِّيِّ وَالْمُعَصْفَرِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وَعَنْ

قسی کے اور کسم کے رنگے کپڑے سے * ش * روایت کیا اسکو مسلم نے * اور

عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ رَأَى عَلَيَّ

عبد اللہ ابن عمرو رضی اللہ عنہ سے کہا دیکھا مجھ پر

* ش * قسی یعنی ہالکے قسم کے ریشم سے تیار ہوتا ہے۔ ایسے کپڑے پہنے میں زنانہ پن ہے اسیواسطے

النبي صلى الله عليه وسلم ثوبين معصفرين فقال امك

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو کپڑے کسم کے رنگے سو فرمایا کیا تیری ماں نے

امرتك بهذا رواه مسلم * وعن اسماء بنت ابي

حکم کیا اسکا روایت کیا اسکو مسلم نے * اور اسماء بنت ابی

بكر رضي الله عنها اخرجت جبة رسول الله صلى الله عليه

بکر رضی اللہ عنہ سے کہ اُسنے نکالا جبہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

وسلم مكفوفة الجيب والكمين والفرجين

وسلم کا سنجاب لگا گریبان کو اور آستینوں کو اور دونوں چاک کو

بالديباج رواه ابوداؤد واصله في مسلم وزاد

دیبا سے روایت کیا اُسکو ابوداؤد نے اور اصل اُسکی مسلم میں ہی اور زیادہ

كانت عند عائشة رضي الله عنها حتى قبضت

کیا یہہ کہ تھا نزدیک عایشہ رضی اللہ عنہا کے اُنکے انتقال تک پکڑ لیا

فقبضتها وكان النبي صلى الله عليه وسلم يلبسها فنحن

میں نے اُسکو اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پہنتے تھے اُسکو سو دھو کر پلاتے تھے ہم

نغسلها للمرضى نستشفي بها وزاد البخاري

اُسے مریض کو شفا مانگتے برکت سے اُسکی اور زیادہ کیا بخاری نے

في الادب المفرد وكان يلبسها للوفد والجمعة

ادب مفرد میں * اور پہنتے حضرت اُسے وفد کے اور جمعہ کے آنے کے وقت

كتاب الجنائز ❁ وعن ابي هريرة رضي الله عنه

کتاب جنازے کے بیان میں ❁ روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثِرُوا ذِكْرَ

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اکثر ذکر کرو لذت کی

هَادِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ

ڈھانے والی کا جو موت ہی روایت کی اُسکو ترمذی اور نسائی نے

وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ ❁ وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان نے ❁ اور انس رضی اللہ عنہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَمَنَّيَنَّ

کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آرزو نکرے کوئی تم میں

اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهِ فَاِنْ كَانَ لَا بُدَّ مُتَمَنِّيًا

موت کی بسبب تکلیف کے جو اُتری اُسپر پھر اگر ہو ضرور آرزو کرنے والا

فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ اَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًا لِي

موت کی تو کہے ای اللہ جلا مجھے جب تک ہو حیات بہتر میرے لئے

وَتَوَفَّنِي مَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور مار مجھے جب ہو مرنا بہتر میرے لئے متفق علیہ ہی

وَعَنْ بُرَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور بریدہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ مَنْ يَمُوتُ بِعَرَقِ الْجَبِيْنِ

وسلم سے فرمایا مومن وہی جو مرے پیشانی کے پسینے کے ساتھ

رَوَاهُ الثَّلَاثَةُ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ * وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ

روایت کیا اسے تینوں نے اور صحیح کہا اسکو ابن حبان نے * اور ابی سعید

وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہما سے کہا دونوں نے فرمایا پیغمبر خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

صلی اللہ علیہ وسلم نے تلقین کرو اپنے مردونکو لا الہ الا اللہ روایت کیا اسکو مسلم نے

وَالْاَرْبَعَةُ * وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اور چاروں نے * اور معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اقْرَؤُا عَلٰى مَوْتَاكُمْ

مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پڑھو اپنے مردوں کے پاس سورۂ

يٰسٓ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ

یٰس روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے اور صحیح کہا اسکو ابن حبان نے *

* وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَتْ دَخَلَ رَسُوْلُ

اور ام سلمہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا داخل ہوئے رسول اللہ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِيْ سَلَمَةَ وَقَدْ شَقَّ بَصَرُهُ

صلی اللہ علیہ وسلم ابی سلمہ کے پاس جس حال میں کھلی رہی تھی آنکھ اسکی

فَاَغْمَضَهُ ثُمَّ قَالَ اِنَّ الرُّوْحَ اِذَا قُبِضَ اَتْبَعَهُ

پھر بند کر دیا آنکھ اُسکی پھر فرمایا مقرر روح جب قبض ہوتی ہی ساتھ دیتی ہی

الْبَصَرُ فَضَجَّ نَاسٌ مِنْ اَهْلِهِ فَقَالَ لَا تَدْعُوا عَلٰی

اُسکا بینائی پھر شور کیا لوگوں نے اُسکے گھر کے سو فرمایا مت طلب کرو

اَنْفُسِكُمْ اِلَّا بِخَيْرٍ فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُؤَمِّنُ عَلٰى مَا

اپنے نفس پر مگر نیک بات کہ بیشک فرشتے آمین کہتے ہیں اُسپر جو

تَقُوْلُوْنَ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَبِيْ سَلَمَةَ وَارْفَعْ

تم کہتے ہو پھر فرمایا ای اللہ بخشدے ابی سلمہ کو اور اونچا کر اُسکا

دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ وَافْسَحْ لَهُ فِيْ قَبْرِهِ وَنَوِّرْ

درجہ ہدایت پانے والوں میں اور کشادہ کر دے اُسکے لئے اُسکی قبر اور روشنی دے

لَهُ فِيْهِ وَاخْلُفْهُ فِيْ عَقِبِهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اُسکے لئے اُسمیں اور خلافت کر اُسکے لڑکے بالوں میں اُسکے پیچھے روایت کیا اُسکو مسلم نے

وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

حِيْنَ تُوُفِّيَ سُجِّيَ بِبُرْدٍ حِبَرَةٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهَا اَنَّ

جسوقت وفات فرمائی ڈھانکے گئے کپڑے سے جو بردیمانی تھا متفق علیہ ہی اور اُسی سے

اَبَا بَكْرٍ قَبَّلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَوْتِهِ رَوَاهُ

کہ ابی بکر نے بوسا لیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اُنکے مرنے کے بعد روایت کیا اُسکو

البخاري * وعن ابي هريرة رضي الله عنه عن

بخاری نے * اور روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی اُس سے

النبي صلى الله عليه وسلم قال نفس المؤمن معلقة

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جان مومن کی تنگی رہتی ہی اُسکے

بدينه حتى يقضى عنه رواه احمد

قرض کے سبب جب تک کہ ادا کیا جاتا نہی قرض اُسسے * ش * روایت کیا اُسکو احمد

والترمذي وحسنه * وعن ابن عباس رضي الله

اور ترمذی نے اور حسن کہا اُسکو * اور ابن عباس رضی اللہ

عنه ان النبي صلى الله عليه وسلم قال في الذي سقط

عنہ سے منقول نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حق میں اُس شخص کے جو گرا

عن راحلته فمات اغسلوه بماء وسدر وكفنوه

اپنے اونٹ پر سے پھر مر گیا نہلاؤ اُسکو پانی سے اور بیر کی سے * ش * اور کفناؤ

في ثوبين متفق عليه * وعن عائشة رضي الله عنها

اُسکو دو کپڑے دو میں متفق علیہ ہی * اور عایشہ رضی اللہ عنہا سے

قالت لما ارادوا غسل النبي صلى الله عليه وسلم قالوا

بولی جب چاہا اصحابوں نے کہ غسل دین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بولے

والله ما ندري نجرد رسول الله صلى الله عليه وسلم

قسم اللہ کی نہین خیال میں آتا ہمارے کہ بدن کھولین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا

كَمَا تَجِدُّ دُمُوْنَا بِأَمْرٍ لَا الْحَدِيْثِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ

جیسا کھولتے ہیں اپنے مردوں کا یا نہیں آخر حدیث تک روایت کیا اسکو احمد اور

اَبُوْدَاؤُدَ وَعَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ

ابو داود نے۔ اور روایت ہے ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے بولی آئے

دَخَلَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَغْسِلُ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس اُس حال میں کہ نہلاتی تھیں ہم اُنکی

اِبْنَتَهُ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ

بیٹی کو سو فرمایا نہلاؤ اُسے تین دفع یا پانچ یا زیادہ اُس سے اگر دیکھو تم

اِنْ رَأَيْتُنَّ ذٰلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَاجْعَلْنَ فِي الْاٰخِرَةِ

حاجت اُسکی پانی سے اور بیری سے اور ملاؤ آخر کو کافور یا کچھ

كَافُوْرًا اَوْ شَيْئًا مِنْ كَافُوْرٍ فَلَمَّا فَرَغْنَا اٰذَنَّاهُ فَاَلْقٰى

کافور کی قسم سے سو جب فراغت کی ہم نے خبر دی اُنکو پھر ڈالدی

اِلَيْنَا حَقْوَهُ فَقَالَ اَشْعِرْنَهَا اِيَّاهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي

حضرت نے ہماری طرف ازار اپنی پھر فرمایا پہناؤ اسے اُسکو متفق علیہ ہی اور ایک

رِوَايَةٍ اِبْدَاْنَ بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا

روایت میں شروع کرو داہنے سے اُسکے اور وضو کی جگہ سے اُسکے

وَفِي لَفْظِ الْبُخَارِيِّ فَضَفَرْنَا شَعْرَهَا ثَلَاثَةَ قُرُوْنٍ

اور بخاری کی عبارت میں پھر گوندھے ہمنے اُسکے بال تین لٹین

فَأَبْقَيْنَاهُ خَلْفَهَا • وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

پھر اُس کو ڈال دیا ہمنے اُسکے پیچھے * اور روایت ہی عائشہ رضی اللہ عنہا سے

قَالَتْ كُفِّنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَلَاثَةِ

کہا کفن دیے گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تین سفید

أَثْوَابٍ بِيضٍ سَحُولِيَّةٍ مِنْ كُرْسُفٍ لَيْسَ فِيهَا

کپڑوں میں سحول کے سوتی * نہ تھا اسمین

قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ

قمیص اور نہ عمامہ متفق علیہ ہی * اور ابن عمر

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ أُبَيٍّ

رضی اللہ عنہ سے کہا جب مرا عبد اللہ ابن ابی * ش *

جَاءَ ابْنُهُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَعْطِنِي

آیا بیٹا اُسکا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عرض کیا عنایت کیجیے مجھے قمیص

قَمِيصَكَ أُكَفِّنْهُ فِيهِ فَأَعْطَاهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ

اپنا کہ کفناؤں اُسمین اپنے باپ کو اُسمین سو دیا حضرت نے اُسکو متفق علیہ ہی • اور

عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

الْبَسُوا مِنْ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضَ فَإِنَّهَا مِنْ خَيْرِ ثِيَابِكُمْ

پہنو کپڑے اپنے سفید کہ وہ بہتر ہی کپڑوں مین تمہارے

وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ رَوَاهُ الْخَمْسَةُ إِلَّا النَّسَائِيَّ وَ
اور کفنا ؤ اُسمیں اپنے مُردونکو روایت کیا اُسکو پانچون نے مگر نسائی
صَحَّحَهُ التِّرْمِذِيُّ * وَعَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ
اور صحیح کہا اسکو ترمذی نے * اور جابر رضی اللہ عنہ سے ہی کہا
قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَفَّنَ أَحَدُكُمْ
فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کفن دے کوئی تم میں اپنے
أَخَاهُ فَلْيُحْسِنْ كَفَنَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وَعَنْهُ كَانَ
بھائی کو تو اچھا دے کفن اُسکو روایت کیا اُسکو مسلم نے * اور اُسی سے ہی
النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اکٹھا دفن کرتے تھے دو آدمیون کو شہیدون میں سے
قَتْلَى أُحُدٍ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ ثُمَّ يَقُولُ أَيُّهُمْ أَكْثَرُ
احد کے ایک کپڑے میں پھر فرماتے کون ہی اُنمیں کا زیادہ
أَخْذًا لِلْقُرْآنِ فَيُقَدِّمُهُ فِي اللَّحْدِ وَلَمْ يُغَسَّلُوا وَلَمْ
حافظ قرآن سو آگے رکھتے اُسے لحد میں اور نہ غسل دئے گئے وے اور نہ
يُصَلَّ عَلَيْهِمْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ * وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ
نماز پڑھی گئی اُنپر روایت کیا اُسکو بخاری نے * اور روایت ہی علی رضی
اللَّهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ
اللہ عنہ سے کہا سُنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ

لَا تَغَالَوْا فِي الْكَفَنِ فَإِنَّهُ يُسْلَبُ سَرِيعًا رَوَاهُ

نہ زیادتی کرو کفن میں کہ بیشک وہ خراب ہو جاتا ہے جلدی روایت کیا اسکو

أَبُو دَاوُدَ ❊ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ

ابو داؤد نے ❊ اور روایت ہی عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا لَوْ مِتِّ قَبْلِي لَغَسَّلْتُكِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انکو اگر تو مرتی مجھسے پہلے تو میں غسل دیتا تجکو

الْحَدِيثَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَصَحَّحَهُ ابْنُ

آخر حدیث تک روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ نے اور صحیح کہا اسکو ابن

حِبَّانَ ❊ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ أَنَّ فَاطِمَةَ رَضِيَ

حبان نے ❊ اور روایت ہی اسماء بنت عمیس سے کہ فاطمہ رضی

اللّٰهُ عَنْهَا أَوْصَتْ أَنْ يُغَسِّلَهَا عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اللہ عنہا نے وصیت کی کہ غسل دیں انکو علی رضی اللہ عنہ

رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ ❊ وَعَنْ بُرَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

روایت کیا اسکو دارقطنی نے ❊ اور بریدہ رضی اللہ عنہ سے ہی

فِي قِصَّةِ الْغَامِدِيَّةِ الَّتِي أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قصے میں غامدیہ کے جسکو حکم فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

بِرَجْمِهَا فِي الزِّنَا قَالَ ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَصُلِّيَ عَلَيْهَا

سنگسار کا زنا کے مقدمے میں کہا پھر حکم فرمایا انکو پھر نماز پڑھی گئی اسپر

وَدُفِنَتْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وَعَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اور دفن کی گئی وہ روایت کیا اسکو مسلم نے * اور جابر رضی اللہ عنہ سے

قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَتَلَ نَفْسَهُ

کہا لائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مرد کو جسنے قتل کیا اپنی جانکو

بِمَشَاقِصَ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وَعَنْ

تیر کے پیکانو نسے سو نماز نہ پڑھی حضرت نے اسپر روایت کیا اسکو مسلم نے * اور

أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي قِصَّةِ الْمَرْأَةِ الَّتِي

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے قصے میں ایک عورت کے جو رہا کرتی تھی

كَانَتْ تَقُمُّ الْمَسْجِدَ فَسَأَلَ عَنْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

مسجد میں جھاڑو دینے کو پوچھا حال اسکا نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فَقَالُوا مَاتَتْ فَقَالَ أَفَلَا كُنْتُمْ آذَنْتُمُونِي

وسلم نے بولے لوگ مرگئی فرمایا بھلا خبر نہ دی تم نے مجھے

فَكَأَنَّهُمْ صَغَّرُوا أَمْرَهَا فَقَالَ دُلُّونِي عَلَى قَبْرِهَا

سو گویا انھوں نے حقارت کی اسکے کام کی پھر فرمایا بتاؤ مجھے اسکی قبر

فَدَلُّوهُ فَصَلَّى عَلَيْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ مُسْلِمٌ ثُمَّ

سو لے گئے اسکو پھر نماز پڑھی حضرت نے اسپر متفق علیہ ہی اور زیادہ کیا مسلم نے پھر

قَالَ إِنَّ هٰذِهِ الْقُبُورَ مَمْلُوءَةٌ ظُلْمَةً عَلَى أَهْلِهَا وَإِنَّ

فرمایا کہ یہ قبریں تاریکی سے بھری تھیں قبر والوں پر اور

اللهُ يُنَوِّرُهَا لَهُمْ بِصَلوتِي عَلَيْهِمْ * وَعَنْ حُذَيْفَةَ

اسے منور روشن کر دیا اللہ نے اُنکے حق میں میری نماز سے کہ اُنپر پڑھی * اور حذیفہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهىٰ

رضی اللہ عنہ سے روایت ہی مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم منع کرتے تھے

عَنِ النَّعْيِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ

موت کی خبر دینے سے روایت کیا اُسکو احمد اور ترمذی نے اور حسن کہا اُسکو *

وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی مقرر نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ نَعَى النَّجَاشِيَّ فِي الْيَوْمِ الَّذِي مَاتَ

وسلم نے خبر دی نجاشی کے مرنے کی جس دن وہ موا

فِيهِ وَخَرَجَ بِهِمْ اِلَى الْمُصَلّٰى فَصَفَّ بِهِمْ وَكَبَّرَ

اور نکلے اصحاب کے ساتھ عید گاہ کی طرف پھر صف باندھی اُنکے ساتھ

عَلَيْهِ اَرْبَعًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ

اور کہیں چار تکبیریں اُسپر متفق علیہ ہی * اور ابن عباس رضی

اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ

اللہ عنہ سے کہا سُنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے نہیں ہی

مَا مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ يَمُوتُ فَيَقُومُ عَلٰى جَنَازَتِهِ اَرْبَعُونَ

کوئی مرد ایسا مسلمان کہ مرجاوے اور کھڑے ہوں اُسکے جنازے پر چالیس

رَجُلًا لَا يُشْرِكُوْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا اِلَّا شَفَّعَهُمُ اللّٰهُ فِيْهِ

آدمی کہ مشرک نہوں کسیطور سے مگر شفیع کرتا ہی اللہ انکو اسکے حق مین

رَوَاهُ مُسْلِمٌ ۞ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

روایت کیا اسکو مسلم نے ۞ اور سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے

قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ مَاتَتْ

کہا نماز پڑھی مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ایک عورت پر جو مرگئی

فِي نِفَاسِهَا فَقَامَ وَسَطَهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۞ وَعَنْ عَائِشَةَ

اپنے نفاس مین پھر کھڑے ہوئے بیچ مین اسکے جنازہ کے متفق علیہ ہی ۞ اور عایشہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ وَاللّٰهِ لَقَدْ صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ

رضی اللہ عنہا سے بولی قسم ہی اللہ کی البتہ نماز پڑھی رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ابْنَيْ بَيْضَاءَ فِي الْمَسْجِدِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بیٹوں پر بیضاء کے مسجد مین روایت کیا اسکو مسلم نے ۞

۞ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ كَانَ

اور روایت ہی عبد الرحمن ابن ابی لیلی سے کہا کہ

زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ يُكَبِّرُ عَلٰى جَنَائِزِنَا اَرْبَعًا وَاِنَّهُ كَبَّرَ

زید ابن ارقم تکبیر کہتے تھے ہمارے جنازون پر چار تکبیر اور بیشک اسنے

عَلٰى جَنَازَةٍ خَمْسًا فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

کہی ایک جنازے پر پانچ تکبیر پھر پوچھا مین نے اسکو سو کہا رسول اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ هَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالْأَرْبَعَةُ

صلى الله عليه وسلم تکبیر کہتے تھے اسطرح روایت کیا اسکو مسلم اور چاروں نے

وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّهُ كَبَّرَ عَلَى سَهْلِ بْنِ

اور علی رضی اللہ عنہ سے ہی کہ انھوں نے تکبیر کہی سہل ابن

حُنَيْفٍ سِتًّا وَقَالَ إِنَّهُ بَدْرِيٌّ رَوَاهُ سَعِيدُ بْنُ

حنیف پر چھہ اور کہا کہ وہ جنگ بدر کے مجاہدوں میں ہی روایت کیا اسکو سعید ابن

مَنْصُورٍ وَأَصْلُهُ فِي الْبُخَارِيِّ • وَعَنْ جَابِرٍ رَضِيَ

منصور نے اور اصل اسکی بخاری میں ہی * اور جابر رضی

اللهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ

اللہ عنہ سے کہا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہتے تھے ہمارے

عَلَى جَنَائِزِنَا أَرْبَعًا وَيَقْرَأُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِي التَّكْبِيرَةِ

جنازوں پر چار تکبیر اور پڑھتے تھے حضرت سورۂ فاتحہ یہاں تکبیر

الْأُولَى رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ بِإِسْنَادٍ ضَعِيفٍ * وَعَنْ

میں روایت کیا اسکو شافعی نے اسناد ضعیف سے • اور

طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

روایت ہی طلحہ ابن عبد اللہ ابن عوف رضی اللہ عنہ سے

قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ ابْنِ عَبَّاسٍ عَلَى جَنَازَةٍ فَقَرَأَ

کہا نماز پڑھی میں نے پیچھے ابن عباس کے جنازے پر سو پڑھی

فَاتِحَةَ الْكِتَابِ فَقَالَ لِتَعْلَمُوا أَنَّهَا سُنَّةٌ رَوَاهُ

سورۂ فاتحہ سو کہا کہ جان رکھو کہ وہ سنت ہی روایت کیا اسکو

الْبُخَارِيُّ • وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ

بخاری نے * اور روایت ہی عوف ابن مالک رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جَنَازَةٍ

عنہ سے کہا کہ نماز پڑھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنازے پر

فَحَفِظْتُ مِنْ دُعَائِهِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ

سو سیکھی میں نے دعا اُنکی ای اللہ بخشدے اُسے اور رحم کر اُسپر اور آرام دے اُسے

وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مَدْخَلَهُ

اور معاف کر اُسے اور کرم کر مہمانی میں اُسکی اور کشادہ کر قبر اُسکی

وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا

اور دھو اُسے پانی سے اور برف سے اور اولوں سے اور پاک کر گناہوں سے

كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَأَبْدِلْهُ

جیسا پاک کیا جاتا ہی سفید کپڑا میل سے اور بدل دے اُسے

دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ وَأَدْخِلْهُ

اچھا گھر اُسکے گھر سے اور اچھے لوگ اُسکے لوگوں سے اور داخل کر اُسے

الْجَنَّةَ وَقِهِ فِتْنَةَ الْقَبْرِ وَعَذَابَ النَّارِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

جنت میں اور بچا اُسے قبر کے فساد سے اور جہنم کے عذاب سے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال کان رسول

اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ پیغمبر خدا

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلی علی جنازۃ یقول

رحمت اللہ کی اوپر اور سلام جب پڑھتے تھے نماز جنازے پر کہتے

اللھم اغفر لحینا ومیتنا وشاھدنا وغائبنا

ای اللہ بخشدے جیتونکو ہمارے اور مردونکو ہمارے اور حاضر کو ہمارے اور غایب کو ہمارے

وصغیرنا وکبیرنا وذکرنا وانثانا اللھم من

اور چھوٹے کو ہمارے اور بڑے کو ہمارے اور مردونکو ہمارے اور عورتونکو ہماری ای اللہ

احییتہ منا فاحیہ علی الاسلام ومن توفیتہ منا

جسکو زندہ رکھے تو ہم میں سے سو زندہ رکھ اُسے اسلام پر اور جسکو مارے تو ہم میں سے

فتوفہ علی الایمان اللھم لا تحرمنا اجرہ ولا تفتنا

تو مار اُسے ایمان پر ای اللہ مت محروم کر ہمکو اُسکے ثواب سے اور نہ فتنے میں

بعدہ رواہ مسلم والاربعۃ * وعنہ ان

ڈال ہمکو بعد اُسکے روایۃ کیا اُسکو مسلم اور چاروں نے * اور اُسی سے ای

النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا صلیتم علی المیت

کہ حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب نماز پڑھو تم مُردے پر

فاخلصوا لہ الدعاء رواہ ابوداؤد وصححہ

تو اخلاص سے کرو اُسکے لئے دعا روایت کیا اُسے ابوداؤد نے اور صحیح کہا اُسے

ابن حبان * وعن ابي هريرة رضي الله عنه عن

ابن حبان نے * اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی اُسنے

النبي صلى الله عليه وسلم قال اسرعوا بالجنازة

نبی سے رحمت خدا کی اُنپر اور سلام فرمایا جلدی لے جاؤ جنازے کو

فان تك صالحة فخير تقدمونها اليه وان تك

سو اگر ہوگا صالح تو خیر ہی آگے پہنچاؤگے اُسے اُسکی طرف اور اگر ہوگا اُسکے

سوى ذلك فشر تضعونه عن رقابكم متفق عليه

سوا تو ایک فساد تھا کہ دور کروگے اُسے گردنوں سے اپنی متفق علیہ ہی

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من

اور اُسی سے ہی کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا نے رحمت اللہ کی اُنپر اور سلام جو

شهد الجنازة حتى يصلى عليها فله قيراط ومن

حاضر ہوا جنازے پر یہانتک کہ نماز پڑھی اُسپر تو اُسکو ایک قیراط ہی

شهدها حتى تدفن فله قيراطان قيل

اور جو کوئی حاضر رہا یہانتک کہ دفن ہوا تو اُسکو دو قیراط ہی (ثواب)

وما القيراطان قال مثل الجبلين العظيمين متفق

کسی نے عرض کی اور کیا ہیں دو قیراطیں فرمایا برابر دو بڑے پہاڑوں کے متفق

عليه ولمسلم حتى توضع في اللحد وللبخاري

علیہ ہی اور مسلم کی روایت یہانتک کہ رکھا جاوے لحد میں اور بخاری کی روایت

مَنْ تبعَ جنازةَ مُسْلِمٍ اِيمانًا وَاِحتسابًا وكانَ

جو پیچھے چلے مسلمان کے جنازے کے از روی ایمان اور ثواب جاننے کے

مَعَهُ حتّٰى يُصلّٰى عليها وَيُفْرغ مِنْ دَفْنِها فَاِنّهُ

وررہے ساتھ اسکے یہاں تک کہ نماز پڑھی جاوے اسپر اور فراغت ہو دفن سے

يَرْجِعُ بِقِيْرَاطَيْنِ كُلُّ قِيْرَاطٍ مِثْلُ جَبَلِ اُحُدٍ

اُسکے تو پھریگا وہ ساتھ دو قیراط کے ہر قیراط جیسے اُحد کا پہاڑ *

وعَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عليه

اور روایت ہی سالم سے نقل کی اُسنے اپنے باپ سے اُسنے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ

وَسلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وعمرَ يمشُونَ اَمَامَ الْجَنَازةِ رَوَاه

وسلم کو اور ابو بکر اور عمر کو چلتے آگے جنازے کے روایت کیا اسکو

الْخَمْسَةُ وَصَحَّحَهُ ابنُ حِبَّانَ وَاَعَلَّهُ النَّسَائِيُّ

پانچوں نے اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان نے اور معلول کہا اُسے نسائی نے

وَطَائِفَةٌ بِالْاِرْسَالِ * وعَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ رَضِيَ الله

اور ایک گروہ نے یعنی طرف مرسل ہونیکے * اور روایت ہی ام عطیہ رضی اللہ

عَنْهَا قَالَتْ نُهِيْنَا عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ وَلَمْ يُعْزَمْ

عنہا سے بولی منع کی گئیں ہم پیچھے چلنے سے جنازے کے اور نہ تاکید کی گئی

عَلَيْنَا مُتَّفقٌ عَلَيْهِ * وعَنْ اَبِي سَعِيْدٍ اَنَّ رَسُولَ اللهِ

ہم پر متفق علیہ ہی * اور ابی سعید سے روایت ہی کہ حضرت رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَاَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب دیکھو تم جنازہ تو کھڑے ہو جاؤ
فَمَنْ تَبِعَهَا فَلَا يَجْلِسْ حَتّٰى تُوْضَعَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
پھر جو چلے اُسکے ساتھ تو نہ بیٹھے جب تک رکھا جاوے وہ متفق علیہ ہی *

وَعَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ
اور روایت ہی ابی اسحق سے مقرر عبد اللہ ابن زید رضی اللہ
عَنْهُ اَدْخَلَ الْمَيِّتَ مِنْ قِبَلِ رِجْلِ الْقَبْرِ وَقَالَ
عنہ نے داخل کیا مردے کو پاؤں کیطرف سے قبر کی اور کہا
هٰذَا مِنَ السُّنَّةِ اَخْرَجَهُ اَبُوْدَاوُدَ * وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ
یہہ سنت ہی نکالا اسکو ابو داؤد نے * اور روایت ہی ابن عمر
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
رضی اللہ عنہما سے نقل کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا
اِذَا وَضَعْتُمْ مَوْتَاكُمْ فِي الْقُبُوْرِ فَقُوْلُوْا بِسْمِ اللّٰهِ
جب رکھو تم مردون کو اپنے قبر و نمین تو کہو نام سے اللہ کے
وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْرَجَهُ اَحْمَدُ
اور ملت پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نکالا اسکو احمد
وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ وَاَعَلَّهُ
اور ابو داؤد اور نسائی نے اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان نے اور معلول کہا اُسکو

الدار قطني بالوقف ٭ وعن عائشة رضي الله
دار قطنی نے بسبب موقوف ہونے کے ٭ اور عایشہ رضی اللہ
عنها ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كسر عظم
عنہا سے منقول ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا توڑنا ہڈی کا
الميت ككسره حيا رواه ابو داؤد باسناد
مردے کی جیسا توڑنا ہڈی کا زندگی میں روایت کیا اسے ابو داؤد نے ایسی اسناد سے
على شرط مسلم وزاد ابن ماجة من حديث
جو مسلم کی شرط پر ہی اور زیادہ کیا ابن ماجہ نے حدیث سے
ام سلمة في الاثم ٭ وعن سعد بن ابي وقاص
ام سلمہ کی گناہ میں ٭ اور سعد ابن ابی وقاص
رضي الله عنه قال الحدوا لي لحدا وانصبوا علي
رضی اللہ عنہ سے کہا کرو میرے لئے لحد اور رکھائیو مجھ پر کچی
اللبن نصبا كما صنع برسول الله صلى الله عليه وسلم
اینٹیں جیسا کیا گیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ
رواه مسلم وللبيهقي عن جابر نحوه
روایت کیا اسکو مسلم نے اور بیہقی کی روایت جابر سے مانند اسکی ہی
وزاد ورفع قبره عن الارض قدر شبر وصححه
اور زیادہ کیا اور بلندکی گئی قبر انکی زمین سے موافق ایک بالشت کے اور صحیح کہا

ابْنُ حِبَّانَ وَلِمُسْلِمٍ عَنْهُ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰہِ

اسکو ابن حبان نے اور مسلم کی روایت اُسی سے منع فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّجَصَّصَ الْقَبْرُ وَاَنْ يُّقْعَدَ عَلَيْهِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ گچ کی جاوے قبر اور یہہ کہ بیٹھا جاوے اُسپر

وَاَنْ يُّبْنٰى عَلَيْهِ * وَعَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ رَضِيَ

اور مکان بنایا جاوے اُسپر * اور عامر ابن ربیعہ رضی

اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلٰى عُثْمَانَ

اللہ عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی عثمان

بْنِ مَظْعُوْنٍ وَاَتَى الْقَبْرَ فَحَثٰى عَلَيْهِ ثَلَاثَ

بن مظعون پر اور آئے قبر پر پھر ڈالیں اُسپہ تین لپین

حَثَيَاتٍ وَهُوَ قَائِمٌ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ. وَعَنْ عُثْمَانَ

کھڑے کھڑے روایت کیا اُسکو دار قطنی نے * اور عثمان

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رضی اللہ عنہ سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اِذَا فَرَغَ مِنْ دَفْنِ الْمَيِّتِ وَقَفَ عَلَيْهِ وَقَالَ

جب فراغت کرتے تھے دفن سے مُردے کے توقف کرتے اُسپر اور فرماتے

اسْتَغْفِرُوْا لِاَخِيْكُمْ وَسَلُوْا لَهُ التَّثْبِيْتَ فَاِنَّهُ الْاٰنَ

بخشش مانگو اپنے بھائی کی اور مانگو اُسکے لئیے ثابت قدم رہنا کہ وہ اِسوقت

رواه ابوداؤد وصححه الحاكم * وعن

روایت کیا اُسکو ابو داؤد نے اور صحیح کہا اُسکو حاکم نے * اور سے

ضمرة بن حبيب احد التابعين قال كانوا يستحبون

ضمرہ ابن حبیب سے جو ایک تابعیون سے ہی کہا پسند کہتے تھے وے سب

اذا سوي على الميت قبره وانصرف الناس عنه ان

جب برابر کر دی جاتی مُردے پر قبر اُسکی اور پھر تے لوگ اُسکے پاس سے

يقال عند قبره يافلان قل لا اله الا الله ثلاث

کہا جاوے قبر کے پاس اُسکے ای فلانے کہہ لا الہ الا اللہ تین

مرات يافلان قل ربي الله وديني الاسلام

مرتبہ ای فلانے کہہ رب میرا اللہ ہی اور دین میرا اسلام

ونبيي محمد صلى الله عليه وسلم رواه سعيد بن

اور نبی میرا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی روایت کیا اسکو سعید

موقوفا وللطبراني نحوه من حديث ابي امامة

موقوف سے اور طبرانی کی روایت مانند اسکی حدیث سے ابی امامہ کی

مرفوعا مطولا * وعن بريدة بن الحصيب الاسلمي

حالانکہ مرفوع ہی مطول * اور بریدہ ابن الحصیب اسلمی

رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كنت

رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع

نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها رو
منع کرتا تھا تمکو زیارت سے قبر کی سواب زیارت کرو اسکی روایۃ کیا اسکو
مسلم زاد الترمذي فانها تذكر الآخرة زاد ابن ماجة
مسلم نے زیادہ کیا ترمذی نے کہ وہ یاد دلاتی ہی آخرت کو زیادہ کیا ابن ماجہ نے
من حديث ابن مسعود وتزهد في الدنيا * وعن
حدیث سے ابن مسعود کی اور بے رغبت کرتی ہی دنیا میں * اور
ابي هريرة رضي الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه
ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مقرر پیغمبر خدا تعالی اللہ علیہ
وسلم لعن زائرات القبور اخرجه الترمذي
وسلم نے لعنت کی زیارت کرنے والیوں کو قبروں کی نکالا اسکو ترمذی نے
وصححه ابن حبان * وعن ابي سعيد الخدري
اور صحیح کہا اسکو ابن حبان نے * اور ابی سعید خدری
رضي الله عنه قال لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم
رضی اللہ عنہ سے کہا لعنت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
النائحة والمستمعة اخرجه ابو داود * وعن ام
بین کرنے والیوں پر اور بین سننے والیوں پر نکالا اسکو ابوداؤد نے * اور ام
عطية رضي الله عنها قالت اخذ علينا رسول الله
عطیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی بولی لیا ہم سے اقرار نبی

وسلم ان لا ننوح متفق عليه * وعن عمر

وسلم نے کہ بین نکرین ہم متفق علیہ ہی * اور عمر

رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الميت

رضی اللہ عنہ سے نقل کی انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا مردہ

يعذب في قبره بما نيح عليه متفق عليه ولهما

عذاب کیا جاتا ہی اپنی قبر مین بیان کرکے رونے سے اسپر متفق علیہ ہی اور ہی

نحوه عن المغيرة بن شعبة * وعن انس رضي

ان دونون کی روایت مانند اسکی مغیرہ ابن شعبہ سے * اور انس رضی

الله عنه قال شهدت بنتا للنبي صلى الله عليه وسلم تدفن

اللہ عنہ سے کہا دیکھا مین نے بیٹی کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دفن کیے

ورسول الله صلى الله عليه وسلم جالس عند القبر

جاتی تھی اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے قبر کے پاس

فرايت عينيه تدمعان رواه البخاري

پھر دیکھا مین نے آنکھین انکی ڈبڈباتین روایت کیا اسکو بخاری نے اور

جابر رضي الله عنه ان النبي صلى الله عليه وسلم قال

جابر رضی اللہ عنہ سے مروی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

لا تدفنوا موتاكم بالليل الا ان تضطروا اليه

مت دفن کرو مردونکو اپنے رات کو مگر یہہ کہ لاچار ہو اسکی طرف سے

اَخْرَجَه ابْنُ مَاجَةَ وَاَصْلُه فِيْ مُسْلِمٍ لٰكِنْ قَالَ زَجَرَ

نکالا اُسکو ابن ماجہ نے اور اصل اُسکی مسلم میں ہی لیکن یہ کہا جھڑکا

اَنْ يُقْبَرَ الرَّجُلُ فِي اللَّيْلِ حَتّٰى يُصَلّٰى عَلَيْهِ

آدمی رات کو جب تک نماز نہ پڑھی جاوے اُسپر

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا

اور روایت ہی عبد اللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ سے کہا جب آئی

جَاءَ نَعْيُ جَعْفَرٍ حِيْنَ قُتِلَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

جعفر کی موت کی خبر جس وقت شہید ہوئے وے فرمایا رسول

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِصْنَعُوْا لِاٰلِ جَعْفَرٍ

خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے تیار کرو گھر والوں کے لئے جعفر کے

طَعَامًا فَقَدْ اَتَاهُمْ مَا يَشْغَلُهُمْ اَخْرَجَه

کھانا لیکن آئی ہی اُنپر وہ مصیبت کہ جو فرصت نہ دیگی اُنکو نکالا اسکو

الْخَمْسَةُ اِلَّا النَّسَائِيَّ * وَعَنْ سُلَيْمٰنَ بْنِ بُرَيْدَةَ

پانچون نے مگر نسائی نے * اور سلیمان ابن بریدہ سے

عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

روایت ہی نقل کی اُسنے اپنے باپ سے کہا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم

يُعَلِّمُهُمْ اِذَا خَرَجُوْا اِلَى الْمَقَابِرِ اَنْ يَقُوْلُوا السَّلَامُ

سکھاتے تھے صحابہ کو جب نکلتے مقبروں کی طرف کہ کہیں سلامتی ہو جیو

عَلَىٰ اَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا

اُن پر جو مومنین اور مسلمین ہیں اور ہم بھی

اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِكُمْ لَاحِقُوْنَ نَسْاَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ

اگر چاہے اللہ تو تم سے ملنے والے ہیں مانگتے ہیں اللہ سے اپنے اور تمہارے لیے

الْعَافِيَةَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ

آرام روایت کیا اسکو مسلم نے * اور ابن عباس رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُبُوْرِ الْمَدِيْنَةِ

سے کہتے گذرے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم قبروں پر مدینے کی

فَاَقْبَلَ عَلَيْهِمْ بِوَجْهِهٖ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ

پھر منہہ کیا انکی طرف اور فرمایا سلام تم پر اے اہل

الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ

قبروالو بخشے اللہ ہمکو اور تمکو تم آگے گئے ہمارے اور ہم پیچھے ہیں تمہارے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ حَسَنٌ • وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا کہ حسن ہے • اور عائشہ رضی

اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اللہ عنہا سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

لَا تَسُبُّوا الْاَمْوَاتَ فَاِنَّهُمْ قَدْ اَفْضَوْا اِلٰى مَا قَدَّمُوْا

مت بد کہو مردوں کو کہ بیشک وے پہنچ گئے اس چیز کو کہ آگے بھیجی انھوں نے

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ عَنْ زَيْدٍ

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت کی ترمذی نے زید سے

قَالَ فَتَوَدَّوُا الْأَحْيَاءَ * كِتَابُ الزَّكٰوةِ

خدا اپنی [illegible] ایذا دو زندونکو * کتاب زکوٰۃ کے بیان میں

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

روایت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہ سے حضرت نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى الْيَمَنِ فَذَكَرَ

وسلم نے بھیجا معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف پھر ذکر کی

الْحَدِيثَ وَفِيهِ اَنَّ اللّٰهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً

ساری حدیث اور اسی میں ہی کہ اللہ نے فرض کیا اُنپر صدقہ (یعنے زکوٰۃ)

فِي اَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَائِهِمْ فَتُرَدُّ عَلَى

انکے مالونمیں کہ انکے لیا جاوے مالداروں سے اُنکے پھر خرچ کیا جاوے فقیروں

فُقَرَائِهِمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِلْبُخَارِيِّ * وَعَنْ

پر انکے متفق علیہ ہی اور عبارت بخاری کی ہی * اور

اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اَبَا بَكْرِنِ الصِّدِّيقَ رَضِيَ

انس رضی اللہ عنہ سے کہ حضرت ابی بکر صدیق رضی

اللّٰهُ عَنْهُ كَتَبَ لَهُ هٰذِهِ فَرِيضَةُ الصَّدَقَةِ الَّتِي

اللہ عنہ نے لکھا اسکو یہہ فرض ہی صدقے کا جسکو

على أمر رسول الله صلى الله عليه وسلم على المسلمين

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں پر

والتي أمر الله بها رسوله في أربع وعشرين

اور وہ جس کا حکم فرمایا اللہ نے رسول کو اپنے چوبیس میں ہے

من الإبل فما دونها الغنم في كل خمس شاة

اونٹ سے پھر کم میں اُسکے بکری ہے ہر پانچ میں ایک بکری

فإذا بلغت خمسا وعشرين إلى خمس وثلاثين

پھر جب پہنچے پچیس کو پینتیس تک

ففيها بنت مخاض أنثى فإن لم تكن فابن لبون ذكر

تو اُسمیں ایک سال کی مادہ پھر اگر نہ ہو تو دو سال کا نر

فإذا بلغت ستا وثلاثين إلى خمس وأربعين

پھر جب پہنچے چھتیس کو پینتالیس

ففيها بنت لبون أنثى فإذا بلغت ستا وأربعين

تو اُسمیں دو سال کی مادہ پھر جب پہنچے چھیالیس کو

إلى ستين ففيها حقة طروقة الجمل فإذا بلغت

ساٹھ تک تو اُسمیں چار برس کی جوان اونٹنی کے کام آنے کے قابل ہو پھر جب پہنچے

واحدة وستين إلى خمس وسبعين ففيها جذعة

اکسٹھ کو پچھتر تک تو اُسمیں پانچ برس کی اونٹنی

فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَسَبْعِيْنَ اِلٰی تِسْعِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتَا لَبُوْنٍ

جب پہنچے چہتر کو نوے تک تو اُسمیں دو بنت لبون

فَاِذَا بَلَغَتْ اِحْدٰی وَتِسْعِيْنَ اِلٰی عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ

پھر جب پہنچے گنتی اُنکا نوے سے لو ایک سو بیس تک

فَفِيْهَا حِقَّتَانِ طَرُوْقَتَا الْجَمَلِ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰی

تو اُسمیں دو حقے ہیں کام میں آنے کے قابل اونٹ کے پھر جب بڑھے

عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَفِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ بِنْتُ لَبُوْنٍ وَفِيْ

ایک سو بیس پر تو ہر چالیس میں ایک بنت لبون ہے

كُلِّ خَمْسِيْنَ حِقَّةٌ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ اِلَّا اَرْبَعٌ مِنَ

ہر پچاس میں ایک حقہ اور جو نہو اُسکے ساتھ چار

الْاِبِلِ فَلَيْسَ فِيْهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا وَفِيْ

اونٹ سے سوا تو نہیں ہی اُسمیں زکوۃ مگر یہہ کہ چاہے مالک اُسکا اور

صَدَقَةِ الْغَنَمِ فِيْ سَائِمَتِهَا اِذَا كَانَتْ اَرْبَعِيْنَ اِلٰی

زکوۃ میں بکری کی چر کھانے والی میں اُسکی جب سو چالیس

عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ شَاةٌ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰی عِشْرِيْنَ

ایک سو بیس بکری تک ایک بکری ہی پھر جب بڑھے ایک سو بیس

وَمِائَةٍ اِلٰی مِائَتَيْنِ فَفِيْهَا شَاتَانِ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰی

دو سو تک تو اُسمیں دو بکریاں ہیں پھر جب بڑھے دو سو

الى ثلاث مائة ففيها ثلاث شاة فاذا

ہونگی تو اسمین تین بکریان ہین پھر جب بڑھے

زادت على ثلاث مائة ففي كل مائة شاة فاذا

تین سو پر تو ہر سو مین ایک بکری پھر جب ہو

كانت سائمة الرجل ناقصة من اربعين شاة واحدة

کسی کی چرائی کی بکریو نمین چالیس بکری سے ایک بکری کم

فليس فيها صدقة الا ان يشاء ربها ولا يجمع بين

تو نہین ہی اسمین زکوۃ مگر یہہ کہ چاہے مالک اسکا اور نہ جمع کیے جاوین

متفرق ولا يفرق بين مجتمع خشية الصدقة وما كان

متفرق اور نہ جدا کیے جاوین ملے ہوئے خوف سے صدقے کے * اور جو ہو

من خليطين فانهما يتراجعان بينهما بالسوية

گلہ دو شریکون مین تو وے دونون رجوع کرینگے آپس مین برابر ہین

ولا يخرج في الصدقة هرمة ولا ذات عوار

اور نہ نکالی جاوے صدقے مین بوڑھی اور نہ عیب دار

الا ان يشاء المصدق وفي الرقة ربع العشر

مگر جو چاہے صدقہ لینے والا اور روپے مین چالیسوان حصہ

فان لم تكن الا تسعين ومائة فليس فيها صدقة

پھر اگر نہ ہو مگر ایک سو اور نوے درم تو نہین ہی اسمین صدقہ

إِلَّا أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ مِنَ الْإِبِلِ

مگر یہہ کہ چاہے مالک اُسکا اور جو پہنچے نزدیک اُسکے اونٹ سے

صَدَقَةُ الْجَذَعَةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ جَذَعَةٌ وَعِنْدَهُ حِقَّةٌ

صدقہ جذعے کا اور نہین ہی اُسکے پاس جذعہ اور اُسکے پاس حقہ ہی

فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ وَيَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَيْنِ

تو قبول ہوتی ہی اُس سے حقہ اور کردے اُسکے ساتھہ دو بکریان

إِنِ اسْتَيْسَرَتَا لَهُ أَوْ عِشْرِينَ دِرْهَمًا وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ

اگر میسر آوین اُسکو یا بیس درہم اور جو کوئی کہ پہنچا اُسکے نزدیک

صَدَقَةُ الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ الْحِقَّةُ وَعِنْدَهُ الْجَذَعَةُ

صدقہ حقے کا اور نہین ہی اُسکے پاس حقہ اور ہی اُسکے پاس جذعہ

فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْجَذَعَةُ وَيُعْطِيهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِينَ

تو قبول ہوتا ہی اُس سے جذعہ اور دے اُسکو صدقہ لینے والا بیس

دِرْهَمًا أَوْ شَاتَيْنِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❀ وَعَنْ مُعَاذِ

درہم یا دو بکریان روایت کیا اُسکو بخاری نے ❀ اور معاذ

بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابن جبل رضی اللہ عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

بَعَثَهُ إِلَى الْيَمَنِ فَأَمَرَهُ أَنْ يَأْخُذَ مِنْ كُلِّ ثَلَاثِينَ

بھیجا اُسے یمن کی طرف پھر حکم کیا اُسے لینے کا ہر تیس

بقرة تبيعاً او تبيعة ومن كل اربعين مسنة ومن كل

گائے بیل سے ایک برس کا بچھڑا یا بچھڑی اور ہر چالیس سے دو سالہ بچھڑی اور ہر

حالم دينارا او عدله معافريا رواه الخمسة

جوان سے جزیہ ایک درم یا بدلے اسکے معافری * ۲ یہ روایہ کیا اسکو پانچوں نے

واللفظ لاحمد وحسنه الترمذي واشار الى

اور عبارت احمد کی ہی اور حسن کہا اسکو ترمذی اور اشارہ کیا

اختلاف في وصله وصححه ابن حبان والحاكم

اختلاف کیطرف متصل ہونے میں اسکے اور صحیح کہا اسکو ابن حبان اور حاکم نے

وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال

اور عمرو ابن شعیب سے نقل کی اسنے اپنے باپ سے اسنے دادا سے اسکے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تؤخذ صدقات

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لی جاتی ہیں زکوۃ

المسلمين على مياههم رواه احمد ولابي داؤد

مسلمانوں سے پانی کی جایوں پر انکی روایت کیا اسکو احمد نے اور ابی داود

ولا تؤخذ صدقاتهم الا في دورهم ۰ وعن

کی روایت اور نہیں لی جاتی ہیں زکوۃ انسے مگر گھر میں انکے * اور

ابي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي عَبْدِهِ وَلَا فَرَسِهِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہی مسلمان پر غلام میں اُسکے اور گھوڑے میں

صَدَقَةٌ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَلِمُسْلِمٍ لَيْسَ فِي

اُسکے صدقہ روایت کیا اُسکو بخاری نے اور مسلم کی روایت نہیں

الْعَبْدِ صَدَقَةٌ اِلَّا صَدَقَةُ الْفِطْرِ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ

غلام میں صدقہ مگر صدقہ فطر کا ۔ اور بہز ابن حکیم سے

عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ

روایت کی اُسنے اپنے باپ سے اُسنے دادا سے اُسکے کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي كُلِّ سَائِمَةِ اِبِلٍ فِي اَرْبَعِينَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے چرائی کے اونٹ کے ہر چالیس میں

بِنْتُ لَبُونٍ لَا يُفَرَّقُ اِبِلٌ عَنْ حِسَابِهَا مَنْ اَعْطَاهَا

بنت لبون ہی نہ جدا کیا جائیگا ایک اونٹ حساب سے صدقہ کے جسنے دیا اُسے

مُؤْتَجِرًا بِهَا فَلَهُ اَجْرُهَا وَمَنْ مَنَعَهَا فَاِنَّا

ثواب حاصل کرنے کو اُس سے تو اُسکو مزدوری اُسکی ہی اور جو نہ دیگا

اٰخِذُوهَا وَشَطْرَ مَالِهِ عَزْمَةٌ مِنْ عَزَائِمِ رَبِّنَا لَا يَحِلُّ

اُسے تو ہم لینگے زکوٰۃ اور کچھ مال اُسکا فرض ہی فرایض سے ہمارے ربکے نہیں حلال

لِاٰلِ مُحَمَّدٍ مِنْهَا شَيْءٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ

ہی محمد کے گھروالونپر اُسمیں سے کچھ روایت کیا اُسکو احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے

وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ وَعَلَّقَ الشَّافِعِيُّ الْقَوْلَ بِهِ عَلٰى

اور صحیح کہا اُسکو حاکم نے اور معلق رکھا ہی شافعی نے قائل ہونے کو اُسکے

ثُبُوتِهٖ وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

اُسکے ثابت ہونے پر ۔ اور علی رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَتْ لَكَ مِائَتَا دِرْهَمٍ

صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہوں تیرے پاس دو سو درہم اور

وَحَالَ عَلَيْهَا الْحَوْلُ فَفِيْهَا خَمْسَةُ دَرَاهِمَ وَلَيْسَ

گذر جاوے اُسپر ایک برس تو اُس میں پانچ درہم ہیں اور

عَلَيْكَ شَيْءٌ حَتّٰى يَكُوْنَ لَكَ عِشْرُوْنَ دِيْنَارًا وَحَالَ

نہیں ہی تجھپر کچھ یہانتک کہ ہو تیرے پاس بیس دینار اور گذرے

عَلَيْهَا الْحَوْلُ فَفِيْهَا نِصْفُ دِيْنَارٍ فَمَا زَادَ فَبِحِسَابِ

اُسپر ایک سال سو اُسمیں آدھا دینار ہی پھر جو زیادہ ہو تو اُسی حساب

ذٰلِكَ وَلَيْسَ فِيْ مَالٍ زَكٰوةٌ حَتّٰى يَحُوْلَ عَلَيْهِ

سے اور نہیں ہی مال میں زکوۃ جب تک کہ گذرے اُسپر

الْحَوْلُ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَهُوَ حَسَنٌ وَقَدِ اخْتَلَفُوْا فِيْ

ایک برس روایت کیا اُسکو ابوداؤد نے اور وہ حسن ہی اور تحقیق اختلاف

رَفْعِهٖ وَلِلتِّرْمِذِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَنِ اسْتَفَادَ مَالًا

کیا مرفوع ہونے میں اُسکے اور ترمذی کی روایت ابن عمر سے جسنے حاصل کیا

فَلَا زَكٰوةَ عَلَيْهِ حَتّٰى يَحُوْلَ عَلَيْهِ الْحَوْلُ وَالرَّاجِحُ

مال تو زکوٰۃ نہیں ہی اُسپر جب تک گذرے اُسپر ایک سال اور راجح

وَقْفُهٗ * وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَيْسَ فِي

ہی موقوف ہونا اُسکا * اور علی رضی اللہ عنہ سے کہا نہیں ہی کام کے

الْبَقَرِ الْعَوَامِلِ صَدَقَةٌ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَالدَّارَقُطْنِيُّ

بیل میں صدقہ روایت کیا اُسے ابو داؤد اور دارقطنی نے

وَالرَّاجِحُ وَقْفُهٗ اَيْضًا * وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ

اور راجح اُسکا بھی موقوف ہونا ہی * اور عمرو بن شعیب سے نقل کی اُسنے

اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

اپنے باپ سے اُسنے اُنکے دادا سے جو عبداللہ بن عمرو ہیں مقرر پیغمبر خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ وَلِيَ يَتِيْمًا لَهٗ مَالٌ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو متصرف ہوا کسی یتیم پر کہ اُسکے پاس مال ہی

فَلْيَتَّجِرْ لَهٗ وَلَا يَتْرُكْهُ حَتّٰى تَاْكُلَهُ الصَّدَقَةُ

سو تجارت کرے اُسکے لئے اور نہ چھوڑ دے اُسکو یہانتک کہ کھا جاوے اُسکو صدقہ

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَاِسْنَادُهٗ ضَعِيْفٌ

روایت کیا اُسے ترمذی اور دارقطنی نے اور سند اُسکی ضعیف

وَلَهٗ شَاهِدٌ مُرْسَلٌ عِنْدَ الشَّافِعِيِّ * وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

ہی اور اُسکا گواہ ہی حدیث مرسل شافعی کے پاس * اور روایت ہی عبداللہ

ابْنِ اَبِي اَوْفى قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابن ابی اوفی سے کہ کہا کہ پیغمبر خدا رحمت خدا کی انپر اور سلام

اِذَا اَتَاهُ قَوْمٌ بِصَدَقَتِهِمْ قَالَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِمْ

جب آتے انکے پاس لوگ صدقہ لیکر فرماتے ای اللہ رحمت بھیج انپر

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ الْعَبَّاسَ

متفق علیہ ہی * اور علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ عباس

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي تَعْجِيْلِ

رضی اللہ عنہ نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جلدی دینے میں

صَدَقَتِهِ قَبْلَ اَنْ تَحِلَّ فَرَخَّصَ لَهُ فِي ذٰلِكَ

صدقہ کے پہلے اسکے کہ داخل ہوے اسکا وقت سو رخصت دی اسکو اس باب میں

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ * وَعَنْ جَابِرٍ رَضِيَ

روایت کیا اسکو ترمذی اور حاکم نے * اور جابر رضی

اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ

اللہ عنہ سے مروی ہی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہین ہی

فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ مِنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ

پانچ اوقیہ سے * ش * کم مین روپے کے صدقہ اور نہین ہی

فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ مِنَ الْاِبِلِ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ

پانچ ذود سے کم مین اونٹ کے صدقہ اور نہین ہی

* ش * اوقیہ چالیس درم کا ہی

فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ مِنَ التَّمْرِ صَدَقَةٌ رَوَاهُ

پانچ وسق سے کم میں خرمے کے صدقہ (یعنے زکوۃ) ہے روایت کیا اُسکو

مُسْلِمٌ وَلَهُ مِنْ حَدِيثِ أَبِي سَعِيدٍ لَيْسَ فِيمَا دُونَ

مسلم نے اور اُسیکی روایت ہی حدیث سے ابی سعید کی نہیں ہی

خَمْسَةِ أَوْسَاقٍ مِنْ تَمْرٍ وَلَا حَبٍّ صَدَقَةٌ وَأَصْلُ حَدِيثِ

جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جابر رضی اللہ عنہ نے نقل کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قَالَ لَيْسَ عَلَى خَائِنٍ وَلَا مُنْتَهِبٍ وَلَا مُخْتَلِسٍ

فرمایا نہیں خیانت کرنے والے پر اور نہ ڈاکا دینے والے پر اور نہ اُچکے پر

قَطْعٌ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْأَرْبَعَةُ وَصَحَّحَهُ التِّرْمِذِيُّ

ہاتھ کا ٹنا روایت کیا اُسکو احمد اور چاروں نے اور صحیح کہا اُسکو ترمذی نے

وَابْنُ حِبَّانَ * وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

اور ابن حبان نے * اور روایت ہی رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے

قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا قَطْعَ فِي

کہا اُسنے سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے نہیں ہاتھ کاٹنا

ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ رَوَاهُ الْمَذْكُورُونَ وَصَحَّحَهُ أَيْضًا

میوے میں اور نہ پھاں میں خرمے کے. روایت کیا اُسکو انہیں مذکوروں نے اور صحیح کہا

التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ * وَعَنْ أَبِي أُمَيَّةَ الْمَخْزُومِيِّ

اُسکو ترمذی اور ابن حبان نے بھی * اور ابی امیہ مخزومی

رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ أُتِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رضی اللہ عنہ سے لایا گیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس

بِلِصٍّ قَدِ اعْتَرَفَ اعْتِرَافًا وَلَمْ يُوجَدْ مَعَهُ مَتَاعٌ

چور کہ کیا اُسنے اقرار اور نہ پایا گیا اُسکے ساتھ مال

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا إِخَالُكَ

سو فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں گمان کرتا ہوں میں تجھ پر

سَرَقْتَ قَالَ بَلَى فَأَعَادَ عَلَيْهِ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا

کہ تو نے چرایا ہی بولا کیوں نہیں چرایا میں نے پھر تکرار کی اسپر دو یا تین بار

فَأَمَرَ بِهِ فَقُطِعَ وَجِيءَ بِهِ فَقَالَ اسْتَغْفِرِ اللّٰهَ وَتُبْ

تب حکم فرمایا اُسکے لیے سو کاٹا گیا اور لائے اُسکو تو فرمایا بخشش مانگ اللہ سے اور رجوع کر

إِلَيْهِ فَقَالَ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ

اُسکی طرف سو بولا بخشش چاہتا ہوں میں اللہ سے اور پھرتا ہوں اُسکی طرف سو فرمایا

تُبْ عَلَيْهِ ثَلَاثًا أَخْرَجَهُ أَبُو دَاوُدَ وَاللَّفْظُ لَهُ وَأَحْمَدُ

ای اللہ متوجہ ہو اُسپر تین دفع نکالا اُسکو ابوداؤد نے اور لفظ اُسکا ہی

وَالنَّسَائِيُّ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ وَأَخْرَجَهُ الْحَاكِمُ مِنْ

اور احمد اور نسائی نے اور راوی اُسکے معتبر ہیں اور نکالا اُسکو حاکم نے

حَدِيثِ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَسَاقَهُ بِمَعْنَاهُ وَقَالَ

حدیث سے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سو چلایا ہی اُسکے معنے میں اور کہا

فِيهِ اذْهَبُوا بِهِ فَاقْطَعُوهُ ثُمَّ احْسِمُوهُ وَأَخْرَجَهُ الْبَزَّارُ

اُسمیں ہی لیجاؤ اُسکو پھر ہاتھ کاٹو اُسکا پھر تلو اُسکو اور نکالا اُسکو بزار نے

أَيْضًا وَقَالَ لَا بَأْسَ بِإِسْنَادِهِ ۔ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

اور کہا نہیں مضایقہ اُسکی اسناد میں * اور عبد الرحمن

ابْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ابن عوف رضی اللہ عنہ سے مقرر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و

وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُغْرَمُ السَّارِقُ اِذَا اُقِيْمَ عَلَيْهِ الْحَدُّ رَوَاهُ

سلم نے فرمایا نہ تاوان ہوگا چور پر جب قایم کی جاگی اُسپر حد روایت کیا اُسکو

النَّسَائِيُّ وَبَيَّنَ اَنَّهُ مُنْقَطِعٌ وَقَالَ اَبُوْحَاتِمٍ هُوَ مُنْكَرٌ

نسائی نے اور بیان کیا کہ وہ منقطع ہی اور کہا ابوحاتم نے وہ منکر ہی

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو ابْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ

اور روایت ہی عبد اللہ ابن عمرو ابن العاص رضی اللہ

عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ

عنہ سے نقل کی اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ وہ پوچھے گئے خرمے

التَّمْرِ الْمُعَلَّقِ فَقَالَ مَنْ اَصَابَ بِفِيْهِ مِنْ ذِيْ حَاجَةٍ

سے سو فرمایا جسنے ڈالا اپنے منھ مین حاجت والو نسے

غَيْرَ مُتَّخِذٍ خُبْنَةً فَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ وَمَنْ خَرَجَ بِشَيْءٍ

نہ لیا ہوا اپنی گود مین تو نہین کچھ اُسپر گناہ اور جو لیچلے اُسمین سے کچھ

مِنْهُ فَعَلَيْهِ الْغَرَامَةُ وَالْعُقُوْبَةُ وَمَنْ خَرَجَ بِشَيْءٍ

تو اُسپر عذاب اور مار ہی اور جسنے نکالا اُسمین سے کچھ

مِنْهُ بَعْدَ اَنْ يُؤْوِيَهُ الْجَرِيْنُ فَبَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ

بعد رکھنے کے کھانے کی جگہہ مین پھر پہنچا قیمت کو ایک سپر کی

فَعَلَيْهِ الْقَطْعُ أَخْرَجَهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَصَحَّحَهُ

تو اُسپر ہاتھ کاٹنا ہی نکالا اُسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور صحیح کہا اُسکو

الْحَاكِمُ * وَعَنْ صَفْوَانَ ابْنِ أُمَيَّةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

حاکم نے * اور صفوان ابن امیہ رضی اللہ عنہ سے

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ لَمَّا أَمَرَ بِقَطْعِ الَّذِي

مروی ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُسکو جب حکم فرمایا ہاتھ کاٹنے کا اُسکے جسنے

سَرَقَ رِدَاءَهُ فَشَفَعَ فِيهِ هَلَّا كَانَ ذَلِكَ قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَنِي

چرائی چادر اُسکی پھر سفارش کی حق میں اُسکے کیوں نہوئی یہہ سفارش پہلے لانے کے

بِهِ أَخْرَجَهُ أَحْمَدُ وَالْأَرْبَعَةُ وَصَحَّحَهُ ابْنُ الْجَارُودِ

اُسکو میرے پاس نکالا اُسکو احمد اور چاروں نے اور صحیح کہا اُسکو جارود

وَالْحَاكِمُ * وَعَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ جِيءَ

اور حاکم نے * اور روایت ہی جابر رضی اللہ عنہ سے کہا لایا گیا

بِسَارِقٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اقْتُلُوهُ

چور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس سو فرمایا حضرت نے قتل کرو اُسکو

فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّمَا سَرَقَ قَالَ اقْطَعُوهُ فَقُطِعَ

سو بولے یا رسول اللہ بس یہہ چوری فرمایا ہاتھ کاٹو اُسکا پھر کاٹا گیا

ثُمَّ جِيءَ بِهِ الثَّانِيَةَ فَقَالَ اقْتُلُوهُ فَذَكَرَ مِثْلَهُ ثُمَّ

پھر لائے اُسکو دوسری دفعہ پھر فرمایا قتل کرو اُسکو پھر ذکر کیا اسیطرح پھر

جِيءَ بِهِ الثَّالِثَةَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ ثُمَّ جِيءَ بِهِ الرَّابِعَةَ

لائے اُسکو تیسری دفع پھر ذکر کیا اسیطرح پھر لائے اُسکو چوتھی دفع

كَذَلِكَ ثُمَّ جِيءَ بِهِ الْخَامِسَةَ فَقَالَ اقْتُلُوهُ أَخْرَجَهُ

اسیطرح پھر لائے اُسکو پانچوین دفع اسی طرح سو فرمایا قتل کرو اسکو نکالا

أَبُودَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَاسْتَنْكَرَهُ وَأَخْرَجَ مِنْ حَدِيثِ

اُسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور منکر کہا اُسکو اور نکالا حدیث سے

الْحَارِثِ ابْنِ حَاطِبٍ نَحْوَهُ وَذَكَرَ الشَّافِعِيُّ أَنَّ

حارث ابن حاطب کی اُسکی مانند اور ذکر کیا شافعی نے کہ

الْقَتْلَ فِي الْخَامِسَةِ مَنْسُوخٌ * بَابُ حَدِّ الشَّارِبِ

قتل پانچوین بار مین منسوخ ہی * باب شراب پینے والے کی سزا کا

وَبَيَانِ الْمُنْكَرِ * عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ

اور نشہ لانیوالی چیز کے بیان کا * انس ابن مالک رضی اللہ

عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ

عنہ سے مروی ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے ایک مرد کے پاس کہ اُسنے پی تھی

الْخَمْرَ فَجَلَدَهُ بِجَرِيدَتَيْنِ نَحْوَ أَرْبَعِينَ قَالَ وَفَعَلَهُ

شراب سو مارا اُسکو دو چھڑیون سے کھجور کی قریب چالیس مار کے کہا اور کیا

أَبُوبَكْرٍ فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ اسْتَشَارَ النَّاسَ فَقَالَ عَبْدُ

اسیطرح ابوبکر نے پھر جب ہوا عمر مشورت کی لوگون سے سو کہا

الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ اَخَفَّ الْحُدُوْدِ ثَمَانُوْنَ فَاَمَرَ بِهٖ

عبد الرحمن ابن عوف نے کہا کہ حدوں کا اسّی ہی سو حکم کیا اسکا

عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلِمُسْلِمٍ عَنْ عَلِيٍّ فِيْ

عمر رضی اللہ عنہ نے متفق علیہ ہی اور مسلم کی روایت میں علی سے

قِصَّةِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ جَلَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قصہ میں ولید ابن عقبہ کے مارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

اَرْبَعِيْنَ وَاَبُوْ بَكْرٍ اَرْبَعِيْنَ وَعُمَرُ ثَمَانِيْنَ وَكُلٌّ سُنَّةٌ

چالیس اور ابوبکر نے چالیس اور عمر نے اسّی اور سب سنہ ہی

وَهٰذَا اَحَبُّ اِلَيَّ وَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ رَجُلًا

اور یہہ چالیس مار زیادہ پسند ہی مجکو اور اسی حدیث میں ہی کہ ایکمرد نے

شَهِدَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ رَاٰهُ يَتَقَيَّأُ الْخَمْرَ فَقَالَ عُثْمَانُ اِنَّهٗ

گواہی دی اسپر کہ اسنے دیکھا اسکو قی کرتے شراب سو کہا عثمان نے کہ

لَمْ يَتَقَيَّأْهَا حَتّٰى شَرِبَهَا ۞ وَعَنْ مُعٰوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ

وہ نہیں قی کیا شراب یہاں تک پیا اسکو ۞ اور معاویہ رضی اللہ

عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ شَارِبِ الْخَمْرِ

عنہ سے تعالی اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا حق میں شراب پینے والے کے

اِذَا شَرِبَ فَاجْلِدُوْهُ ثُمَّ اِذَا شَرِبَ فَاجْلِدُوْهُ ثُمَّ

جب پیئے تو مارو اسکو پھر جب پیئے تو مارو اسکو پھر

إِذَا شَرِبَ الثَّالِثَةَ فَاجْلِدُوهُ ثُمَّ إِذَا شَرِبَ الرَّابِعَةَ
جب پیے تیسری دفع تو کوڑے مارو اسکو پھر جب پیے چوتھی دفع
فَاضْرِبُوا عُنُقَهُ أَخْرَجَهُ أَحْمَدُ وَهٰذَا لَفْظُهُ وَالْأَرْبَعَةُ
تو گردن مارو اسکی نکالا اسکو احمد نے اور یہی لفظ اسکا ہی اور چاروں نے
وَذَكَرَ التِّرْمِذِيُّ مَا يَدُلُّ عَلَى أَنَّهُ مَنْسُوخٌ وَأَخْرَجَ
اور ذکر کیا ترمذی نے یوں کہ دلالت کرتا ہی اسپر کہ وہ منسوخ ہی اور نکالا
ذٰلِكَ أَبُو دَاوُدَ صَرِيحًا عَنِ الزُّهْرِيِّ * وَعَنْ أَبِي
اسیکو ابو داود نے صریح زہری سے * اور ابی
هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ إِذَا ضَرَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَتَّقِ الْوَجْهَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
وسلم نے جب مارے کوئی تم میں کا تو بچاوے منہ کو متفق علیہ ہی
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُولُ
اور روایت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا فرمایا پیغمبر
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقَامُ الْحُدُودُ فِي الْمَسَاجِدِ
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ قایم کی جاویں حدیں مسجد میں
رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ * وَعَنْ أَنَسٍ رَضِيَ
روایت کیا اسکو ترمذی اور حاکم نے * اور انس رضی

اللهُ عَنْهُ قَالَ لَقَدْ اَنْزَلَ اللهُ تَحْرِيْمَ الْخَمْرِ وَمَا بِالْمَدِيْنَةِ
الله تعالیٰ عنہ سے کہا تحقیق نازل کی اللہ نے آیہ حرمت شراب کی اسوقت کہ نہ تھی
شَرَابٌ يُشْرَبُ اِلَّا مِنْ تَمْرٍ اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ
مدینے میں شراب کہ پی جاتی تھی مگر کھجور کی نکالا اسکو مسلم نے * اور
عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ وَهِيَ
عمر رضی اللہ عنہ سے کہا نازل ہوئی آیہ شراب کے حرام کرنے کی جب کہ وہ
مِنْ خَمْسَةٍ اَلْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْعَسَلِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ
پانچ چیز سے بنتی تھی انگور اور کھجور اور شہد اور گیہوں اور جو سے
وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ
اور شراب وہی جو چھپاوے عقل کو متفق علیہ ہی * اور ابن عمر
رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
رضی اللہ عنہما سے نقل کی انہنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا
كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ
جو چیز نشا لاتی ہی وہ شراب ہی اور جو نشا لاتی ہی سو حرام ہی نکالا اسکو مسلم نے
وَعَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
اور روایت ہی جابر رضی اللہ عنہ سے مقرر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهُ فَقَلِيْلُهُ حَرَامٌ اَخْرَجَهُ
وسلم نے فرمایا جس چیز کا بہت نشا لاتا ہی سو اسکا تھوڑا بھی حرام ہی

أحمد والأربعة وصححه ابن حبان • وعن ابن

نکالا اُسکو احمد اور چاروں نے اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان نے * اور ابن

عباس رضي الله عنهما قال كان رسول الله صلى الله عليه

عباس رضی اللہ عنہما سے • کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم ينبذ له الزبيب في السقاء فيشربه يومه

وسلم کے لئے نبیذ بنا جاتی تھی کشمش کی مشک میں سو پیتے اُسکو اُس دن

والغد وبعد الغد فإذا كان مساء الثالثة شربه و

اور دوسرے اور تیسرے دن پھر جب ہوتی شام تیسرے کی پیتے اُسکو اور

سقاه فإن فضل شيء أهراقه أخرجه مسلم * وعن

پلا دیتے اُسکو پھر اگر بچتا کچھ گرا دیتے اُسے نکالا اُسکو مسلم نے * ش * اور

أم سلمة رضي الله عنها عن النبي صلى الله عليه وسلم

ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے نقل کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قال إن الله لم يجعل شفاءكم فيما حرم عليكم

فرمایا کہ اللہ نے نہیں رکھی شفا تمہاری اُسمیں جو حرام ہوئی ہی تمہپر

أخرجه البيهقي وصححه ابن حبان * وعن وائل

نکالا اُسکو بیہقی نے اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان نے * اور وائل

الحضرمي أن طارق بن سويد سأل النبي صلى الله عليه

حضرمی سے مقرر طارق ابن سوید نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ عَنِ الْخَمْرِ يَصْنَعُهَا لِلدَّوَاءِ فَقَالَ اِنَّهَا لَيْسَتْ
وسلم کو شراب سے کہ بناوے اُسکو دوا کے لئے سو فرمایا وہ نہیں
بِدَوَاءٍ وَلٰكِنَّهَا دَاءٌ اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ وَاَبُوْدَاوُدَ وَغَيْرُهُمَا
دوا ولیکن وہ دُکھ ہی نکالا اُسکو مسلم اور ابوداؤد نے اور سوا اُن دونو کے

بَابُ التَّعْزِيْرِ وَحُكْمِ الصَّائِلِ * عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ
* باب سزا کا اور حکم حملہ کرنے والے کا * روایت ہی ابی بردہ
الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ
انصاری رضی اللہ عنہ سے مقرر اُسنے سُنا رسول اللہ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يُجْلَدُ فَوْقَ عَشَرَةِ اَسْوَاطٍ
صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے نہ مارا جاوے دس کوڑون سے اوپر
اِلَّا فِيْ حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ تَعَالٰى مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ
مگر حد میں حدون باندھی ہی اللہ تعالی نے متفق علیہ ہی * اور
عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
روایت ہی عایشہ رضی اللہ عنہا سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
قَالَ اَقِيْلُوْا ذَوِي الْهَيْئَاتِ عَثَرَاتِهِمْ اِلَّا الْحُدُوْدَ
فرمایا درگذر کرو درجہ داروں کی لغزشوں سے مگر حد میں
رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ ۔ وَعَنْ عَلِيٍّ
روایت کیا اُسکو ابوداؤد اور نسائی اور بیہقی نے ۔ اور علی

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَا كُنْتُ لِأُقِيمَ عَلَى أَحَدٍ حَدًّا

رضی اللہ عنہ سے کہا میں ایسا نہیں کہ قایم کرتا ہوں کسی پر حد

فَيَمُوتَ فَأَجِدَ فِي نَفْسِي إِلَّا شَارِبَ الْخَمْرِ فَإِنَّهُ

اور وہ مرجاتا ہی پھر پاتا ہوں میں اپنے دلمیں افسوس مگر شراب پینے والا کہ بیشک وہ

لَوْ مَاتَ وَدَيْتُهُ أَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ ﴿ وَعَنْ سَعِيدِ

اگر مرجاوے دیت دونگا میں اُسکی نکالا اُسکو بخاری نے ﴿ اور سعید

بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ابن زید رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ مَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ رَوَاهُ الْأَرْبَعَةُ

وسلم نے جو مارا گیا اپنے مال کے پیچھے سو وہ شہید ہی روایت کیا اُسکو چاروں نے

وَصَحَّحَهُ التِّرْمِذِيُّ ﴿ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ

اور صحیح کہا اُسکو ترمذی نے ﴿ اور عبد اللہ ابن خباب

قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

سے کہا سنا میں نے باپ سے اپنے کہتا تھا سنا میں نے نبی صلی علیہ

وَسَلَّمَ يَقُولُ يَكُونُ فِتَنٌ فَكُنْ فِيهَا عَبْدَ اللّٰهِ

وسلم کو فرماتے ظاہر ہونگے فتنے سو ہو تو اُسمیں بندہ اللہ کا

الْمَقْتُولَ وَلَا تَكُنِ الْقَاتِلَ أَخْرَجَهُ ابْنُ أَبِي خَيْثَمَةَ

مقتول اور نہ ہو قاتل نکالا اُسکو ابن ابی خیثمہ

وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَاَخْرَجَ اَحْمَدُ نَحْوَہٗ عَنْ خَالِدِ بْنِ

اور دار قطنی نے اور نکالا احمد نے اسکی مانند خالد ابن

عُرْفُطَةَ . كِتَابُ الْجِهَادِ . عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ

عرفطہ سے • کتاب جہاد کی * روایت ہی ابی ہریرہ رضی

اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَاتَ

اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے جو مرا

وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ نَفْسَهٗ بِهٖ مَاتَ عَلٰى شُعْبَةٍ مِّنْ

اور نہ جہاد کیا اور نہ مشورہ کی اسنے جان سے اپنی اسمین تو مرا ایک شاخ پر

نِفَاقٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ

نفاق کی روایت کیا اُسکو مسلم نے * اور انس رضی اللہ عنہ سے مقرر نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاهِدُوا الْمُشْرِكِيْنَ

صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا جہاد کرو مشرکون سے

بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ وَاَلْسِنَتِكُمْ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ

مالونسے اپنے اور جانون سے اپنے اور زبانونسے اپنے روایت کیا اُسکو احمد اور نسائی نے

وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ * وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

اور صحیح کہا اُسکو حاکم نے • اور عایشہ رضی اللہ عنہا سے

قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَى النِّسَاءِ جِهَادٌ قَالَ

کہا کہا مین نے یا رسول اللہ کیا عورتون پر جہاد ہی فرمایا

نَعَمْ جِهَادٌ لَا قِتَالَ فِيهِ اَلْحَجُّ وَالْعُمْرَةُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ

ہاں جہاد ہی کہ لڑائی نہیں اُسمیں حج اور عمرہ روایۃ کیا اُسکو ابن ماجہ

وَاَصْلُهُ فِي الْبُخَارِيِّ * وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ

اور اصل اُسکی بخاری میں ہی * اور روایت ہی عبد اللہ ابن عمر

رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

رضی اللہ عنہما سے کہا آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ يَسْتَاذِنُهُ فِي الْجِهَادِ فَقَالَ اَحَيٌّ وَالِدَاكَ

وسلم کے پاس اذن مانگتا اُنسے جہاد میں سو فرمایا کیا جیتے ہیں ماں باپ

قَالَ نَعَمْ قَالَ فَفِيهِمَا فَجَاهِدْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلِاَحْمَدَ

تیرے بولا ہاں فرمایا اب جا اُن میں پھر جہاد کر متفق علیہ ہی اور احمد

وَاَبِي دَاوُدَ مِنْ حَدِيثِ اَبِي سَعِيدٍ نَحْوَهُ وَزَادَ

اور ابی داؤد کی روایت حدیث سے ابی سعید کی اسیطرح اور زیادہ کیا

اِرْجِعْ فَاسْتَاذِنْهُمَا فَاِنْ اَذِنَا لَكَ وَاِلَّا فَبِرَّهُمَا * وَعَنْ

پھر جا اور اذن مانگ اُنسے پھر اگر اذن دیں تو مضائقہ نہیں اور نہیں تو جا نیکی کر اُنسے * اور

جَرِيرٍ الْبَجَلِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ

روایت ہی جریر بجلی رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا بَرِيءٌ مِنْ كُلِّ مُسْلِمٍ يُقِيمُ بَيْنَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے میں الگ ہوں اُس مسلمان سے جو مقیم ہو

الْمُشْرِكِيْنَ رَوَاهُ الثَّلَاثَةُ وَإِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ وَرَجَّحَ

مشرکو نمین روایہ کیا اسکو تینون نے اور سند اسکی صحیح ہی اور ترجیح دی

الْبُخَارِيُّ إِرْسَالَهُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ

بخاری نے ارسال کو اسکے * اور ابن عباس رضی اللہ

عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا هِجْرَةَ

عنہما سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہجرت ہی

بَعْدَ الْفَتْحِ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ

بعد فتح کے ولیکن جہاد اور نیت ہجرت کی متفق علیہ ہی * اور

أَبِي مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ

روایت ہی ابی موسی اشعری رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لڑا اس لئے کہ کلمہ

اللهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ

اللہ کا وہی بلند ہووے پس وہ جہاد مین ہی متفق علیہ ہی * اور

عَبْدِ اللهِ بْنِ السَّعْدِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ

روایت ہی عبد اللہ ابن سعدی رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْقَطِعُ الْهِجْرَةُ مَا قُوْتِلَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین تمام ہوتی ہی ہجرت جبتک ملہ بجاوین

الْعَدُوِّ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ ٭ وَعَنْ

دشمن روایت کیا اسکو نسائی نے اور صحیح کہا اسکو ابن حبان نے ٭ اور

نَافِعٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ أَغَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نافع رضی اللہ عنہ سے کہا چھاپا مارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

عَلَى بَنِي الْمُصْطَلِقِ وَهُمْ غَارُّونَ فَقَتَلَ مُقَاتِلَتَهُمْ

بنی مصطلق پر اور وے غافل تھے پھر مار ڈالا لڑنے والوں کو انکے

وَسَبَى ذَرَارِيَهُمْ حَدَّثَنِي بِذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

اور چھوڑ دیا اولاد کو انکی بہت کہا مجھسے عبد اللہ ابن

عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ٭ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ

عمر رضی اللہ عنہ نے متفق علیہ ہی ٭ اور سلیمان ابن

بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بریدہ سے نقل کی اسنے اپنے باپ سے کہا تھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم

إِذَا أَمَّرَ أَمِيرًا عَلَى جَيْشٍ أَوْصَاهُ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَبِمَنْ

جب کرتے کسیکو امیر لشکر پر وصیت فرماتے اسکو اللہ سے ڈرنے کی اور

مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ خَيْرًا ثُمَّ قَالَ اغْزُوا بِسْمِ اللّٰهِ

ساتھ والے مسلمانوں کی بھلائی کی پھر فرماتے جہاد کرو نام سے اللہ کے

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ اغْزُوا وَلَا تَغُلُّوا

اللہ کی راہ میں مارو منکر و نکو اللہ کے جہاد کرو اور نہ چھپاؤ مال میں لوٹ کے

وَلَا تَغْدِرُوْا وَلَا تُمَثِّلُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا وَاِذَا لَقِيْتَ

و دغا نہ دو اور ناک کان نہ کاٹو اور نہ قتل کرو لڑکوں کو اور جب ملو دشمن سے تو

عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَادْعُهُمْ اِلَى ثَلَاثِ

دشمنوں کا اپنے مشرکوں میں سے تو دعوت کر انکو تین

خِصَالٍ فَاَيَّتُهُنَّ اَجَابُوْكَ اِلَيْهَا فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ

بات کی پھر جو خصلت مانیں ان میں کی تو قبول کر اُن سے اور باز رہ

عَنْهُمْ اُدْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَاِنْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ

اُن سے دعوت کر انکو اسلام کی طرف پھر اگر مانیں تجھے تو قبول کر

مِنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ اِلَى

اُنسے صلح پھر دعوت کر انکو چلنے کی گھر سے اپنے

دَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ فَاِنْ اَبَوْا فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ يَكُوْنُوْنَ

مہاجرین کے دیار کی طرف پھر اگر نہ مانیں تو خبر دے انکو کہ وہ ہوجاوینگے

كَاَعْرَابِ الْمُسْلِمِيْنَ وَلَا يَكُوْنُ لَهُمْ فِي الْغَنِيْمَةِ

جیسے گنوار مسلمان اور نہ ہوگی اُن کے لئے غنیمت

وَالْفَيْءِ شَيْءٌ اِلَّا اَنْ يُّجَاهِدُوْا مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِنْ هُمْ

اور فی میں سے کچھ مگر یہہ کہ جہاد کریں ساتھ ملکر مسلمانوں کے پھر اگر وے

اَبَوْا فَاسْئَلْهُمُ الْجِزْيَةَ فَاِنْ هُمْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ

کنارہ کریں تو طلب کر اُنسے جزیہ پھر اگر وے قبول کریں تو تو بھی قبول کر

مِنْهُمْ فَإِنْ هُمْ أَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَقَاتِلْهُمْ وَإِذَا

آئین سے بہلے پھر اگر وے انکار کرین تو مدد مانگ اللہ سے اور لڑ اُنسے اور جب

حَاصَرْتَ أَهْلَ حِصْنٍ فَأَرَادُوكَ أَنْ تَجْعَلَ لَهُمْ

گھیرے تو قلعے والو نکو پھر ارادہ کرین تجھسے کہ کرے تو اُنکو

ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِيِّهِ فَلَا تَفْعَلْ وَلٰكِنِ اجْعَلْ لَهُمْ

ذمے مین اللہ کے اور ذمے مین اُس کے نبی کے تو نہ کر ایسا لیکن بے اُنکو

ذِمَّتَكَ فَإِنَّكُمْ إِنْ تُخْفِرُوا ذِمَمَكُمْ أَهْوَنُ مِنْ أَنْ

ذمے مین اپنے البتہ تم اگر توڑو گے ذمے کو اپنے تو آسان ہی اُس سے کہ

تُخْفِرُوا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَإِنْ أَرَادُوكَ أَنْ تُنْزِلَهُمْ عَلٰى

توڑو ذمہ اللہ کا اور جب ارادہ کرین وے تجھ سے کہ اُتارے تو اُنکو

حُكْمِ اللّٰهِ فَلَا تَفْعَلْ بَلْ عَلٰى حُكْمِكَ فَإِنَّكَ لَا

حکم پر اللہ کے تو نہ کر بلکہ حکم پر اپنے کر بیشک تو نہین

تَدْرِي أَتُصِيبُ فِيهِمْ حُكْمَ اللّٰهِ أَمْ لَا أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ ❁

جانتا کہ تو پہنچیگا اُنمین حکم کو اللہ کے یا نہین نکالا اُسکو مسلم نے

وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ

اور روایت ہی کعب ابن مالک رضی اللہ عنہ سے مقرر

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَرَادَ غَزْوَةً وَرَّى

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب ارادہ کرتے تھے لڑائی کا چھپاتے

بغيرها متفق عليه * وعن معقل ان النعمان بن
بغیر اُسکے متفق علیہ ہی * اور روایت ہی معقل سے کہ تحقیق نعمان ابن
مقرن قال شهدت رسول الله صلى الله عليه وسلم
مقرن نے کہا دیکھا مین نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو
اذا لم يقاتل اول النهار اخر القتال حتى تزول
جب نہ لڑتے اول روز تو دیر کرتے لڑائی مین یہان تک کہ ڈھلتا
الشمس وتهب الرياح وينزل النصر رواه احمد
آفتاب اور چلتی ہوا اور اترتی مدد روایت کیا اسکو احمد نے
والثلاثة وصححه الحاكم واصله في البخاري
اور تینون نے اور صحیح کہا اسے حاکم نے اور اصل اسکی بخاری مین ہی
وعن الصعب بن جثامة رضي الله عنه قال سئل
اور صعب ابن جثامہ رضی اللہ عنہ سے ہی کہا پوچھا کسی نے
رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الدار من المشركين
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حکم وطن کا مشرکون کے
يبيتون فيصيبون من نسائهم وذراريهم فقال هم
کہ لوگ شب خون مارین پھر پاوین عورتین اور لڑکیان انکی سو فرمایا
منهم متفق عليه * وعن عائشة رضي الله عنها
وے انسے ہین متفق علیہ ہی * اور روایت ہی عایشہ رضی اللہ عنہا سے

إنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰه عليه وسلم قال لِرجلٍ تبعه في يوم
مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک مرد کو جو چلا انکے ساتھ بدر
بدْرٍ ارْجِعْ فَلَنْ أسْتَعِينَ بِمُشْرِكٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وعن
کے دن پھر جا اور نہیں مدد چاہتا میں مشرک سے روایت کیا اسکو مسلم نے * اور
ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰه عَنْهُمَا أنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰه عليه
ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہی مقرر نبی صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ رَأى امْرَأةً مَقْتُولَةً فِي بَعْضِ مَغَازِيهِ فَأنْكَرَ
وسلم نے دیکھا ایک عورت کو کہ ماری پڑی وہ بعضی لڑائیوں میں سو منع فرمایا
قَتْلَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وعن سمرة
مارنے کو عورتوں کے اور لڑکوں کے متفق علیہ ہی * اور روایت ہی سمرہ
رَضِيَ اللّٰه عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰه عليه وَسَلَّمَ
رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
اُقْتُلُوا شُيُوخَ الْمُشْرِكِينَ وَاسْتَبْقُوا شَرْخَهُمْ رَوَاهُ
مارو بوڑھوں کو مشرکوں کے اور باقی رہنے دو لڑکوں کو انکے روایت کیا اسکو
أبُو دَاوُدَ وَصَحَّحَهُ التِّرْمِذِيُّ * وعن عَلِيٍّ رَضِيَ
ابو داؤد نے اور صحیح کہا اسکو ترمذی نے * اور روایت ہی علی رضی
اللّٰه عنه أنهم تَبَارَزُوا يَوْمَ بَدْرٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ
اللہ عنہ سے کہ باہر نکلے صف سے لڑنے کو صحابہ بدر کے دن روایت کیا اسکو بخاری نے

وَاَخْرَجَهُ اَبُوْدَاوُدَ مُطَوَّلًا ❊ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ رَضِيَ

اور روایت کیا اسکو ابوداود نے مطول ❊ اور روایت ہی ابی ایوب رضی

اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اِنَّمَا اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فِيْنَا مَعْشَرَ

اللہ عنہ سے کہا سوائے اسکے نہیں نازل ہوئی یہ آیت ہمارے حق میں جو گروہ

الْاَنْصَارِ يَعْنِيْ قَوْلَهُ تَعَالٰى وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى

انصار ہیں یعنی قول اللہ تعالی کا اور نہ ڈالو اپنے ہاتھوں کو اپنے

التَّهْلُكَةِ قَالَهُ رَدًّا عَلٰى مَنْ اَنْكَرَ عَلٰى مَنْ حَمَلَ عَلٰى

ہلاکی میں کہا ابی ایوب نے اس قول کے رد کرنے کو اسپر جسنے اعتراض کیا

صَفِّ الرُّوْمِ حَتّٰى دَخَلَ فِيْهِمْ رَوَاهُ الثَّلَاثَةُ

اسپر جو چلا لڑائی پر روم کی یہانتک کہ داخل ہوا انمیں روایت کیا اسکو تینوں نے

وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ ❊ وَعَنِ ابْنِ

اور ترمذی اور ابن حبان اور حاکم نے ❊ اور روایت ہی ابن

عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ حَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عمر رضی اللہ عنہما سے کہا جلائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

نَخْلَ بَنِي النَّضِيْرِ وَقَطَّعَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❊ وَعَنْ عُبَادَةَ

کھجور کے درخت بنی نضیر کے اور کاٹے واسطے متفق علیہ ہی ❊ اور عبادہ

بْنِ الصَّامِتِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

ابن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہا فرمایا پیغمبر خدا

ف * یعنی جو شخص عذاب اور اپنی جان ہلاکت میں ڈالے وہ ...

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَغُلُّوا فَاِنَّ الْغُلُوْلَ نَارٌ وَّعَارٌ عَلٰى

صلعم نے خیانت نکرو غنیمت میں کیونکہ البتہ وہ خیانت آگ ہی اور شرم ہی

اَصْحَابِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ

خیانت والے پر دنیا اور آخرت میں روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے

وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ ۞ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ

اور صحیح کہا اسکو ابن حبان نے ۞ اور عوف بن مالک سے رضی

اللهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالسَّلَبِ

اللہ عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی بدن سے اسباب لینے کی

لِلْقَاتِلِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَاَصْلُهُ عِنْدَ مُسْلِمٍ ۞ وَعَنْ

مقتول کے قاتل کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور اصل اسکی نزدیک مسلم کے ہی ۞ اور

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِي قِصَّةِ قَتْلِ

روایت ہی عبد الرحمن ابن عوف رضی اللہ عنہ سے قصے میں قتل

اَبِي جَهْلٍ قَالَ فَابْتَدَرَاهُ بِسَيْفَيْهِمَا حَتّٰى قَتَلَاهُ

ابی جہل کے کہا پھر دوڑے وے دونوں لیکے اپنی تلوار لیکر یہانتک کہ قتل کیا اسکو

ثُمَّ انْصَرَفَا اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَاهُ

پھر پھرے آپ سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر خبر دی انھوں نے انکو

فَقَالَ اَيُّكُمَا قَتَلَهُ هَلْ مَسَحْتُمَا سَيْفَيْكُمَا قَالَا لَا قَالَ

سو فرمایا کسنے تم دونو میں سے مارا اسکو کیا چاٹ لئیں تم دونوں نے تلوار اپنی بولے نہیں کہا

فَنَظَرَ فِيهِمَا فَقَالَ كِلَاكُمَا قَتَلَهُ وَقَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

پھر دیکھا حضرتؐ نے اُنمین پھر فرمایا تم دونون نے قتل کیا اُسکو اور اجازت دی صلی اللہ

وَسَلَّمَ سَلَبَهُ الْمُعَاذَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ مُتَّفَقٌ

علیہ وسلم نے اسباب لینے کی اُسکے معاذ بن عمرو بن جموح کو متفق

عَلَيْهِ * وَعَنْ مَكْحُولٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

علیہ ہے * اور مکحول رضی اللہ عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ نَصَبَ الْمَنْجَنِيقَ عَلَى أَهْلِ الطَّائِفِ أَخْرَجَهُ

وسلم نے کھڑا کیا منجنیق طائف والون پر نکالا اُسکو

أَبُودَاوُدَ فِي الْمَرَاسِيلِ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ وَوَصَلَهُ

ابوداؤد نے مرسلون مین اور راوی اُسکے معتبر ہین اور موصول کہا اُسکو

الْعُقَيْلِيُّ بِإِسْنَادٍ ضَعِيفٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

عقیلی نے اسناد ضعیف سے علی رضی اللہ تعالی عنہ سے

وَعَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور انس رضی اللہ عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم

دَخَلَ مَكَّةَ وَعَلَى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ فَلَمَّا نَزَعَهُ جَاءَهُ رَجُلٌ

داخل ہوئے مکّے مین اور سر پر اُنکے خود تھا پھر جب اُتارا اُسکو آیا اُن پاس ایک

فَقَالَ ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ اقْتُلُوهُ

اور کہا اُسنے ابن خطل لپٹا ہی پردے مین کعبے کے سو فرمایا قتل کرو اُسکو

مُتفقٌ عليهِ وعن سعيدِ بنِ جبيرٍ رضيَ اللهُ عنهُ

متفق علیہ ہی* اور روایت ہی سعید ابن جبیر رضی اللہ عنہ سے

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ قتلَ يومَ بدرٍ ثلاثةً صبراً

تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کیا بدر کے دن تین قیدی کو بند کر کے

اخرجهُ ابو داؤدَ فى المراسيلِ ورجالهُ ثقاتٌ

نکالا اسکو ابو داؤد نے مرسلون میں اور راوی اسکے معتبر ہیں

*وعن عمرانَ بنِ حصينٍ رضيَ اللهُ عنهُ انَّ رسولَ

اور روایت ہی عمران ابن حصین رضی اللہ عنہ سے تحقیق رسول خدا

اللهِ صلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ فدى رجلينِ منَ المسلمينَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے بدلا دیا دو مرد کا مسلمانون میں سے

برجلٍ مشركٍ منَ المشركينَ اخرجهُ التِّرمذيُّ

ایک مرد مشرک کو مشرکون میں سے نکالا اسکو ترمذی نے

وصحَّحهُ واصلهُ عندَ مسلمٍ *وعن صخرِ بنِ العيلةِ

اور صحیح کہا اسکو اور اصل اسکی مسلم کے پاس ہی اور صخر ابن عیلہ

رضيَ اللهُ عنهُ انَّ النَّبيَّ صلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ قالَ انَّ

رضی اللہ عنہ سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

القومَ اذا اسلموا احرزوا دماءَهم واموالَهم

قوم جب اسلام لائے بچایا انھون نے خون اپنا اور مال اپنا

[illegible handwritten marginal note]

أَخْرَجَهُ أَبُودَاوُدَ وَرِجَالُهُ مَوْثُوقُونَ * وَعَنْ جُبَيْرِ
نکالا اسکو ابوداؤد نے اور راوی اسکے معتبر ہیں * اور جبیر

بْنِ مُطْعِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ابن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

قَالَ فِي أُسَارَى بَدْرٍ لَوْ كَانَ الْمُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ
فرمایا بیچ حق قیدیوں بدر کے اگر ہوتا مطعم ابن عدی

حَيًّا ثُمَّ كَلَّمَنِي فِي هٰؤُلَاءِ النَّتْنَى لَتَرَكْتُهُمْ رَوَاهُ
جیتا پھر کہتا مجھسے حق میں ان نجسوں کے تو چھوڑ دیتا میں انکو روایت کیا اسکا

الْبُخَارِيُّ * وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ
بخاری نے * اور روایت ہی ابی سعید خدری رضی

اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ أَصَبْنَا سَبَايَا يَوْمَ أَوْطَاسٍ لَهُنَّ أَزْوَاجٌ
اللہ عنہ سے کہا ہاتھ لگین ہمکو لڑکیاں اوطاس کی لڑائی کے دن کہ انکے خاوند تھے

فَتَحَرَّجُوا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ
سو گناہ جانا لوگوں نے صحبت میں لانا پھر اتارا اللہ نے اور قیدوالی عورتیں

إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ الْآيَةَ أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ * وَعَنِ
مگر جنکے مالک ہوے ہاتھ تمہارے آخر آیہ تک نکالا اسکو مسلم نے * اور

ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ
ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہی کہا بھیجا نبی اللہ

عليه وسلّم سريّةً وأنا فيهم قِبَلَ نجدٍ فغنموا

صلى الله عليه وسلم نے لشکر اور میں بھی انمیں تھا نجد کیطرف پھر لوٹ لائے

إبلاً كثيرةً فكانت سهمانهم اثنى عشر بعيرًا و

اونٹ بہت سو ہوا حصہ انکا بارہ بارہ اونٹ اور

نُفِّلوا بعيرًا بعيرًا متفق عليه ❊ وعنه قال قسم

زیادہ دیے گئے ایک ایک اونٹ متفق علیہ ہی ❊ اور اسی سے کہا تقسیم کیا

رسول الله صلّى الله عليه وسلّم يوم خيبر للفرس سهمين

نبی صلی الله علیہ وسلم نے خیبر کی لڑائی کے دن گھوڑے کا دو حصہ

وللراجل سهمًا متفق عليه واللفظ للبخاري و

اور آدمی کا ایک حصہ متفق علیہ ہی اور لفظ بخاری کا ہی اور

لأبي داؤد أسهم لرجل ولفرسه ثلاثة أسهم

ابی داؤد کی روایت تقسیم کیا واسطے آدمی کے اور اسکے گھوڑے کے تین حصے

سهمين لفرسه وسهمًا له ❊ وعن معن بن يزيد

دو حصے گھوڑے کو اور ایک اسکو ❊ اور روایت ہی معن ابن یزید سے

قال سمعت رسول الله صلّى الله عليه وسلّم يقول لا نفل

کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی الله علیہ وسلم کو فرماتے تھے زیادہ دینا

إلا بعد الخمس رواه أحمد وأبو داؤد وصحّحه

نہیں ہی مگر بعد خمس کے روایت کیا اسکو احمد و داؤد نے اور صحیح کہا اسکو

الطَّحَاوِيُّ * وَعَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ

طحاوی نے * اور روایت ہی حبیب ابن مسلمہ رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَّلَ

عنہ سے کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کو زیادہ کی تقسیم کرتے

الرُّبُعَ فِي الْبَدْأَةِ وَالثُّلُثَ فِي الرَّجْعَةِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

ربع ابتداء میں اور تہائی پھر نے میں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وَصَحَّحَهُ ابْنُ الْجَارُودِ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ * وَعَنِ

اور صحیح کہا اسکو ابن جارود اور ابن حبان اور حاکم نے * اور

ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ

روایت ہی ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا تھے پیغمبر خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَفِّلُ بَعْضَ مَنْ يَبْعَثُ مِنَ السَّرَايَا

صلی اللہ علیہ و سلم زیادہ کی تقسیم کرتے تھے (بعضے سریہ پر) جسکو بھیجتے انھیں

لِأَنْفُسِهِمْ خَاصَّةً سِوَى قَسْمِ عَامَّةِ الْجَيْشِ مُتَّفَقٌ

لوگون کے واسطے صرف تمام لشکر کی تقسیم کے سوا متفق

عَلَيْهِ * وَعَنْهُ قَالَ كُنَّا نُصِيبُ فِي مَغَازِينَا الْعَسَلَ

علیہ ہی * اور روایت ہی انھیں سے کہا ہم پاتے تھے اپنی لڑائیوں میں شہد

وَالْعِنَبَ فَنَأْكُلُهُ وَلَا نَرْفَعُهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَلِأَبِي

اور انگور سو کھا لیتے اسکو اور اٹھا لاتے اسکو روایت کیا اسکو بخاری نے اور ابی

كُلُّهُ فَلَمْ يُؤْخَذْ مِنْهُمُ الْخُمُسُ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ

داؤد کی روایت سونہ لیا جاتا اُنسے خمس اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان نے

* وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي اَوْفَى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ

* اور روایت ہی عبد اللہ ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے کہا

اَصَبْنَا طَعَامًا يَوْمَ خَيْبَرَ فَكَانَ الرَّجُلُ يَجِيءُ فَيَأْخُذُ

ملا ہم لوگونکو غلہ خیبر کی لڑائی کے دن سو ہر شخص آتا تھا اور لیتا تھا

مِنْهُ مِقْدَارَ مَا يَكْفِيهِ ثُمَّ يَنْصَرِفُ اَخْرَجَهُ اَبُو دَاوُدَ

اُسمیں سے موافق اپنے کام کے پھر چلا جاتا نکالا اُسکو ابو داؤد نے

وَصَحَّحَهُ ابْنُ الْجَارُودِ وَالْحَاكِمُ * وَعَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ

اور صحیح کہا اُسکو ابن جارود اور حاکم نے * اور روایفع ابن

ثَابِتٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا

وسلم نے جو ایمان رکھتا ہو اللہ پر اور پچھلے دن پر سو نہ

يَرْكَبْ دَابَّةً مِنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِينَ حَتّٰى اِذَا اَعْجَفَهَا

سوار ہو چارپائے پر لوٹ کے مال سے مسلمانوں کے یہان تک کہ جب دُبلا ہوا

رَدَّهَا فِيهِ وَلَا يَلْبَسْ ثَوْبًا مِنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِينَ حَتّٰى

پھیر دیا اُسے اُسی حالت میں اور نہ پہنے کپڑا غنیمت سے مسلمانوں کی یہاں تک

إذا أخلقه ردّه فيه أخرجه أبو داؤد والدارمي

کرجب پُرانا ہو پھیر دے اُسے اُسی حالت میں نکالا اُسکو ابو داؤد اور دارمی نے

رجاله لا باس بهم • وعن أبي عبيدة بن الجراح

اور راوی اُسکے نہیں مضایقہ اُنسے ﴿اور ابی عبیدہ ابن جراح

رضي الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم

رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے

يقول يجير على المسلمين بعضهم أخرجه ابن

فرماتے تھے پناہ دے سکتا ہی مسلمانوں پر بعضا اُنکا • ش * نکالا اُسکو ابن

أبي شيبة وأحمد وفي إسناده ضعف وللطيالسي

ابی شیبہ اور احمد نے اور اسناد میں اُسکی ضعف ہی اور طیالسی

من حديث عمرو بن العاص يجير على المسلمين

کی روایت حدیث سے عمرو بن عاص کی پناہ دے سکتا ہی مسلمانوں پر

أدناهم وفي الصحيحين عن علي رضي الله عنه ذمة

ادنا اُنکا اور صحیحین کے درمیان علی رضی اللہ عنہ سے ذمہ

المسلمين واحدة يسعى بها أدناهم زاد ابن ماجة

مسلمانوں کا ایک ہی سعی کرسکتا ہی اُسمیں ادنا اُنکا زیادہ کیا ابن ماجہ نے

من وجه آخر ويجير عليهم أقصاهم وفي الصحيحين

دوسری وجہ سے اور پناہ دے سکتا ہی اُنپر ادنا اُنکا اور مسلم اور بخاری میں

ش یعنی اگر ایک مسلمان کسی کافر کو امان دے تو سب مسلمانوں کو امان دینا پڑیگا

من حديث ام هانيء قد اجرنا من اجرت * وعن عمر

حدیث سے ام ہانی کی البتہ پناہ دیا میں نے جسکو تو نے پناہ دیا * اور عمر

رضي الله عنهما انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم

رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ انہوں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

يقول لاخرجن اليهود والنصارى من جزيرة العرب

فرماتے تھے کہ نکالونگا میں یہود اور نصاری کو جزیرہ سے عرب کے

حتى لا ادع الا مسلما رواه مسلم * وعنه ايضا

یہانتک کہ نہ چھوڑ دونگا مگر مسلمانکو روایت کیا اسکو مسلم نے * اور یہہ بھی اُنہی سے

قال كانت اموال بني النضير مما افاء الله على

کہا کہ تھا مال بنی نضیر کا اس جنس سے کہ فی میں دیا اللہ نے

رسوله مما لم يوجف عليه المسلمون بخيل ولا

رسول کو اپنے اُس چیز سے کہ نہ دوڑایا اُسپر مسلمانوں نے گھوڑے اور

ركاب فكانت للنبي صلى الله عليه وسلم خاصة فكان

نہ اونٹ سو تھا یہہ مال واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس الاسو خرچ

ينفق على اهله نفقة سنة ومابقي يجعله في الكراع

کرتے تھے لوگوں پر اپنے خرچ ایک سال کا اور جو باقی رہجاتا خرچ کرتے اُسے گھوڑے

والسلاح عدة في سبيل الله عزوجل متفق عليه

اور ہتھیار میں طیار کرنے کو اللہ غالب مرتبہ والے کی راہ میں متفق علیہ

وعن معاذ رضي الله عنه قال غزونا مع رسول
اور روایت ہی معاذ رضی اللہ عنہ سے کہا غزا کیا ہمنے پیغمبر
الله صلى الله عليه وسلم خيبر فاصبنا فيها غنما فقسم
خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خیبر میں پھر پائیں ہم نے اسمیں بکریان پھر بانٹی
فينا رسول الله صلى الله عليه وسلم طائفة وجعل بقيتها
ہم میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ تھوڑی اور باقی کو داخل کیا
في المغنم رواه ابوداؤد ورجاله لا بأس بهم
غنیمت میں روایہ کیا اسکو ابو داؤد نے اور رجال وہی اسکے مضایقہ نہیں انمیں
وعن ابي رافع رضي الله عنه قال قال رسول
اور روایت ہی ابی رافع رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا پیغمبر
الله صلى الله عليه وسلم اني لا اخيس بالعهد ولا
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے میں نہیں توڑتا عہد کو اور نہیں
احبس الرسل رواه ابوداؤد والنسائي وصححه
قید کرتا ہوں ایلچیوں کو روایہ کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے اور صحیح کہا اسکو
ابن حبان * وعن ابي هريرة رضي الله عنه ان
ابن حبان نے * اور روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مقرر
رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ايما قرية اتيتموها
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو گانون کہ آئے تم اسمیں

فَاَقِمْتُمْ فِيهَا فَسَهْمُكُمْ فِيهَا وَاَيُّمَا قَرْيَةٍ عَصَتِ اللّٰهَ

پھر ٹھہرے اسمیں وہیں تو حصہ تمہارا اسمیں ہی اور جس گاؤں نے نافرمانی کی اللہ

وَرَسُوْلَهُ فَاِنَّ خُمُسَهَا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهِ ثُمَّ هِيَ لَكُمْ

اور اُسکے رسول کی تو البتہ خمس اُسکا اللہ اور اُسکے رسول کے لئے ہی بعد اُسکے تمہارے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ * بَابُ الْجِزْيَةِ وَالْهَدِيَّةِ * عَنْ عَبْدِ

روایت کیا مسلم نے * باب جزیے اور تحفے کا * روایت ہی

الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

عبد الرحمن ابن عوف رضی اللہ تعالی عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ اَخَذَهَا يَعْنِي الْجِزْيَةَ مِنْ مَجُوْسِ هَجَرَ

وسلم نے لیا اُسے یعنے جزیے کو مجوس ہجر سے

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَلَهُ طَرِيْقٌ فِي الْمُوَطَّا فِيهَا انْقِطَاعٌ

روایت کیا اُسے بخاری نے اور اُس حدیث کا ایک طریق ہی موطا میں اُسمیں انقطاع ہی

وَعَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَنَسٍ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ

اور عاصم ابن عمر سے نقل کی اُسنے انس سے اور عثمان ابن

اَبِي سُلَيْمَانَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ خَالِدَ

ابی سلیمان سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بھیجا خالد

بْنَ الْوَلِيْدِ اِلَى اُكَيْدِرِ دُوْمَةِ الْجَنْدَلِ فَاَخَذُوْهُ

ابن ولید کو اکیدر کی طرف حاکم دومۃ الجندل کا سو پکڑ لائے وے اُسکو

[illegible handwritten marginal note]

مُحَقِّنَ دَمَهُ وَصَالَحَهُ عَلَى الْجِزْيَةِ رَوَاهُ أَبُودَاوُدَ

سو معاف کیا حضرت نے خون کو اُسکے اور صلح کیا اُسے جزیے پر روایہ کیا اُسکو ابوداؤد نے

وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ بَعَثَنِي النَّبِيُّ

اور روایت ہی معاذ ابن جبل رضی اللہ عنہ سے کہا بھیجا مجھے نبی

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْيَمَنِ وَأَمَرَنِي أَنْ آخُذَ مِنْ

صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی طرف اور حکم فرمایا مجھے کہ لوں

كُلِّ حَالِمٍ دِينَارًا أَوْ عَدْلَهُ مَعَافِرِيًّا أَخْرَجَهُ الثَّلَاثَةُ

ہر بالغ سے ایک دینار یا برابر اُسکے کپڑا معافری نکالا اُسکو تینوں نے

وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ ۔ وَعَنْ عَائِذِ بْنِ

اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان اور حاکم نے * اور عائذ ابن

عَمْرٍو الْمُزَنِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ

عمرو المزنی رضی اللہ عنہ سے نقل کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ

سَلَّمَ قَالَ الْإِسْلَامُ يَعْلُو وَلَا يُعْلَى أَخْرَجَهُ الدَّارَقُطْنِيُّ

وسلم سے فرمایا اسلام غالب رہیگا اور مغلوب نہو گا نکالا اُسکو دارقطنی نے *

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ

اور روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مقرر پیغمبر خدا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبْدَؤُا الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ پہلے کرو یہود اور نصارا کو

بِالسَّلَامِ وَاِذَا لَقِيْتُمْ اَحَدَهُمْ فِيْ طَرِيْقٍ فَاضْطَرُّوْهُ
سلام اور جب ملو تم کسی سے اُنکے راہ میں تو تنگ کرو اُسکو
اِلَى اَضْيَقِهٖ رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وَعَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ
تنگ راستے کیطرف روایۃ کیا اُسکو مسلم نے * اور ابن مسور ابن
مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ
مخرمہ اور مروان سے روایت ہی مقرر نبی صلی اللہ علیہ و سلم نکلے
عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ وَفِيْهِ هٰذَا
حدیبیہ کے سال پھر ذکر کیا حدیث بڑی اور اُسی میں ہی یہہ
مَا صَالَحَ عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ سُهَيْلَ ابْنَ عَمْرٍو
کہ جو صلح کیا پسر محمد ابن عبد اللہ نے سہیل ابن عمرو سے
عَلٰى وَضْعِ الْحَرْبِ عَشْرَ سِنِيْنَ يَاْمَنُ فِيْهَا النَّاسُ
لڑائی موقوف رکھنے پر دس برس چین سے رہیں اُسمیں لوگ
وَيَكُفُّ بَعْضُهُمْ عَنْ بَعْضٍ اَخْرَجَهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَاَصْلُهٗ
اور رکے رہیں ایک اُنکے دوسرے سے نکالا اُسکو ابوداؤد نے اور اصل اُسکی
فِي الْبُخَارِيِّ وَاَخْرَجَ مُسْلِمٌ بَعْضَهٗ مِنْ حَدِيْثِ
بخاری میں ہی اور نکالا مسلم نے بعضے لفظ کو اُسکے حدیث سے
اَنَسٍ وَفِيْهِ اَنَّ مَنْ جَاءَ مِنْكُمْ لَمْ نَرُدَّهٗ عَلَيْكُمْ وَمَنْ
انس کی اور اُسی میں ہی جو آویگا تم میں سے نہ پھیرینگے ہم اُسکو تمپر اور جو

جَاءَكُمْ مِنَّا رَدَدْتُمُوهُ عَلَيْنَا فَقَالُوا أَتَكْتُبُ هٰذَا
آویگا ہم میں سے پھیر دو تم اسکو ہمپر پھر بولے صحابہ کیا لکھوگے یہ
يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ إِنَّهُ مَنْ ذَهَبَ مِنَّا إِلَيْهِمْ
یا رسول اللہ فرمایا ہاں جو گیا ہم لوگوں میں سے اُنکی طرف
فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ وَمَنْ جَاءَنَا مِنْهُمْ فَسَيَجْعَلُ اللّٰهُ لَهُ
سو دور کیا اُسکو اللہ نے اور جو آیا ہمارے پاس اُنمیں سے سو جلد کہولدیگا اللہ اُسکے
فَرَجًا وَمَخْرَجًا • وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ
کشایش اور نکاس * اور روایت ہی عبد اللہ ابن عمرو رضی
اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ
اللہ عنہ سے نقل کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جسنے مار
مُعَاهِدًا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَإِنَّ رِيحَهَا لَيُوجَدُ
عہد والے کو نہ پاویگا وہ خوشبو جنت کی اور البتہ خوشبو اُسکی آتی ہی
مِنْ مَسِيرَةِ أَرْبَعِينَ عَامًا أَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ * بَابُ
چالیس برس کی راہ سے نکالا اُسکو بخاری نے * باب
السَّبَقِ وَالرَّمْيِ * عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
سبقت لیجانے کا گھوڑا دوڑانے اور تیر لگانے میں * روایت ابن عمر رضی اللہ عنہ
قَالَ سَابَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَيْلِ الَّتِي قَدْ
کہا دوڑوایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کو جو

أُضمِرَت مِنَ الْحَفيَاءِ وَكَانَ اَمَدُهَا ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ
دُبلے کئے گئے تھے حفیا کے مقام سے اور تھی نہایت اُنکی ثنیۃ الوداع
وَسَابَقَ بَينَ الْخَيْلِ الَّتِي لَمْ تُضْمَرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ اِلَى
اور مسابقت کروایا گھوڑوں میں جو دُبلے نہیں کئے گئے تھے ثنیہ وداع سے
مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ فِيمَنْ سَابَقَ
مسجد بنی زریق تک اور تھے ابن عمر بھی دوڑانے والوں میں
مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * زَادَ الْبُخَارِيُّ قَالَ سُفْيٰنُ مِنَ الْحَفْيَاءِ
متفق علیہ ہی زیادہ کیا بخاری نے کہا سفیان نے حفیا سے
اِلَى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ خَمْسَةُ اَمْيَالٍ اَوْ سِتَّةٌ وَمِنَ الثَّنِيَّةِ
ثنیۃ الوداع تک پانچ کوس ہی یا چھ اور ثنیہ سے
اِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ مِيلٌ * وَعَنْهُ رَضِيَ اللّٰهُ
مسجد بنی زریق تک ایک کوس ہی * اور روایت ہی اُسی رضی اللہ
عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ
عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دوڑایا گھوڑوں کو
وَفَضَّلَ الْقُرَّحَ فِي الْغَايَةِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُودَاؤُدَ وَ
اور بڑھا دیا سفید پیشانی والا آخر کو روایت کیا احمد اور ابو داؤد نے
صَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ * وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان نے * اور ابی ہریرہ رضی اللہ

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا سَبَقَ إِلَّا

کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین شرط مگر

فِي خُفٍّ أَوْ نَصْلٍ أَوْ حَافِرٍ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالثَّلَاثَةُ

اونٹ یا تیر یا گھوڑے مین روایت کیا اُسکو احمد نے اور تینون نے

وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ * وَعَنْهُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ

اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان نے * اور روایت ہی اُسی رضی اللہ عنہ سے

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ

نقل کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جسنے ڈالا گھوڑا دو

فَرَسَيْنِ وَهُوَ لَا يَأْمَنُ أَنْ يَسْبِقَ فَلَا بَأْسَ بِهِ فَإِنْ

گھوڑوں کے بیچ اور وہ نہین بے غم آگے بڑھنے سے سو قباحت نہین اُسمین پھر اگر

أَمِنَ فَهُوَ قِمَارٌ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَإِسْنَادُهُ

بے غم ہی تو وہ جوے بازی ہی روایت کیا اُسکو احمد اور ابو داؤد نے اور اسناد اُسکی

ضَعِيفٌ * وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ

ضعیف ہی * اور روایت ہی عقبہ ابن عامر رضی اللہ عنہ سے کہا

سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ

سُنا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اور وے منبر پر تھے

يَقُولُ وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ أَلَا إِنَّ

کہتے اور تیار کرو اُنکے لئے جتنا کرسکتے ہو زور سُنتا ہی مقرر

اَلْقُوَّةَ الرَّمْيُ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ
قوت تیر لگانا ہی سنتا ہی مقرر قوت تیر لگانا ہی سنتا ہی مقرر قوت
الرَّمْيُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ * كِتَابُ الْاَطْعِمَةِ * عَنْ
تیر لگانا ہی روایت کیا اسکو مسلم نے * کتاب کھانے کی چیزوں کی * ابی
اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
قَالَ كُلُّ ذِيْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ فَاَكْلُهُ حَرَامٌ رَوَاهُ
فرمایا ہر دانت سے پھاڑنیوالا ہی درندوں میں سے سو کھانا اسکا حرام ہی روایہ کیا
مُسْلِمٌ وَاَخْرَجَهُ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ بِلَفْظِ
اسکو مسلم نے اور نکالا اسکو حدیث سے ابن عباس کی لفظ سے
نَهٰى وَزَادَ وَكُلَّ ذِيْ مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ * وَعَنْ
نہی کے اور زیادہ کیا اور ہر چنگال والا پکھیرو میں سے * اور روایت ہی
جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
جابر رضی اللہ عنہ سے کہا منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَاَذِنَ فِيْ لُحُوْمِ
خیبر کے دن پالے ہوئے گدھے کے گوشت سے اور اذن دیا گوشت کا
الْخَيْلِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ لَفْظٍ لِلْبُخَارِيِّ وَرَخَّصَ وَعَنْ
گھوڑے کے متفق علیہ ہی اور لفظ میں بخاری کے اور رخصت دی * اور

أَبِي أَوْفَى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ

ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے کہا لڑتے ہم ساتھ نبی

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ فَأَكَلَ الْجَرَادَ مُتَّفَقٌ

صلی اللہ علیہ وسلم کے سات لڑائیاں پھر کھاتے تھے ہم ٹڈی متفق

عَلَيْهِ * وَعَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِي قِصَّةِ الْأَرْنَبِ

علیہ ہے * اور انس رضی اللہ عنہ سے قصے میں خرگوش کے

قَالَ فَذَبَحَهَا فَبَعَثَ بِوَرِكِهَا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

کہا پھر ذبح کیا اسکو پھر بھیجی ران اسکی نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فَقَبِلَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ

وسلم کے پاس سو قبول کیا اسکو متفق علیہ ہے * اور روایت ہے ابن عباس رضی

اللهُ عَنْهُمَا قَالَ نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ

اللہ عنہما سے کہا منع کیا پیغمبر خدا نے رحمت اللہ کی اوپر اور سلام

قَتْلِ أَرْبَعٍ مِنَ الدَّوَابِّ النَّمْلَةُ وَالنَّحْلَةُ وَالْهُدْهُدُ

مارنے سے چار جانوروں کے چونٹی اور شہد کی مکھی اور ہدہد

وَالصُّرَدُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ

اور خاچڑی روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے اور صحیح کہا اسکو ابن حبان

وَعَنِ ابْنِ أَبِي عَمَّارٍ قَالَ قُلْتُ لِجَابِرٍ الضَّبُعُ صَيْدٌ هِيَ

اور روایت ہے ابن عمار سے کہا کہا میں نے جابر کو کہ ... شکار ہے

قَالَ نَعَمْ قُلْتُ قَالَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
کہا ہاں کہا میں نے فرمایا اسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا
نَعَمْ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْأَرْبَعَةُ وَصَحَّحَهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ
ہاں روایت کیا اسکو احمد نے اور چاروں نے اور صحیح کہا اسکو بخاری اور ابن
حِبَّانَ * وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّهُ سُئِلَ
حبان نے * اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے انسے پوچھا کسی نے
عَنِ الْقُنْفُذِ فَقَالَ قُلْ لَا أَجِدُ فِيمَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا
چاہ ساہی کا سو کہا کہہ نہیں پاتا میں اسمیں جو وحی کیا گیا ہے میری طرف حرام
الْآيَةَ فَقَالَ شَيْخٌ عِنْدَهُ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ
آیہ تک پھر کہا شیخ نے اسکے سامنے سنا میں نے ابی ہریرہ رضی اللہ
عَنْهُ يَقُولُ ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ
عنہ سے کہتے تھے ذکر ہوا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس سو فرمایا
خَبِيثَةٌ مِنَ الْخَبَائِثِ أَخْرَجَهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَ
گندا ہی گندوں میں سے نکالا اسکو احمد اور ابو داود نے اور
إِسْنَادُهُ ضَعِيفٌ * وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ
اسناد اسکی ضعیف ہی * اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا
نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَلَّالَةِ وَ
منع کیا پیغمبر خدا نے رحمت اللہ کی اوپر اور سلام غلیظ خور جانوروں سے

أَلْبَانُهَا أَخْرَجَهُ الْأَرْبَعَةُ إِلَّا النَّسَائِيَّ وَحَسَّنَهُ التِّرْمِذِيُّ

اور دودھ سے اُنکے نکالا اُسکو چاروں نے مگر نسائی نے اور حسن کہا اُسکو ترمذی نے

وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ فِي قِصَّةِ الْحِمَارِ الْوَحْشِيِّ فَأَكَلَ

اور روایت ہی ابی قتادہ سے قصے میں گورخر کے پھر کھایا

مِنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ أَسْمَاءَ

اُس میں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے متفق علیہ ہی * اور روایت ہی اسما

بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ نَحَرْنَا عَلَى عَهْدِ

بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا سے کہا اُسنے نحر کیا ہمنے نے عہد میں

رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا فَأَكَلْنَاهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھوڑا پھر کھایا ہم نے اُسکو متفق علیہ ہی

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ أُكِلَ الضَّبُّ

اور روایت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا کھائی گئی گوہ

عَلَى مَائِدَةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

دسترخوان پر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے متفق علیہ ہی

وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمٰنَ الْقُرَشِيِّ أَنَّ طَبِيبًا

اور عبد الرحمن ابن عثمن قرشی سے کہ ایک طبیب نے

سَأَلَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضِّفْدَعِ يَجْعَلُهَا

پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حکم مینڈک کا کہ ڈالے اُسکو

فِيْ دَوَاءٍ فَنَهَى عَنْ قَتْلِهَا أَخْرَجَهُ أَحْمَدُ وَصَحَّحَهُ
دوا میں سو منع فرمایا مارنے سے اُسکے نکالا اُسکو احمد نے اور صحیح کہا اُسے

الْحَاكِمُ * بَابُ الصَّيْدِ وَالذَّبْحِ * عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ
حاکم نے * باب شکار اور ذبح کا * روایت ہی ابی ہریرہ

رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا نے رحمت اللہ کی اُنپر اور سلام

مَنِ اتَّخَذَ كَلْبًا إِلَّا كَلْبَ مَاشِيَةٍ أَوْ صَيْدٍ أَوْ زَرْعٍ
جو پالے کتا سوا اُس کتے کے جو مویشی کی نگہبانی کو پالتے ہیں یا شکار کو

انْتَقَصَ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ
کھیتی کی رکھوالی کو گھٹے گا ثواب میں سے اُسکے ہر روز ایک قیراط متفق علیہ * اور

عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
روایت ہی عدی ابن حاتم رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرْسَلْتَ كَلْبَكَ فَاذْكُرِ اسْمَ
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب چھوڑے تو کتے کو اپنے تو یاد کر نام

اللهِ فَإِنْ أَمْسَكَ عَلَيْكَ فَأَدْرَكْتَهُ حَيًّا فَاذْبَحْهُ وَإِنْ
اللہ کا پھر اگر پکڑ رکھا تیرے لیے تو پاوے تو اُسے زندہ تو ذبح کر اُسکو اور اگر

أَدْرَكْتَهُ قَدْ قَتَلَ وَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ فَكُلْهُ وَإِنْ وَجَدْتَ
پاوے تو اُسکو کہ مرا اور نہیں کھایا اُسے کتے نے تو کھا اُسکو اور جو پایا تو نے

مَعَ كَلْبِكَ كَلْبًا غَيْرَهُ وَقَدْ قَتَلَ فَلَا تَأْكُلْ فَإِنَّكَ لَا

اپنے کتّے کے ساتھ دوسرا کتا اور مرا ہو تو نہ کھا کہ تو نہیں

تَدْرِي أَيُّهُمَا قَتَلَهُ وَإِنْ رَمَيْتَ سَهْمَكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللهِ

جانتا کہ کسنے اُن دونوں میں مارا اُسکو اور اگر تو پھینکے تیر اپنا ذکر کر نام اللہ کا

فَإِنْ غَابَ عَنْكَ يَوْمًا فَلَمْ تَجِدْ فِيهِ إِلَّا أَثَرَ سَهْمِكَ فَكُلْ

پھر اگر غایب ہو جاوے تجھسے ایکدن شکار پھر نہ پاوے تو اُسمیں مگر اپنے تیر کا اثر تو کھا

إِنْ شِئْتَ وَإِنْ وَجَدْتَهُ غَرِيقًا فِي الْمَاءِ فَلَا تَأْكُلْ

اگر چاہے اور اگر پاوے تو اُسکو ڈوبا پانی میں تو نکھا

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهٰذَا اللَّفْظُ مُسْلِمٍ * وَعَنْ عَدِيٍّ قَالَ

متفق علیہ ہی اور یہی لفظ مسلم کا ہی * اور روایت ہی عدی سے کہا

سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَيْدِ الْمِعْرَاضِ

سوال کیا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پاس شکار سے لوہا کی موٹی لاٹھی کے

فَقَالَ إِذَا أَصَبْتَ بِحَدِّهِ فَكُلْ وَإِنْ أَصَبْتَ بِعَرْضِهِ

سو فرمایا جب تو پہنچے تیزی سے اُسکی تو کھا اور اگر پہنچے تو اُسکو نشان کے ساتھ

فَقَتَلَ فَإِنَّهُ وَقِيذٌ فَلَا تَأْكُلْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ * وَعَنْ

پھر مر گیا تو وہ چوٹ کھایا ہی تو نہ کھا روایت کیا اُسکو بخاری نے * اور

أَبِي ثَعْلَبَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

ابی ثعلبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی نقل کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَمَيْتَ سَهْمَكَ فَغَابَ عَنْكَ فَاَدْرَكْتَهُ

سلم سے فرمایا جب مارا تو نے تیر سے اپنے پھر غایب ہو گیا شکار تجھ سے پھر پایا تو نے اُسے

فَكُلْهُ مَالَمْ يُنْتِنْ اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ * وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ

تو کھا جبتک بدبو نہو نکلا اُسکو مسلم نے * اور عایشہ رضی

اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ قَوْمًا قَالُوْا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ

اللہ عنہا سے روایت ہی کہ ایک قوم نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ

قَوْمًا يَأْتُوْنَنَا بِاللَّحْمِ لَا نَدْرِيْ اَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ

ایک قوم لاتے ہیں ہمارے پاس گوشت کہ نہیں جانتے ہم کہ لیا نام اللہ کا

عَلَيْهِ اَمْ لَا فَقَالَ سَمُّوا اللّٰهَ عَلَيْهِ اَنْتُمْ وَكُلُوْهُ رَوَاهُ

اُسپر یا نہیں سو فرمایا پڑھو بسم اللہ اُسپر تم اور کھاؤ اُسکو روایہ کیا اُسے

الْبُخَارِيُّ * وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ رَضِيَ اللّٰهُ

بخاری نے * اور روایت ہی عبد اللہ ابن مغفل رضی اللہ

عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْخَذْفِ

عنہ سے مروی ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم نے منع فرمایا کنکری چلانے سے

وَقَالَ اِنَّهَا لَا تَصْطَادُ صَيْدًا وَلَا تَنْكَأُ عَدُوًّا وَلٰكِنَّهَا

اور فرمایا کہ وہ نہیں مارتا شکار کو اور نہیں مارتا دشمن کو اور لیکن

تَكْسِرُ السِّنَّ وَتَفْقَاُ الْعَيْنَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِمُسْلِمٍ

توڑتا ہی دانت اور اندھی کرتا ہی آنکھ متفق علیہ ہی اور لفظ مسلم کا ہی

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ

اور روایت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مقرر نبی

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتَّخِذُوا شَیْئًا فِیْهِ الرُّوْحُ غَرَضًا

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ ٹہراؤ اُس چیز کو جسمین روح ہو نشانہ تیر

رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❁ وَعَنْ کَعْبِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ

روایت کیا اُسکو مسلم نے ❁ اور روایت ہی کعب ابن مالک رضی اللہ

عَنْهُ اَنَّ امْرَاَةً ذَبَحَتْ شَاةً بِحَجَرٍ فَسُئِلَ النَّبِيُّ

عنہ سے کہ ایک عورت نے ذبح کیا بکری پتھر سے پھر پوچھا ہی

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَاَمَرَ بِاَکْلِهَا رَوَاهُ

صلی اللہ علیہ وسلم سے اُسکا حکم سو حکم فرمایا حضرت نے اُسکے کھانیکا روایت کیا اُسکو

الْبُخَارِيُّ ❁ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ رَضِيَ اللّٰهُ

بخاری نے ❁ اور روایت ہی رافع ابن خدیج رضی اللہ

عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَنْهَرَ الدَّمَ وَذُکِرَ

عنہ سے نقل کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جسکا بہا خون اور ذکر کیا گیا

اسْمُ اللّٰهِ عَلَیْهِ فَکُلْ لَیْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ اَمَّا السِّنُّ

نام اللہ کا اُسپر سو کھا سوا دانت اور ناخن کے سو دانت

فَعَظْمٌ وَاَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَی الْحَبَشَةِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ ❁ وَعَنْ

ہڈی ہی اور لیکن ہم سو چھریان حبشیون کی ہین متفق علیہ ہی ❁ اور

جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ
روایت ہی جابر ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے کہا منع کیا پیغمبر
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُقْتَلَ شَيْئًا مِنَ الدَّوَابِّ
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ماریں کسی جانور کو
صَبْرًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ ٭ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ رَضِيَ
بند کرکے روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہی شداد ابن اوس رضی
اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ
اللہ عنہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا نے رحمت اللہ کی اُنپر اور سلام کہ اللہ نے
كَتَبَ الْاِحْسَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَاِذَا قَتَلْتُمْ فَاَحْسِنُوا
لکھا احسان کرنا ہر چیز پر سو جب قتل کرو تو اچھی طرح کرو
الْقِتْلَةَ وَاِذَا ذَبَحْتُمْ فَاَحْسِنُوا الذِّبْحَةَ وَلْيُحِدَّ
اور جب ذبح کرو تو اچھی طرح کرو اور چاہیے کہ تیز کرے
اَحَدُكُمْ شَفْرَتَهٗ وَلْيُرِحْ ذَبِيْحَتَهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ ٭ وَعَنْ
کوئی تمہارا اپنی چھری اور چاہیے کہ آرام دے ذبیحہ کو اپنے روایہ کیا اسکو مسلم نے ٭ اور
اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ
روایت ہی ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَاةُ الْجَنِيْنِ ذَكَاةُ اُمِّهٖ
پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ذبح کرنا پیٹ کے بچے کا ذبح کرنا اسکی ماکا ہی

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ ❀ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

روایت کیا اُسکو احمد نے اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان نے ❀ اور ابن عباس

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ

رضی اللہ عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کو

يَكْفِيهِ إِسْمُهُ فَإِنْ نَسِيَ أَنْ يُسَمِّيَ حِينَ يَذْبَحُ

کافی ہی نام اللہ کا اگر بھول جاوے کہ بسم اللہ کہنے ذبح کے وقت

فَلْيُسَمِّ ثُمَّ لِيَأْكُلْ أَخْرَجَهُ الدَّارَقُطْنِيُّ وَفِي

تو چاہئے بسم اللہ پڑھکر کھاوے نکالا اُسکو دارقطنی نے اور

إِسْنَادِهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ وَهُوَ صَدُوقٌ

سند میں اُسکی محمد ابن یزید ابن سنان ہی اور وہ سچا ہی

ضَعِيفُ الْحِفْظِ وَأَخْرَجَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ

ناتوان حفظ میں اور نکالا اُسکو عبد الرزاق نے سند صحیح سے

إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ مَوْقُوفًا عَلَيْهِ وَلَهُ شَاهِدٌ عِنْدَ أَبِي

ابن عباس تک موقوف ہی اُسپر اور اُسکا شاہد ہی نزدیک ابی

دَاوُدَ فِي مَرَاسِيلِهِ بِلَفْظِ ذَبِيحَةُ الْمُسْلِمِ حَلَالٌ

داود کے مراسیل میں اُسکے اس لفظ سے کہ ذبح کیا مسلمان کے ہاتھ کا حلال ہی

ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ أَمْ لَمْ يُذْكَرْ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ

ذکر کیا گیا ہو نام اللہ کا اُسپر یا نہ ذکر کیا گیا ہو اور راوی اُسکے معتبر ہیں

بَابُ الْاَضَاحِيِّ ٭ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ

٭باب قربانیوں کا ٭ روایت ہی انس ابن مالک رضی

اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُضَحِّي

اللہ عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم قربانی کرتے تھے

بِكَبْشَيْنِ اَمْلَحَيْنِ اَقْرَنَيْنِ وَيُسَمِّي وَيُكَبِّرُ وَيَضَعُ

دو مینڈھے سیاہ رنگ سفیدی ملی سینگھ دار اور بسم اللہ کہتے اور تکبیر کہتے اور رکھتے

رِجْلَهُ عَلٰى صِفَاحِهِمَا وَفِي لَفْظٍ ذَبَحَهُمَا بِيَدِهِ وَفِي

پاؤں اپنا گردن پر اُن دونوں کی اور ایک لفظ میں ہی ذبح کیا دونوں کو ہاتھ سے اپنے

لَفْظٍ سَمِينَيْنِ وَلِاَبِي عَوَانَةَ فِي صَحِيحِهِ ثَمِينَيْنِ

اور ایک لفظ میں فربہ اور ابی عوانہ کی روایت آ کی صحیح میں قیمتی

بِالْمُثَلَّثَةِ بَدَلَ السِّيْنِ وَفِي لَفْظٍ لِمُسْلِمٍ وَيَقُولُ بِسْمِ اللّٰهِ

ثاء مثلثہ سے بدلے سین کے اور ایک لفظ میں مسلم کے اور فرماتے

وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَهُ مِنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ

بسم اللہ واللہ اکبر اور اُسیکی روایت حدیث سے عایشہ رضی اللہ

عَنْهَا اَمَرَ بِكَبْشٍ اَقْرَنَ يَطَأُ فِي سَوَادٍ وَيَبْرُكُ فِي

عنہا کی حکم فرمایا دو دُنبے لانے کا سینگھ دار چلنے کے پاؤں سیاہ اور بیٹھنے کی جگہ سیاہ

سَوَادٍ وَيَنْظُرُ فِي سَوَادٍ لِيُضَحِّيَ بِهِ فَقَالَ اشْحَذِي

یعنے سینہ اور آنکھوں کے حلقے میں سیاہی کہ قربانی کریں اُسے سو فرمایا تیز کر

الْمُدْيَةَ ثُمَّ أَخَذَهَا فَأَضْجَعَهُ ثُمَّ ذَبَحَهُ وَقَالَ

چھری کو پھر لیا اُسکو پھر لیتا یا اُسکو پھر ذبح کیا اُسکو اور فرمایا

بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

بسم اللہ ای اللہ قبول فرما محمد کی طرف سے اور محمد کی آل کی طرف سے

وَمِنْ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ * وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

اور امت محمد کی طرف سے * اور روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهُ سَعَةٌ

کہہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے جسکو وسعت ہو

وَلَمْ يُضَحِّ فَلَا يَقْرَبَنَّ مُصَلَّانَا رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ

اور قربانی نکرے تو چھٹکنے نہ پاوے وہ ہمارے مصلا کے پاس روایہ کیا

مَاجَةَ وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ لَكِنْ رَجَّحَ الْأَئِمَّةُ وَغَيْرُهُ

اُسکو احمد نے اور ابن ماجہ نے اور صحیح کہا اُسکو حاکم نے لیکن ترجیح دیا اماموں نے اور غیر نے اُسکا

~~رفعه~~ وَعَنْ جُنْدَبِ بْنِ سُفْيَانَ رَضِيَ اللهُ

موقوف ہونے کو اُسکے * اور روایت ہی جندب ابن سفیان رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ شَهِدْتُ الْأَضْحَى مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

عنہ سے کہا حاضر تھا میں عید اضحی کو نبی صلی اللہ علیہ کے ساتھ

وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ بِالنَّاسِ نَظَرَ إِلَى

سو جب ادا کر چکے حضرت نماز اپنی لوگوں کے ساتھ دیکھا

غنمہ قد ذبحت فقال من ذبح قبل الصلوة

بکری کیطرف کہ ذبح ہو چکی سو فرمایا جسنے ذبح کر لی پہلے نماز کے

فلیذبح شاة مکانها ومن لم یکن ذبح فلیذبح

دیوے ذبح کرے وہ دوسری بکری اسکی جگہ اور جسنے نہ ذبح کی ہو تو ذبح کرے

علی اسم الله متفق علیه * وعن البراء بن عازب رضی

نام پر اللہ کے متفق علیہ ہے * اور روایت ہے براء ابن عازب رضی

الله عنه قال قام فینا رسول الله صلی الله علیه وسلم

اللہ عنہ سے کہا کھڑے ہوئے ہم پاس پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم

فقال اربع لا تجوز فی الضحایا العوراء البین عورها

اور فرمایا چار جائز نہیں قربانی میں کانا کہ ظاہر ہو کانا پن اسکا

والمریضة البین مرضها والعرجاء البین ظلعها

اور مریض کہ ظاہر ہو مرض اسکا اور لنگڑا کہ ظاہر ہو لنگڑا پن اسکا

والکسیر التی لا تنقی رواه احمد والاربعة وصححه

اور دبلا کہ نہ رکھتا ہو مغز ہڈی میں روایت کیا اسکو احمد اور چاروں نے اور صحیح کہا

الترمذی وابن حبان * وعن جابر رضی الله

اسکو ترمذی اور ابن حبان نے * اور روایت ہے جابر رضی اللہ

عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تذبحوا

عنہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا نے رحمت اللہ کی اوپر اور سلام نہ ذبح کرو

الا مُسِنَّةً الا ان يعسر عليكم فتذبحوا جذعة من

مگر جوان مگر یہ کہ تکلیف ہو تم پر تو ذبح کرو چھ مہینے کی

الضان رواه مسلم ٭ وعن علي رضي الله عنه

بھیڑ ہی روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہی علی رضی اللہ عنہ سے

امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ان نستشرف

حکم فرمایا ہمکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دیکھیں ہم آنکھ

العين والاذن ولا نضحي بعوراء ولا مقابلة ولا

اور کان کو اور نہ قربانی کریں کانی اور نہ اوپر کا کان کٹا اور نہ

مدابرة ولا خرقاء ولا شرقاء اخرجه احمد والاربعة

پیچ کا اور نہ کان میں سوراخ ہو اور نہ پھٹا ہو نکالا اسکو احمد اور چاروں نے

وصححه الترمذي وابن حبان والحاكم ٭ وعن

اور صحیح کہا اسکو ترمذی اور ابن حبان اور حاکم نے ٭ اور

علي رضي الله عنه قال امرني رسول الله صلى الله عليه

علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہا حکم کیا مجھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم

وسلم ان اقوم على بدنه وان اقسم لحومها وجلودها

نے کہ کھڑا ہوں انکی قربانی کے اونٹوں پر اور بانٹوں گوشت انکا اور کھالیں انکی

وجلالها على المساكين ولا اعطي في جزارتها

اور جھولیں انکی مسکینوں پر اور نہ دوں قصابی میں اسکی اسمیں

ف ٭ مسنہ اونٹ پانچ برس کا اور گائے دو برس کا بکری ایک برس کی

مِنْهَا شَيْئًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ
سے کچھ متفق علیہ ہی * اور روایت ہی جابر بن عبد اللہ رضی
اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ نَحَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اللہ عنہ سے کہا نحر کیا ہمنے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے ساتھ صلح
عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ الْبَدَنَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ
حدیبیہ کے سال اونٹ سات آدمی کیطرف سے اور گاے سات کیطرف سے
رَوَاهُ مُسْلِمٌ **بَابُ الْعَقِيقَةِ** عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ
روایت کیا اسکو مسلم نے * باب عقیقہ کا * روایت ہی ابن عباس
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَّ عَنِ
رضی اللہ عنہما سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے عقیقہ کیا حسن
الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ كَبْشًا كَبْشًا رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ
اور حسین کا ایک ایک دنبہ سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور
صَحَّحَهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَابْنُ الْجَارُوْدِ وَعَبْدُ الْحَقِّ
صحیح کہا اسکو ابن خزیمہ اور ابن جارود اور عبد الحق نے
لٰكِنْ رَجَّحَ اَبُوْحَاتِمٍ اِرْسَالَهُ وَاَخْرَجَ ابْنُ حِبَّانَ
لیکن ترجیح دیا ابو حاتم نے ارسال کو اسکے اور نکالا ابن حبان نے
مِنْ حَدِيْثِ اَنَسٍ نَحْوَهُ • وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ
حدیث سے انس کی اسیطرح * اور روایت ہی عایشہ رضی

اللہ عنہا ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امرہم ان یعق
اللہ عنہا سے ہے مقرر رسول اللہ صلعم نے رحمت اللہ کی اوپر اور سلام حکم کیا اُنکو کہ عقیقہ کیا جائے
عن الغلام شاتان مکافئتان وعن الجاریۃ شاۃ
لڑکے کی طرف سے دو بکریاں برابر اور لڑکی کیطرف سے ایک بکری
رواہ الترمذی وصححہ واخرجہ احمد والاربعۃ
روایت کیا اُسکو ترمذی نے اور صحیح کہا اُسکو اور نکالا اُسکو احمد اور چاروں نے
عن ام کرز الکعبیۃ نحوہ ۔ وعن سمرۃ رضی اللہ
ام کرز کعبیہ سے اسیطرح ہی * اور روایت ہی سمرہ رضی اللہ
عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال کل غلام
عنہ سے مقرر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب لڑکے گرو ہیں
مرتہن بعقیقتہ تذبح عنہ یوم سابعہ ویحلق
عقیقے میں اپنے ذبح کیا جاتا ہی اُسکے لئے ساتوین دن اُسکے اور سر مُنڈ ایا جاتا ہی
ویسمی ۔ رواہ احمد والاربعۃ وصححہ الترمذی
اور نام رکھا جاتا ہی روایہ کیا اُسکو احمد اور چاروں نے اور صحیح کہا اُسکو ترمذی نے

کتاب الایمان والنذور * عن ابن عمر
کتاب قسموں کی اور نذروں کی * روایت ہی ابن عمر
رضی اللہ عنہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ ادرک
رضی اللہ عنہ سے نقل کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے پایا

عمر بن الخطاب في ركب وعمر يحلف بأبيه

عمر ابن الخطاب کو ایک قافلے میں اور عمر قسم کھاتے تھے اپنے باپ کی

فناداهم رسول الله صلى الله عليه وسلم الا ان الله ينهاكم

سو پکارا انکو سبھونکو نبی صلی الله علیه وسلم نے خبردار الله منع فرماتا ہی

ان تحلفوا بآبائكم فمن كان حالفا فليحلف بالله

تمہیں قسم کروا اپنے باپوں کی سو جسکو قسم کھانا ہو سو کھاوے الله کی

او ليصمت متفق عليه وفي رواية لابي داود

یا چپ رہے متفق علیه ہی اور ایک روایت میں ابو داؤد

والنسائي عن ابي هريرة رضي الله عنه لا تحلفوا

اور نسائی کی ہی ابی ہریرہ رضی الله عنه سے نہ قسم کرو

بآبائكم ولا بامهاتكم ولا بالانداد ولا تحلفوا

اپنے باپوں کی اور ماؤں کی اور نہ شریکوں کی اور نہ قسم کرو

بالله الا وانتم صادقون. وعن ابي هريرة رضي

الله کی مگر جب تم سچے ہو * اور روایت ہی ابی ہریرہ رضی

الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يمينك

الله عنه سے کہا فرمایا رسول خدا صلی الله علیه وسلم نے قسم تیری ہوتی ہی

على ما يصدقك به صاحبك وفي رواية اليمين

اس چیز پر کہ تصدیق کرتا ہی قسم دینے والا تیرا * ش * اور ایک روایت میں

عَلَىٰ نِيَّةِ الْمُسْتَحْلِفِ أَخْرَجَهُمَا مُسْلِمٌ • وَعَنْ عَبْدِ

قسم نیت پر قسم کھانے والے کی نکالا دونوں کو مسلم نے • اور روایت ہی

الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

عبد الرحمن ابن سمرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا پیغمبر

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِذَا حَلَفْتَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَرَاَيْتَ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور جب کھائی تو نے قسم پھر معلوم کیا تو نے

غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ وَاْتِ الَّذِيْ

آگے تو نے میں خیر تو کفارہ دے قسم پر اپنی اور کر اسی کو جو

هُوَ خَيْرٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ لَفْظِ الْبُخَارِيِّ فَاْتِ الَّذِيْ

بہتر ہو متفق علیہ ہی اور لفظ میں بخاری کے ہی پھر کر اسکو جو بہتر ہو

هُوَ خَيْرٌ وَكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِاَبِيْ دَاوُدَ

اور کفارہ دے اپنی قسم کا اور ایک روایت میں ابی داؤد کی

فَكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ ثُمَّ اْتِ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ وَاِسْنَادُهَا

پھر کفارہ دے اپنی قسم کا اس بعد کر جو بہتر ہو اور اسناد اس

صَحِيْحٌ • وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

روایت کی صحیح ہی • اور روایت ہی ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مقرر پیغمبر خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَقَالَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے قسم کی کسی کام پر پھر کہا

إِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَلَا حِنْثَ عَلَيْهِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْأَرْبَعَةُ

اگر چاہا اللہ نے تو اُسپر قسم توڑنا ثابت نہیں روایت کیا اُسکو احمد نے اور چاروں نے

وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ * وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ

اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان نے * اور روایت ہی ابن عمر رضی اللہ

عَنْهُمَا قَالَ كَانَتْ يَمِينُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَ

عنہما سے کہا تھی قسم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نہ قسم ہی

مُقَلِّبِ الْقُلُوبِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ * وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

دل پھیرنے والے کی روایت کیا اُسکو بخاری نے * اور روایت ہی عبد اللہ

بْنِ عُمَرَ أَيْضًا قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہہ بھی کہا آیا ایک اعرابی نزدیک نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْكَبَائِرُ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

وسلم کے اور کہا اُسنے یا رسول اللہ کیا ہیں بڑے گناہ پھر ذکر کیا حدیث سارى

وَفِيهِ الْيَمِينُ الْغَمُوسُ قُلْتُ وَمَا الْيَمِينُ الْغَمُوسُ

اور اُسمیں تھی قسم کھانی جھوٹھی کہا میں نے اور کیا ہی قسم کھانی جھوٹھی

قَالَ الَّذِي يَقْتَطِعُ مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ هُوَ فِيهَا كَاذِبٌ

فرمایا جو کاٹ لیتا ہی مال مرد مسلمان کا جھوٹھہ بول کر

أَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ * وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

نکالا اُسکو بخاری نے * اور روایت ہی عایشہ رضی اللہ عنہا

فِي قَوْلِهِ تَعَالَى لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ

قول میں اللہ بر تر کے نہیں پکڑتا تمکو اللہ بیہودہ قسموں میں

قَالَتْ هُوَ قَوْلُ الرَّجُلِ لَا وَاللّٰهِ وَبَلَى وَاللّٰهِ أَخْرَجَهُ

بولی بیہودہ قسم وہ کہنا آدمی کا نہ قسم ہی اللہ کی اور کوئی نہیں قسم ہی اللہ کی نکالا

الْبُخَارِيُّ وَأَوْرَدَهُ أَبُو دَاوُدَ مَرْفُوعًا وَعَنْ أَبِي

اُسکو بخاری نے اور لایا اُسکو ابو داؤد مرفوعاً اور روایت ہی ابی

هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ اسْمًا مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ

وسلم نے کہ اللہ کے ننانوے نام اچھے ہیں کہ جسنے یاد کیا اُسکو داخل ہوا

الْجَنَّةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَسَاقَ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ

جنت میں متفق علیہ ہے پہنچایا ہی ترمذی اور ابن حبان نے

الْأَسْمَاءَ وَالتَّحْقِيقُ أَنَّ سَرْدَهَا إِدْرَاجٌ مِنْ بَعْضِ

ناموں کو اور تحقیق یہہ ہی کہ لانا اُسکا ادراج ہی بعض

الرُّوَاةِ * وَعَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

راوی سے * اور روایت ہی اسامہ ابن زید سے راضی ہوا اللہ اُن دونوں سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صُنِعَ إِلَيْهِ

کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کیا گیا اُسکی طرف

معروف فقال لفاعله جزاك الله خيرا فقد ابلغ

امر بالمعروف پھر کہا اسنے کرنیوالے کو اسکے مزدوری دے تجھے اللہ نیک سو پہنچا دیا اسنے

في الثناء اخرجه الترمذي وصححه ابن حبان

تعریف میں نکالا اسکو ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو ابن حبان نے

وعن ابن عمر رضي الله عنهما عن النبي صلى

اور روایت ہی ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کی اسنے نبی صلی اللہ علیہ

وسلم انه نهى عن النذر وقال انه لا ياتي

وسلم سے کہ حضرت نے منع فرمایا نذر سے اور فرمایا اسمیں نہیں ہوتی ہی

بخير وانما يستخرج به من البخيل متفق عليه

خیر اور بس نکالتا ہی وہ اسکے سبب بخیلی سے متفق علیہ ہی

وعن عقبة بن عامر رضي الله عنه قال قال رسول

اور روایت ہی عقبہ ابن عامر رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم كفارة النذر كفارة يمين رواه مسلم

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کفارہ نذر کا کفارہ قسم کا روایت کیا اسکو مسلم نے

وزاد الترمذي فيه اذا لم يسم وصححه ولابي

اور زیادہ کیا اسمیں ترمذی نے جب نام نہ رکھے اور صحیح کہا اسکو اور واسطے

داؤد من حديث ابن عباس مرفوعا من نذر

ابی داؤد کے حدیث سے ابن عباس کی مرفوعا جسنے مانی نذر

نَذْرًا لَمْ يُسَمِّهِ فَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِينٍ وَمَنْ نَذَرَ

کہ نام نہ لیا ہو اُسکا سو کفارہ اُسکا کفارہ قسم کا ہی اور جسنے مانی نذر

نَذْرًا لَا يُطِيقُهُ فَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِينٍ وَإِسْنَادُهُ صَحِيحٌ

ایسی کہ نہیں طاقت رکھتا سو کفارہ اُسکا کفارہ قسم کا ہی اور اسناد اُسکی صحیح ہی

إِلَّا أَنَّ الْحُفَّاظَ رَجَّحُوا وَقْفَهُ وَلِلْبُخَارِيِّ مِنْ حَدِيثِ

مگر حافظوں نے ترجیح دی ہی موقوف ہونے کو اُسکے اور واسطے بخاری کے حدیث سے

عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَمَنْ نَذَرَ أَنْ يَعْصِيَ اللّٰهَ

عایشہ رضی اللہ عنہا کی اور جو نذر مانے نافرمانی کرنے کو اللہ کی

فَلَا يَعْصِيهِ وَلِمُسْلِمٍ مِنْ حَدِيثِ عِمْرَانَ لَا وَفَاءَ

تو نافرمانی نکرے اُسکی اور مسلم کی عبارت ہی حدیث سے عمران کی پوری نکرنی چاہئے

لِنَذْرٍ فِيهِ مَعْصِيَةٌ ❊ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ نَذَرَتْ

وہ نذر جسمیں گناہ ہو ❊ اور روایت ہی عقبہ ابن عامر سے کہا نذر کی

أُخْتِي أَنْ تَمْشِيَ إِلَى بَيْتِ اللّٰهِ حَافِيَةً فَقَالَ النَّبِيُّ

میری بہن نے کہ جاوے بیت اللہ کو پیادہ سو فرمایا نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِتَمْشِ وَلْتَرْكَبْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ چاہکر جاوے اور سوار ہووے متفق علیہ ہی اور لفظ

لِمُسْلِمٍ وَلِأَحْمَدَ وَالْأَرْبَعَةِ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَصْنَعُ

مسلم کا ہی اور احمد اور چارون کا ہی سو فرمایا حضرت نے اللہ نہ کریگا

بِشِقِّهِ أُخْتُكَ شَيْئاً مُرْهَا فَلْتَخْتَمِرْ وَلْتَرْكَبْ
مشقت اٹھانے سے تیری بہن کے کچھ حکم کر اُسکو کہ چادر اوڑھے اور سوار ہو
وَلْتَصُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ * وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ
اور روزہ رکھے تین دن * اور روایت ہی ابن عباس رضی اللہ
عَنْهُمَا قَالَ اسْتَفْتَى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ رَسُولَ اللهِ
عنہما سے کہا فتوی پوچھا سعد ابن عبادہ نے رسول اللہ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَذْرٍ كَانَ عَلَى أُمِّهِ تُوُفِّيَتْ قَبْلَ
صلی اللہ علیہ وسلم سے نذر کے مقدمے میں جو اُنکی ماپر تھی کہ وہ مر گئی پہلے
أَنْ تَقْضِيَهُ فَقَالَ اقْضِهِ عَنْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ
اُسکے کہ ادا کریں اُسے سو فرمایا حضرت نے ادا کر اُسے متفق علیہ ہی * اور
ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ نَذَرَ
روایت ہی ثابت ابن ضحاک رضی اللہ عنہ سے کہا نذر کی
رَجُلٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَنْحَرَ إِبِلاً
ایک مرد نے عہد میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ قربانی کرے اونٹ
بِبُوَانَةَ فَأَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ فَقَالَ
بوانہ میں پھر آیا وہ نبی صلی اللہ وسلم پاس اور پوچھا اُنسے فرمایا
هَلْ كَانَ فِيهَا وَثَنٌ يُعْبَدُ قَالَ لَا قَالَ فَهَلْ كَانَ فِيهَا
کیا تھی اُسمیں بت کہ پوجا جاتا ہی بولا نہیں، فرمایا کیا ہوتا ہے اُسمیں

عِيدٌ مِنْ أَعْيَادِهِمْ فَقَالَ لَا فَقَالَ أَوْفِ بِنَذْرِكَ فَإِنَّهُ

میلا میاو نمن سے کافر و نکے بولا نہیں پھر فرمایا پوری کر نذر اپنی سو بیشک

لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِي مَعْصِيَةِ اللهِ وَلَا فِي قَطِيعَةِ رَحِمٍ وَلَا

پوری کرنی چاہیے نذر گناہ میں اللہ کے اور نہ کاٹنے میں صلہ رحم کے اور نہ اسکام میں

فِيمَا لَا يَمْلِكُ ابْنُ آدَمَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالطَّبَرَانِيُّ وَهُوَ صَحِيحُ

کہ نہیں اختیار رکھتا ہی آدمی روایت کیا اسکو ابوداؤد اور طبرانی نے اور وہ صحیح

الْإِسْنَادِ وَلَهُ شَاهِدٌ مِنْ حَدِيثِ كَرْدَمٍ عِنْدَ أَحْمَدَ

الاسناد ہی اور اسکا شاہد ہی حدیث سے کردم کی نزدیک احمد کے

وَعَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَوْمَ الْفَتْحِ

اور روایت ہی جابر رضی اللہ عنہ سے کہ ایک مرد نے کہا فتح کے دن

يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي نَذَرْتُ إِنْ فَتَحَ اللهُ عَلَيْكَ مَكَّةَ أَنْ

یا رسول اللہ میں نے نذر کی تھی کہ اگر فتح کرے اللہ پر تیرے مکہ کو

أُصَلِّيَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَقَالَ صَلِّ هٰهُنَا فَسَأَلَهُ فَقَالَ

نماز پڑھونگا بیت المقدس میں سو فرمایا پڑھ یہاں پھر پوچھا اُن سے تو فرمایا

شَأْنَكَ إِذًا رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ

اب تو اختیار رکھتا ہی روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور صحیح کہا اسکو حاکم نے

وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ

اور روایت ہی ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے نقل کی آپنے نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلَى ثَلَاثَةِ

صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہ باندھو کجاوے مگر تین

مَسَاجِدَ مَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَسْجِدِ الْاَقْصٰى وَ

مسجدون کیطرف مسجد الحرام (یعنے کعبہ) اور بیت المقدس

مَسْجِدِي مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِلْبُخَارِيِّ * وَعَنْ

اور مسجد میری متفق علیہ ہی اور لفظ بخاری کا ہی * اور روایت ہی

عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي

عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہا مین نے یا رسول اللہ مین نے

نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ اَعْتَكِفَ لَيْلَةً فِي الْمَسْجِدِ

نذر کی تھی جاہلیت مین کہ اعتکاف کرونگا مین ایک رات مسجد

الْحَرَامِ قَالَ فَاَوْفِ بِنَذْرِكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ الْبُخَارِيُّ

حرام مین فرمایا اب پوری کر نذر اپنی متفق علیہ ہی اور زیادہ کیا بخاری نے

فِي رِوَايَةٍ فَاعْتَكَفَ لَيْلَةً * كِتَابُ الْقَضَاءِ . عَنْ

روایت مین پھر اعتکاف کرا ایکرات * کتاب قضا کی * روایت ہی

بُرَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

بریدہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ اَلْقُضَاةُ ثَلَاثَةٌ اِثْنَانِ فِي النَّارِ وَوَاحِدٌ فِي الْجَنَّةِ

وسلم نے قاضی تین طرح کے ہوتے ہین دو آگ مین جاینگے اور ایک جنت مین

رَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَقَضَى بِهِ فَهُوَ فِي الْجَنَّةِ رَجُلٌ
ایک آدمی وہ جسنے پہچانا حق اور فیصلہ کیا موافق اُسکے تو وہ جنت مین ایک آدمی
عَرَفَ الْحَقَّ فَلَمْ يَقْضِ بِهِ وَجَارَ فِي الْحُكْمِ فَهُوَ فِي
کہ اُسنے پہچانا حق اور فیصلہ نکیا موافق اُسکے اور ظلم کیا حکم مین تو وہ
النَّارِ وَرَجُلٌ لَمْ يَعْرِفِ الْحَقَّ فَقَضَى لِلنَّاسِ عَلَى
آگ مین ہی اور ایک آدمی ہی کہ اُسنے نہ پہچانا حق اور فیصلہ کیا واسطے لوگونکے
جَهْلٍ فَهُوَ فِي النَّارِ رَوَاهُ الْاَرْبَعَةُ وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ
نادانی سے تو وہ آگ مین ہی روایۃ کیا اسکو چارون نے اور صحیح کہا اُسکو حاکم نے
وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ
اور روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَلِيَ الْقَضَا فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو دی گئی قضا سو ذبح ہوا بغیر
سِكِّينٍ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْاَرْبَعَةُ وَصَحَّحَهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ
چھری کے روایت کیا اُسکو احمد اور چارون نے اور صحیح کہا اُسکو ابن خزیمہ
وَابْنُ حِبَّانَ ❁ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اور ابن حبان نے ❁ اور روایت ہی اُنسے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
اِنَّكُمْ سَتَحْرِصُونَ عَلَى الْاِمَارَةِ وَسَتَكُونُ نَدَامَةً
اور تم اب حرص کروگے سرداری کی اور ہو گی وہ شرمندگی

يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَنِعْمَ الْمُرْضِعَةُ وَبِئْسَتِ الْفَاطِمَةُ

قیامت کے دن سو اِمارت بھلی دودھ دینے والی ہی اور بری ہی دودھ چھڑانے والی

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ * وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ

روایت کیا اُسکو بخاری نے * اور روایت ہی عمرو ابن العاص رضی

اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ

اللہ عنہ سے کہ مقرر اُسنے سُنا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم کو فرماتے تھے

اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَصَابَ فَلَهُ اَجْرَانِ

جب حکم دیا حاکم نے اور عقل دوڑآئی پھر ٹھیک پڑی تو اُسکو دُہری مزدوری ہی

وَاِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَخْطَأَ فَلَهُ اَجْرٌ مُتَّفَقٌ

اور جب حکم کیا اور عقل دوڑآئی پھر خطا کی عقل نے تو اُسکو اکہری متفق

عَلَيْهِ * وَعَنْ اَبِي بَكْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ

علیہ ہی * اور روایت ہی ابی بکرہ رضی اللہ عنہ سے کہا سُنا میںنے

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَحْكُمُ اَحَدٌ بَيْنَ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے حکم نہ کرے کوئی شخص دو کے

اثْنَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ

درمیان غصّے کی حالت میں متفق علیہ ہی * اور روایت ہی علی رضی

اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ اِذَا تَقَاضَى اِلَيْكَ

اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا نے جب جھگڑا لاویں تیرے پاس

رَجُلَانِ فَلَا تَقْضِ لِلْأَوَّلِ حَتَّى تَسْمَعَ كَلَامَ الْآخَرِ

دو مرد تو حکم نکر پہلے کو جب تک نسن لے کلام دوسرے کا

فَسَوْفَ تَدْرِیْ كَيْفَ تَقْضِیْ قَالَ عَلِيٌّ فَمَا زِلْتُ

سو اب معلوم کریگا کسطرح حکم کریگا تو کہا علی نے سو ہمیشہ کرتا تھا مین

قَاضِيًا بَعْدُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُودَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ

حکم اسیطرح بعد اسکے روایۃ کیا اسکو احمد اور ابوداود اور ترمذی نے اور حسن کہا اسکو

وَقَوَّاهُ ابْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ وَلَهُ شَاهِدٌ

اور قوت دیا اسکو ابن مدینی نے اور صحیح کہا اسکو ابن حبان نے اور اسکا شاہد ہی

عِنْدَ الْحَاكِمِ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ • وَعَنْ أُمِّ

نزدیک حاکم کے حدیث سے ابن عباس کی * اور روایت ہی ام

سَلَمَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

سلمہ رضی اللہ عنہا سے بولی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ إِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ إِلَيَّ وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ أَنْ يَكُوْنَ

وسلم نے کہ تم جھگڑا لاتے ہو میرے پاس اور شاید بعض تمہارا ہو بخوبی بیان

أَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ فَأَقْضِيَ لَهُ عَلَى نَحْوِ

کرنے والا اپنی دلیل کا بعض سے اور حکم کرون اسکو اسطرح پر

مِمَّا أَسْمَعُ مِنْهُ فَمَنْ قَطَعْتُ لَهُ مِنْ حَقِّ أَخِيْهِ شَيْئًا

جو سنتا ہون اس سے سو جس شخص کو کاٹ دیا مین نے حق مین سے اسکے بھائی کے کچھ

فَاِنَّمَا اُقْطَعُ لَهٗ قِطْعَةً مِّنَ النَّارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ
تو بس کاٹ دیا اُسکو ٹکڑا آگ کا متفق علیہ ہی * اور روایت ہی
جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
جابر رضی اللہ عنہ سے کہا سُنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كَيْفَ تُقَدَّسُ اُمَّةٌ لَا يُؤْخَذُ مِنْ
وسلم سے کہ فرماتے تھے کسطرح پاک ہوگی اُمت کہ نہ لیا جاوے (یعنے بدلا)
شَدِيْدِهِمْ لِضَعِيْفِهِمْ رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَلَهٗ شَاهِدٌ مِنْ
انکے قوی سے واسطے ضعیف کے * اس روایت کیا اُسکو ابن حبان نے اور اُسکا شاہد ہی
حَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عِنْدَ ابْنِ مَاجَةَ * وَعَنْ عَائِشَةَ
حدیث سے ابی سعید کی نزدیک ابن ماجہ کے * اور روایت ہی عائشہ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
رضی اللہ عنہا سے بولی سُنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يُدْعٰى بِالْقَاضِي الْعَادِلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
وسلم سے کہ فرماتے تھے بُلایا جاوگا قاضی عادل قیامت کے دن
فَيَلْقٰى مِنْ شِدَّةِ الْحِسَابِ مَا يَتَمَنّٰى اَنَّهٗ لَمْ يَقْضِ
پھر ڈالا جاویگا اُسپر شدت کہ حساب کی آرزو کریگا وہ کہ میں نہ فیصلہ کرتا
بَيْنَ اثْنَيْنِ فِيْ عُمْرِهٖ رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَاَخْرَجَهٗ
دو شخص کے درمیان اپنی عمر میں روایت کیا اُسکو ابن حبان نے اور نکالا اُسکو

کس واسطے کہ انسان ہوں ... [illegible]

الْبَيْهَقِيّ وَلَفْظُهُ فِي تَمْرَةٍ * وَعَنْ أَبِي بَكْرَةَ رَضِيَ اللهُ

بیہقی نے لفظ اُسکا یہہ کہ ایک کھجور میں * اور روایت ہی ابی بکرہ رضی اللہ

عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنْ يُفْلِحَ قَوْمٌ وَلَّوْا

عنہ سے نقل کی اُسنے رسول خدا صلعم سے فرمایا مراد کو نہ پہنچی وہ قوم جسنے حاکم کیا

أَمْرَهُمْ امْرَأَةً رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ * وَعَنْ أَبِي مَرْيَمَ الْأَزْدِيِّ

اپنے کام کا عورت کو روایت کیا اُسکو بخاری نے * اور روایت ہی ابی مریم ازدی

رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ

رضی اللہ عنہ سے نقل کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو شخص

وَلَّاهُ اللهُ شَيْئًا مِنْ أَمْرِ الْمُسْلِمِينَ فَاحْتَجَبَ مِنْ

حاکم کیا اُسکو اللہ نے کچھ بھی کام کا مسلمانوں کے پھر چھپایا اُسنے

حَاجَتِهِمْ وَفَقْرِهِمْ احْتَجَبَ اللهُ دُونَ حَاجَتِهِ

محتاجی سے اُنکی اور بے مایگی سے اُنکی کنارہ کریگا اللہ اُسکی حاجت کے وقت

أَخْرَجَهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ * وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

نکالا اُسکو ابو داؤد و ترمذی نے * اور روایت ہی ابی ہریرہ

رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ لَعَنَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رضی اللہ عنہ سے کہا لعنت کی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

الرَّاشِيَ وَالْمُرْتَشِيَ فِي الْحُكْمِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْأَرْبَعَةُ

رشوت لینے والے اور دینے والے پر فیصلہ چکانے میں روایہ کیا اسکو احمد اور چاروں نے

وَحَسَّنَهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ وَلَهُ شَاهِدٌ
اور حسن کہا اسکو ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو ابن حبان نے اور اسکا شاہد ہی
مِنْ حَدِيثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عِنْدَ الْأَرْبَعَةِ إِلَّا
حدیث سے عبد اللہ ابن عمر کی اور نزدیک چاروں کے مگر
النَّسَائِيَّ * وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا
نسائی نے، اور روایت ہی عبد اللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہما سے
قَالَ قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ الْخَصْمَيْنِ
کہا حکم کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جھگڑا کرنے والے
يَقْعُدَانِ بَيْنَ يَدَيِ الْحَاكِمِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَصَحَّحَهُ
دونوں بیٹھیں آگے حاکم کے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور صحیح کہا اسکو
الْحَاكِمُ * بَابُ الشَّهَادَاتِ * عَنْ زَيْدِ بْنِ
حاکم نے * باب گواہیوں کا * روایت ہی زید ابن
خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
خالد جہنی رضی اللہ عنہ سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ الشُّهَدَاءِ الَّذِي
وسلم نے فرمایا کیا خبر دوں تمکو اچھے گواہوں کی جو
يَأْتِي بِشَهَادَتِهِ قَبْلَ أَنْ يُسْأَلَهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وَعَنْ
آتے ہیں اپنی گواہی ادا کرنے کو پہلے پوچھنے کے روایت کیا اسکو مسلم نے * اور

عِمْرَانِ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
روایت ہی عمران ابن حصین رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ خَيْرَكُمْ قَرْنِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر تم مین ہمارے زمانیکے لوگ ہین پھر وے جو اُسسے
يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ يَكُوْنُ قَوْمٌ يَشْهَدُوْنَ
نزدیک ہین پھر وے جو اُنسے نزدیک ہین پھر ہوگی ایک قوم کہ گواہی دینگے
وَلَا يُسْتَشْهَدُوْنَ وَيَخُوْنُوْنَ وَلَا يُؤْتَمَنُوْنَ وَيَنْذِرُوْنَ
اور نہ پوچھی جاوےگی اُنکی گواہی اور خیانت کرینگے اور امین نہونگے اور نذر کرینگے
وَلَا يُوْفُوْنَ وَيَظْهَرُ فِيْهِمُ السِّمَنُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ
اور نہ پوری کرینگے اور ظاہر ہوگی اُنمین فربہی متفق علیہ ہی * اور
عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
عبد اللہ ابن عمر سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
لَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ خَائِنٍ وَّلَا خَائِنَةٍ وَّلَا ذِيْ غِمْرٍ عَلٰى
نہین جائز ہی گواہی خیانت کرنے والے کی اور نہ خیانت والی کی اور نہ کینہ والے کی
اَخِيْهِ وَلَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ الْقَانِعِ لِاَهْلِ الْبَيْتِ رَوَاهُ
اُسکے بھائی پر اور نہین جائز گواہی قناعت کرنے والے کی گھر والونکے لیئے * ش روایہ کیا
اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ * وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
اُسکو احمد اور ابو داؤد نے * اور روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے

ش * یعنی جو تابع ہی گھر مین سے اُنکا

اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عليه وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجُوْزُ

اُسنے سُنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں جائز ہی

شَهَادَةُ بَدَوِيٍّ عَلٰى صَاحِبِ قَرْيَةٍ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

گواہی جنگیو نکی گاؤں والوں پر روایت کیا اُسکو ابوداؤد

وَابْنُ مَاجَةَ • وعن عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ

اور ابن ماجہ نے * اور روایت ہی عمر ابن خطاب رضی اللہ

عَنْهُ خَطَبَ فَقَالَ اِنَّ اُنَاسًا كَانُوْا يُؤْخَذُوْنَ

عنہ سے کہ خطبہ سُنایا اور کہا کہ لوگ حاصل کرتے تھے (مطلب)

بِالْوَحْيِ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عليه وَسَلَّمَ وَاِنَّ

وحی سے عہد میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور مقرر

الْوَحْيَ قَدِ انْقَطَعَ وَاِنَّمَا نَاْخُذُكُمُ الْاٰنَ بِمَا ظَهَرَ

وحی تمام ہوی اور بس اختیار کرتے ہیں ہم تم لوگوں میں سے اب جو ظاہر ہوا

لَنَا مِنْ اَعْمَالِكُمْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ * وعن اَبِيْ

ہم پر عمل تمہارا روایت کیا اُسکو بخاری نے * اور روایت ہی ابی

بَكْرَةَ رَضِيَ اللهُ عنه عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عليه وَسَلَّمَ اَنَّهٗ

بکرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے

عَدَّ شَهَادَةَ الزُّوْرِ فِيْ اَكْبَرِ الْكَبَائِرِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ فِيْ

شمار کیا جھوٹھی گواہی کو بڑے گناہوں میں متفق علیہ ہی ایک

حَدِيثٌ * وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ

حدیث متن * اور روایت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ مقرر

النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ تَرَى الشَّمْسَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص کو تو دیکھتا ہی آفتاب کو

قَالَ نَعَمْ قَالَ عَلَى مِثْلِهَا فَاشْهَدْ أَوْ دَعْ أَخْرَجَهُ ابْنُ

بولا ہاں فرمایا اسکی مثل ہی اب گواہی دے یا چھوڑ دے نکالا اسکو ابن

عَدِيٍّ بِإِسْنَادٍ ضَعِيفٍ وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ فَأَخْطَأَ

عدی نے اسناد ضعیف سے اور صحیح کہا اُسکو حاکم نے پھر خطا کی

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ

اور روایت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ مقرر پیغمبر خدا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِيَمِينٍ وَشَاهِدٍ أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کیا قسم اور گواہ پر نکالا اُسکو مسلم

وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ إِسْنَادُهُ جَيِّدٌ * وَعَنْ

اور ابو داؤد اور نسائی نے اور کہا اسناد اُسکی جید ہی * اور روایت ہی

أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ مِثْلَهُ أَخْرَجَهُ أَبُو دَاوُدَ

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مثل اُسکی نکالا اُسکو ابو داؤد

وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانٍ * بَابُ الدَّعْوَى

اور ترمذی نے اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان نے * باب دعوی

البينات * عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه

اور دلیل کا * روایت ہی ابن عباس سے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال لو يعطى الناس بدعواهم لادعى ناس

وسلم نے فرمایا اگر پاتے آدمی طرف دعوے سے اپنے تو دعوی کرتے لوگ

دماء رجال واموالهم ولكن اليمين على المدعى

خون کا لوگونکے اور مال کا انکے لیکن قسم ہی مدعی علیہ پر

عليه متفق عليه وللبيهقي باسناد صحيح البينة على

متفق علیہ ہی اور واسطے بیہقی کے اسناد صحیح سے دلیل

المدعي واليمين على من انكر * وعن ابي هريرة

مدعی پر ہی اور قسم منکر پر * اور روایت ہی ابی ہریرہ

رضي الله عنه ان النبي صلى الله عليه وسلم عرض على

رضی اللہ عنہ سے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پیش کیا ایک قوم پر

قوم اليمين فاسرعوا فامر ان يسهم بينهم في

قسم سو جلدی کی انھون نے پھر حکم کیا کہ قرعہ ڈالا جاے انکے درمیان

اليمين ايهم يحلف رواه البخاري * وعن ابي

قسم کھانے مین روایت کیا اسے بخاری نے * اور روایت ہی ابی

امامة الحارثي رضي الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه

امامہ حارثی رضی اللہ عنہ سے کہ مقرر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ فَقَدْ

وسلم نے فرمایا جسنے کاٹا حق مرد مسلمان کا قسم کھا کر سو مقرر

اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ النَّارَ وَحَرَّمَ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ

جب کی اللہ نے اُسکے لئے آگ اور حرام کی اُسپر جنت پھر کہا حضرت کو ایک مرد

وَاِنْ كَانَ شَيْئًا يَسِيرًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاِنْ قَضِيْبٌ

اور اگر ہو کوئی چیز تھوڑی یا رسول اللہ فرمایا اور اگرچہ ایک مسواک ہو

مِنْ اَرَاكٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ ٭ وَعَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ

پیلو کی روایت کیا اُسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہی اشعث ابن قیس

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

رضی اللہ عنہ سے کہ مقرر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ يَقْتَطِعُ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ

جو حلف کرکے قسم پر کاٹا چاہتا ہو اُس سبب مال کسی مرد مسلمان کا

هُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور وہ اُس قسمے میں ناحق پر ہو ملیگا اللہ کو جس حال میں وہ اُسپر غصہ ہی متفق

٭ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلَيْنِ

علیہ ہی ٭ اور روایت ہی ابی موسی رضی اللہ عنہ سے کہ دو شخص

اخْتَصَمَا فِيْ دَابَّةٍ لَيْسَ لِوَاحِدٍ مِنْهُمَا بَيِّنَةٌ فَقَضٰى

جھگڑے ایک جانور میں نہ تھا اُنمیں سے کسی پاس گواہ سو حکم کیا

بَيْنَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ رَوَاهُ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن دونوں کے درمیان آدھا آدھا روایت کیا اسکو

اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَهٰذَا لَفْظُهٗ وَقَالَ اِسْنَادُهٗ

احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے اور یہی لفظ ہے اُنکا اور کہا اسناد اُسکی

جَيِّدٌ * وَعَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

جید ہے * اور روایت ہے جابر رضی اللہ عنہ سے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى مِنْبَرِيْ هٰذَا بِيَمِيْنٍ اٰثِمَةٍ

وسلم نے فرمایا جسنے قسم کھائی میرے اِس منبر پر اپنے گناہ کی

تَبَوَّأَ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ

ٹھہرا لیا اُسنے ٹھکانا اپنا آگ میں روایت کیا اُسکو احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے

وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ * وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ

اور صحیح کہا اُسکو ابن حبان نے * اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ

عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا نے رحمت اللہ کی اُنپر اور سلام تین مرد

لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ

ہیں کہ نہ بات کریگا اللہ اُنسے قیامت کے دن اور نہ دیکھیگا اُنکی طرف

وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ رَجُلٌ عَلٰى فَضْلِ

اور نہ پاک کریگا اُنکو اور اُنکو دکھ کی مار ہے ایک وہ مرد کہ بچے پانی پر

مَاءٍ بِالْفَلَاةِ يَمْنَعُهُ مِنِ ابْنِ السَّبِيلِ وَرَجُلٌ بَايَعَ

میدان میں روکتا ہی اُسے مسافر سے اور ایک مرد جسنے بیچی

رَجُلًا بِسِلْعَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ فَحَلَفَ لَهُ بِاللّٰهِ لَأَخَذَهَا

ایکمرد کو متاع اپنی بعد عصر کے پھر قسم کھائی اُسپر اللہ کی کہ خرید اُسی

بِكَذَا وَكَذَا فَصَدَّقَهُ وَهُوَ عَلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ وَرَجُلٌ بَايَعَ

اُسنے اتنے یا اتنے کو پھر سچا کیا اُسکو حالانکہ وہ ایسی نہیں تھی اور ایک وہ مرد

إِمَامًا لَا يُبَايِعُهُ إِلَّا لِلدُّنْيَا فَإِنْ أَعْطَاهُ مِنْهَا وَفٰى

بیعت کی امام کی بیعت نکی اُسنے مگر دنیا کے واسطے سوا گر دی امام نے اُسے دنیا تو وفا

وَإِنْ لَمْ يُعْطِهِ مِنْهَا لَمْ يَفِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ جَابِرٍ

اور اگر نہ دیا اُسکو اسمیں سے تو وفا نکی متفق علیہ ہی * اور جابر

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا فِي نَاقَةٍ فَقَالَ

رضی اللہ عنہ سے کہ دو مرد جھگڑے ایک اونٹنی میں سو کہا

كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا نُتِجَتْ عِنْدِي وَأَقَامَا بَيِّنَةً

ہر ایک نے اُنمیں سے کہ جنی ہی میرے پاس اور قایم کئے گواہ

فَقَضٰى بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ هِيَ فِي

سو فیصلہ کر دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکے لئے کہ وہ جسکے

يَدِهِ * وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ

ہاتھ میں تھی * اور روایت ہی ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مقرر کہ

عليه وسلم لم يرد اليمين على طالب الحق رواهما

صلی اللہ علیہ وسلم نے پھیر ا قسم کو حق مانگنے والے پر روایت کیا ان دونو کو

الدارقطني وفي اسنادهما ضعف * وعن عائشة

دارقطنی نے اور اسناد میں دونو کے ضعف ہی * اور روایت ہی عایشہ

رضي الله عنها قالت دخل علي النبي صلى الله عليه

رضی اللہ عنہا سے کہا داخل ہوئے ہم پر رسول خدا صلی اللہ علیہ

وسلم ذات يوم مسرورا تبرق اسارير وجهه فقال

وسلم ایک دن خوشی میں چمکتی تھین چینین انکے منہہ کی سو فرمایا

الم تري الى مجزز المدلجي نظر انفا الى زيد

کیا نہین دیکھا تو نے مجزز مدلجی کو دیکھا اسنے ابھی زید

ابن حارثة واسامة ابن زيد فقال هذه اقدام

ابن حارثہ اور اسامہ ابن زید کیطرف تو کہا یہہ پانون والے

بعضها من بعض متفق عليه * كتاب العتق * وعن ابي

بعضے انکے بعضے کی اولاد ہی متفق علیہ ہی * کتاب غلام کے آزاد کرنے کی * روایت ہی

هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ

وسلم ايما امرء مسلم اعتق امرا مسلما استنقذ الله

وسلم نے جو مرد مسلمان آزاد کرتا ہی مرد مسلمان کو پاک کرتا ہی اللہ

بِکُلِّ عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِنْهُ مِنَ النَّارِ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ
اُسکے ہر عضو کے بدلے آزاد کرنیوالے کے عضو کو آگ سے متفق علیہ
وَلِلتِّرْمِذِیِّ وَصَحَّحَہُ عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ وَاَیُّمَا امْرِءٍ
اور واسطے ترمذی کے اور صحیح کہا اسکو ابی امامہ سے اور جو مرد
مُسْلِمٍ اَعْتَقَ امْرَاَتَیْنِ مُسْلِمَتَیْنِ کَانَتَا فِکَاکَہٗ
مسلمان آزاد کرے دو عورتیں مسلمان ہونگی وے دونوں بدلا کرنیوالی
مِنَ النَّارِ * وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ قَالَ
اُسکی آگ سے * اور روایت ہی ابی ذر رضی اللہ عنہ سے کہا
سَئَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ
پوچھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کون عمل افضل ہی
قَالَ اِیْمَانٌ بِاللہِ وَجِہَادٌ فِیْ سَبِیْلِہٖ قُلْتُ فَاَیُّ
فرمایا ایمان لانا اللہ پر اور جہاد کرنا اُسکی راہ میں کہا میں نے پھر کون سی
الرِّقَابِ اَفْضَلُ قَالَ اَعْلَاھَا ثَمَنًا وَاَنْفَسُہَا عِنْدَ
گردن آزاد کرنی افضل ہی فرمایا جسکی قیمت زیادہ اور نفیس زیادہ
اَھْلِہَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ * وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللہُ عَنْہُمَا
اپنے مالک پاس متفق علیہ ہی • اور روایت ہی عمر رضی اللہ عنہما سے
قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعْتَقَ شِرْکًا
کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو آزاد کرے حصّہ کو اپنے کسی غلام

اعتق عبد وكان له مال يبلغ ثمن العبد قوم

منین ... اور ہوے اُسکے پاس مال کہ پہنچتا ہو قیمت کو غلام کی قیمت کی جائے

قیمة عدل فاعطي شركاؤه حصصهم وعتق عليه

مناسب قیمت پھر دیئے جاویں اُسکے شریکوں کو اُنکے حصے اور آزاد ہوگا

العبد والا فقد عتق منه ما عتق متفق عليه ولهما

اُسپر غلام اور اگر نہیں تو آزاد ہوا اُس سے جتنا آزاد کیا متفق علیہ ہی اور اُنکے لئے

عن ابي هريرة رضي الله عنه والا قوم عليه واستسعي

روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور نہیں تو قیمت کیا جاویگا غلام اُسپر اور کام لیا جا

غير مشقوق عليه وقيل ان السعاية مدرجة في

محنت نہ دی جایگی اُسپر اور کسی نے کہا کہ کام داخل ہی

الخبر. وعن ابي هريرة رضي الله عنه قال قال

حدیث میں • اور روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يجزي ولد والده

پیغمبر خدا نے رحمت اللہ کی اُنپر اور سلام جزا نہیں دیتا ہی لڑکا اپنے باپ کو

الا ان يجد مملوكا فيعتقه رواه مسلم • وعن

مگر یہہ کہ پاوے غلام پھر آزاد کرے اُسکو روایت کیا اُسکو مسلم نے • اور

سمرة رضي الله عنه ان النبي صلى الله عليه وسلم قال

روایت ہی سمرہ رضی اللہ عنہ سے کہ حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ رَوَاهُ أَحْمَدُ

جو مالک ہو اقرابت والے محرم کا سو وہ آزاد ہی روایت کیا اُسکو احمد اور

وَالْأَرْبَعَةُ وَرَجَّحَ جَمْعٌ مِنَ الْحُفَّاظِ أَنَّهُ مَوْقُوفٌ •

چاروں نے اور ترجیح دی ایک جماعت حفاظ نے موقوف ہونے کو اُسکے •

وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَجُلًا

اور روایت ہی عمران ابن حصین رضی اللہ عنہما سے کہ ایک مرد نے

أَعْتَقَ سِتَّةَ مَمْلُوكِينَ لَهُ عِنْدَ مَوْتِهِ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ

آزاد کئے اپنے چھہ غلام اپنی موت کے قریب نہ تھا اُسکے پاس اور مال

غَيْرُهُمْ فَدَعَا بِهِمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اُنکے سوا سو بلایا اُنکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر بانٹا اُنکو

فَجَزَّأَهُمْ ثَلَاثًا ثُمَّ أَقْرَعَ بَيْنَهُمْ فَأَعْتَقَ اثْنَيْنِ وَأَرَقَّ

تین جگہہ پھر قرعہ ڈالا اُنمیں پھر حکم آزادی کا دیا دو کے اور غلام رہنے کا

أَرْبَعَةً وَقَالَ لَهُ قَوْلًا شَدِيدًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ • وَعَنْ

چار کے اور فرمائیں اُسکو سخت باتیں روایت کیا اُسکو مسلم نے • اور

سَفِينَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ كُنْتُ مَمْلُوكًا لِأُمِّ سَلَمَةَ

روایت ہی سفینہ رضی اللہ عنہ سے کہا تھا میں غلام ام سلمہ کا

فَقَالَتْ أُعْتِقُكَ وَأَشْتَرِطُ عَلَيْكَ أَنْ تَخْدِمَ رَسُولَ

سو بولی آزاد کرتی ہون تجھکو اور شرط کرتی ہون تجھپر کہ خدمت کرے پیغمبر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما عشت رواہ احمد وابو داؤد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب جیوں روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد

والنسائی والحاکم * وعن عائشۃ رضی اللہ

اور نسائی اور حاکم نے * اور روایت ہی عائشہ رضی اللہ

عنہا ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال انما الولاء

عنہا سے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بس ولایت اسکو ہی

لمن اعتق متفق علیہ فی حدیث * وعن ابن عمر

جسنے آزاد کیا متفق علیہ ہی ایک حدیث میں * اور روایت ہی ابن عمر

رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

رضی اللہ عنہما سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

الولاء لحمۃ کلحمۃ النسب لا یباع ولا یوھب رواہ

پیوستگی ولایت کی جیسے خویشی نسب کی نہیں بیع کی جاتی اور نہ بخشی جاتی روایت کیا

الشافعی وصححہ ابن حبان والحاکم وصلہ فی

اسکو شافعی نے اور صحیح کہا اسکو ابن حبان اور حاکم نے وصل کو اسکے

الصحیحین بغیر ھذا اللفظ باب المدبر

مسلم اور بخاری میں بدون اس لفظ کے * باب آزاد کرنے کا لونڈی غلام کو

والمکاتب وام الولد * عن جابر رضی اللہ عنہ ان

نے اور روپیا ادا کرنے کے بعد اور لڑکے کی ماکا * جابر رضی اللہ عنہ سے کہ

رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ أَعْتَقَ غُلَاماً لَهُ عَنْ دُبُرٍ لَمْ يَكُنْ
ایک مرد نے انصار میں سے آزاد کیا غلام کو اپنے بعد مرنے کی شرط پر نہ تھا
لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ساتھ مال سوا اُسکے پھر پہنچی یہ خبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو
فَقَالَ مَنْ يَشْتَرِيهِ مِنِّي فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ ابْنُ عَبْدِ اللهِ
سو فرمایا کون خرید تاہی اُسکو مجھسے سو خریدا اُسکو نعیم ابن عبد اللہ نے
بِثَمَانِ مِائَةِ دِرْهَمٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي لَفْظٍ لِلْبُخَارِيِّ
آٹھ سو درہم کو متفق علیہ ہی اور ایک لفظ واسطے بخاری کے
فَاحْتَاجَ وَفِي رِوَايَةٍ لِلنَّسَائِيِّ وَكَانَ عَلَيْهِ دَيْنٌ
پھر محتاج ہو گیا اور ایک روایت میں نسائی کی اور تھا اُسپر قرض
فَبَاعَهُ بِثَمَانِ مِائَةِ دِرْهَمٍ فَأَعْطَاهُ وَقَالَ اقْضِ
سو بیچا اُسکو آٹھ سو درہم پر پھر دیا اُسکو اور فرمایا ادا کر
دَيْنَكَ. وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ
دین اپنا اور روایت ہی عمرو بن شعیب سے نقل کی اُسنے باپ سے اپنے اُسنے دادا سے
عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُكَاتَبُ عَبْدٌ مَا بَقِيَ
اُسکے اُسنے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا مکاتب غلام ہی جبتک باقی رہے
عَلَيْهِ مِنْ مُكَاتَبَتِهِ دِرْهَمٌ أَخْرَجَهُ أَبُو دَاوُدَ بِإِسْنَادٍ
اُسپر لکھے متن سے ایک درہم نکالا اُسکو ابو داؤد نے اسناد

وَاَصْلُهُ عِنْدَ اَحْمَدَ وَالثَّلَاثَةِ وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ

اور اصل اسکی نزدیک احمد کے اور تینوں کے اور صحیح کہا اسکو حاکم نے

وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ

اور روایت ہی ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہا فرمایا پیغمبر

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ لِاِحْدَاكُنَّ مُكَاتَبٌ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہو کسی کے پاس تم میں مکاتب

وَكَانَ عِنْدَهُ مَا يُؤَدِّيْ فَلْتَحْتَجِبْ مِنْهُ رَوَاهُ

ہو اسکے پاس وہ چیز جسسے ادا کرے کتابت تو چاہئے کہ چھپاوے اُسسے روایت کیا اُسکو

اَحْمَدُ وَالْاَرْبَعَةُ وَصَحَّحَهُ التِّرْمِذِيُّ * وَعَنِ ابْنِ

احمد اور چاروں نے اور صحیح کہا اسکو ترمذی نے * اور روایت ہی ابن

عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عباس رضی اللہ عنہما سے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

يُوْدِيْ الْمُكَاتَبُ بِقَدْرِ مَا عَتَقَ مِنْهُ دِيَةَ الْحُرِّ وَبِقَدْرِ

دیا جاویگا مکاتب موافق آزاد ہونے اسکے دیت حر کی اور موافق

مَارَقَّ مِنْهُ دِيَةَ الْعَبْدِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ

رقیق رہا اُسکے دیت غلام کی * روایت کیا اُسکو احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے

عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اَخِيْ جُوَيْرِيَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور روایت ہی عمرو ابن حارث اخی جویریہ ام المومنین

رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالىٰ عَنْهَا قَالَ مَا تَرَكَ رَسُوْلُ
رضی اللہ تعالی عنہا سے کہا نہیں چھوڑا رسول
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ مَوْتِهٖ دِرْهَمًا وَلَا دِيْنَارًا وَلَا عَبْدًا
صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے موت کے قریب درہم اور دینار اور غلام
وَلَا اَمَةً وَلَا شَيْئًا اِلَّا بَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ وَسِلَاحَهٗ وَاَرْضًا
اور نہ لونڈی اور نہ کچھ مگر اپنی خچری سفید اور ہتھیار اپنے اور زمین
جَعَلَهَا صَدَقَةً رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ * وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ
کہ کیا اُسے صدقہ روایت کیا اُسکو بخاری نے * اور روایت ہے
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ
اَيُّمَا اَمَةٍ وَلَدَتْ مِنْ سَيِّدِهَا فَهِيَ حُرَّةٌ بَعْدَ مَوْتِهٖ
وسلم نے جو لونڈی جنی لڑکا اپنے آقا سے سو وہ آزاد ہی اُسکے مرنے بعد
اَخْرَجَهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْحَاكِمُ بِاِسْنَادٍ ضَعِيْفٍ وَرَجَّحَ
نکالا اُسکو ابن ماجہ اور حاکم نے اسناد ضعیف سے اور ترجیح دیا
جَمَاعَةٌ وَقْفَهٗ عَلٰى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ * وَعَنْ
جماعت نے وقف کو اُسکے عمر رضی اللہ عنہ پر * اور روایت ہے
سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ
سہل ابن حنیف رضی اللہ عنہ سے کہ مقرر نبی

لونڈی کا کرنا آزاد اور آزاد ہونا اور اولاد

اللہ علیہ وسلم قال من اعان مجاهدا في سبيل
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے اعانت کی مجاہد کی بیچ سبیل اللہ
الله او غارما في عسرته او مكاتبا في رقبته اظله
کی یا قرضدار کی اُسکی عسرت میں یا مکاتب کی گردن آزاد ہونے میں سایہ دیگا اُسے
الله يوم لا ظل الا ظله رواه احمد وصححه الحاكم
اللہ اُس دن کہ سایہ نہوگا مگر اُسیکا روایت کیا اُسکو احمد نے اور صحیح کہا اُسکو حاکم نے

كتاب الجامع ، باب الادب ، عن ابي
کتاب جمع کرنے والی ہر قسم کے باب کی ، باب ادب کا ، روایت ہی
هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه
ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم حق المسلم على المسلم ست اذا لقيته
وسلم نے حق مسلمان کا مسلمان پر چھ ہی جب ملاقات کرے تو اُسے
فسلم عليه واذا دعاك فاجبه واذا استنصحك
سلام کر اُسے اور جب دعوت کرے تیری تو قبول کر اور جب نصیحت چاہے تجھ سے
فانصحه واذا عطس فحمد الله فشمته واذا مرض
تو نصیحت کر اُسے اور جب چھینکے اور الحمد للہ کہے تو یرحمک اللہ کہہ اور جب
فعده واذا مات فاتبعه رواه مسلم ، وعن ابي
بیمار ہو تو عیادت کر اُسکی اور جب مرجائے تو جا جنازے کے ساتھ روایت کیا اُسکو مسلم نے اور

هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ اُنْظُرُوْا اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْكُمْ وَلَا تَنْظُرُوْا

وسلم نے دھیان کرو اپنے سے نیچے کی طرف اور نہ دیکھو

اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ فَهُوَ اَجْدَرُ اَنْ لَا تَزْدَرُوْا

